چَڑھ تُرنگ بھاٹ دَوراوا   لورک جائی جرا پھَر پاوا

بھاٹ نے گھوڑے پر چڑھکر اُسے دوڑایا   جاکر لورک کو جوئے کے پھڑ پر پایا

کھواں بھاٹ گھور دَور ائیہَہ   کاکر پٹھئے تُمہہ آئیہَہ

(لورک نے کہا) بھاٹ کہاں گھوڑا دوڑا رہے ہو   کس کے بھیجے ہوئے تم آئے ہو

لور مہر تُمہنہ بیگ ہُنکارے   کنورو ' دھنورو بانٹھیں مارے

لورک تم کو مہر نے فوراً بلایا ہے   بانٹھا نے کنورو دھنورو کو مار دیا ہے

چاند گوورہ لاگ گوہاری   لئی آب چاند ' ہوی آندھیاری

اعلان ہوا ہے کہ گوور کو جلادینگے   چاند کو لیجائینگے ' یہاں اندھیرا ہو جائیگا

اُٹھا لورسُن نانکھا پر لَے، مہر بَھیا اَوسان

لورک یہ سنکر اٹھا کر قیامت ڈال رکھی ہے، مہر پریشان ہے

آج بانٹھ رَن مارَوں، دیکھوں رای پَران

آج میں لڑائی میں بانٹھا کو مار دونگا، راجا (روپچند) کا حوصلہ دیکھو نگا

۱۰۵۔ دَرون ِخانہ رفتنِ لورک و مستعد شدن بر جنگ ۔

گھر گا لورک ڈانگ سَنبھاری — اَوڈَن کھانڈ لینہ پَٹ تاری

لورک گھر میں گیا، اُس نے ڈانگ سنبھال لی — اُس نے اوڈن اور کھانڈا لیا، اُنھیں آزما کر دیکھا

باندھ رگاوَل کَس سر پاگا — پہریس سار تار کر آنگا

رگاوَلی باندھ لی، سر پر پگڑی کس لی — لوہے کے تاروں کا لباس پہن لیا

دَھن سہری کر کھینچ بَندھاوا — پیٹ روگات سناہُ مَنڈھاوا

ہاتھوں میں دھنسہری کھینچ کر بندھوالی — پیٹ اور جسم کو بھی منڈھ لیا

ٹاٹَر چھتہ جُن لینہ اُچائی — لورک موتڈ دینہ اَوندھائی

چار جنوں نے ٹٹر کو اٹھا لیا — لورک کے سر پر اوندھا کردیا

سارنگ ایک جگت کر چَڑھا — جُنُ اَرجُن کِہنہ راوَن گڑھا

ہاتھوں میں سینگوں کا دھنک چڑھا لیا — گویا ارجن کے لیے راون (محبوب) گڑھا گیا تھا

پھَرسا، کُنت، کٹاری لینہہ، باندھ چَلا تَروار

پھرسا، کُنت، کٹاری لیکر، تلوار باندھکر چلدیا

رَکت پیاس کھانڈ لورکر دَورا جیبھ پَسار

لورک کا کھانڈا خون کا پیاسا تھا، زبان نکال کر دوڑ پڑا

۱۰۶۔

کھولن لورہِ چَلن نہ دیئی — اُبہر راو کَن چاندا لیئی

لورک کی ماں کھولن چلنے نہیں دیتی تھی — راجا (روپچند) چاندا کو ابھی کیوں نہیں لے لیتا

عہ ۔ مانچسٹر بھوپال میں: آمدن لورک در خانہ و ساختہ شدن برائے جنگ و پوسیدنِ اسلحہ و بستنِ اسلحہ ۱۰۶ (صرف یکا زیرا)

مَیں کا اُکر جیو رَکھاوا — جو بجھے کو کس مہر بُلاوا

میں کیا اس کی جان کی محافظ ہوں — کہ تم کو مہر نے لڑنے کے لیے بلا لیا ہے

گاوَجّ باٹیہہ جیو رَکھا ہیں — تے کس آج نہ جھو جھیں جاہیں

گاوں جو بانٹتے ہیں، وہی جان بچاتے ہیں — وہ آج کیوں لڑنے نہیں جاتے ہیں

جیو گھر بات جیو دَھن مورا — باروتہ دیکھین دیہوں تورا

تیری جان ہی میرے گھر کی دولت ہے — میں تیرا بال بھی کسی کو نہ دیکھنے دونگی

تجھ کچھ ہوی تو ہوں کوں جیو و — کاہو کھائی، کیں پانی پیود

تجھ کو کچھ ہو گیا تو میری زندگی کیسے ہوگی — کس طرح کھاونگی، کیسے پانی پیونگی

گاڑھ کاج مَریں کر، کیسیں جیو لُکاوُ

(لورک بولا) یہ مشکل کا، مرنے کا وقت ہے، اپنی جان کیسے چھپا لوں

ماتا دیہہ اَسیس مجھ، مار بانٹھا گھر آوُ

اے ماں مجھے دعا دو، بانٹھا کو مار کر گھر آؤنگا

۱۰۷۔ آمدنِ مینا پیشِ لورک و گریہ آغاز کردنِ او ۔

آگیں آی ٹھاڈھ دَھن مینا ں — نیر سمند جَس اُلتھیٔ نَیناں

آگے آکر میناں عورت کھڑی ہوگی — سمندر کے پانی کی طرح آنکھیں بھری ہوئی تھیں

چوئی چوئی بوند پَرہیہ تھَنہارا — جَن ٹوٹہنہ گَج موتہہ ہارا

پستانوں پر آنسو کی بوندیں ٹپک رہی تھیں — گویا بڑے موتیوں کے ہار ٹوٹ پڑے ہوں

جو تُم ہَئی جھو جھے کے سادھا — موہنہ تو مار کرہٗ دوئی آدھا

اگر جنگ میں جانا طے کر چکے ہو — تو مجھ کو تم مار کر دو ٹکڑے کردو

تو پچھیں اُٹھ جھو جھئی جائیہہ — مور اَسیس جیت گھر آئیہہ

اس کے بعد اٹھکر لڑنے کے لیے جانا — میری دعا ہے جیت کر گھر واپس آنا

جاکر نارِ سو جھو جھنہہ نہ جائی — باوَن رسکھنڈِ رَہا لُکائی

جس کی عورت ہے وہ لڑنے نہ گیا — باون زنخا چھپ کر بیٹھ رہا ہے

دیہہ اُسیس دوؤ جَن، مارِ بانٹھ گھر آووں

(لورک بولا) تم دونوں جنے مجھ کو دعا دو، بانٹھا کو مار کر میں گھر آؤنگا

سونہہ پَیَر کراو مَینا، موتنہہ مانگ بھراووں

اے مینا سونے کی پایل بنواؤنگا، موتیوں سے مانگ بھروا دونگا

۱۰۸۔

ماتا پُہُر دین اُسیسا   جیوَہُ لورک برکوٹ بریسا

پھر ماں نے اُس کو دعا دی   اے لورک تم بہت برسوں تک زندہ رہو

کرتا دِوَوا ایس پَروانا   اَرجن، بِھیو، بھوج بَر جانا

خدا تم کو ایسی قوت عطا کرے   اَرجن، بھیم، بھوج کا مقابل ہو

کھانڈ جیت سَتراہِ سرسالو   تُمہہ سُمرے بِہ ہوی دُھر پالو

جتنے بھی دشمن ہیں تلوار سب کے سر کاٹ دے   تمھاری مدد سے زمین کی پرداخت ہو

جَس رامہہ باندِھیو سرسیتو   سَتُر راہ مرکیا کُر کھیتو

رام کی طرح سروں کا پُل باندھ دو   دشمن کو مار کر ان سب کا کھیت کر دو

نین نیر بھر اُنچرہ پَسارا   بولیا بَچَن جَنَنِ دَھن بارا

آنکھوں میں آنسو بھر کر آنچل پھیلا دیا   ماں نے یہ لفظ کہے اے بچے تو مبارک ہے

اَمر و سَبَد کے راکھا، تُمھرے سرجَن بارو

تمھاری بات کو زندۂ جاوید رکھے، دنیا کا بنانے والا

جیت بَرو دیھہ بھیم اَرجن گوہ تُس تُمہہ دِہوں کرتارو

جیسی بھیم، اَرجن کو قوت دی، ویسی ہی خالق تمھیں بھی دے

۱۰۹۔ رفتنِ[1] لورک در خانۂ اَجَیئ[2] و بہانۂ مرض کردنِ او۔

۱۰۸۔ صرف بیکانیر میں: مانچسٹر میں صرف اِس کی تصویر ہے۔

[1]۔ مانچسٹر۔ بھوپال میں: راضی شدنِ کھولن و اجازت دادنِ مینان، وداع کردنِ لورک — لیکن یہ مناسب مقام نہیں۔

[2]۔ اَجَیئ = لورک کا گرو۔ یہ بات بند ۱۱۰ سے بھی ظاہر ہے۔

جَئیں اُسیس دیت تُس پائیہہ   لورک رار جیت گھر آئیہہ

جیسی چاہیے تھی ویسی دعا اُس نے پائی   لورک جنگ جیت کر گھر آتا

لورک گا اَجَیئ کے بارا   بھیتر ہُتیں جو آئی ہُنکارا

لورک اَجَیئ کے دروازے پر پہنچا   آواز آئی کہ اندر موجود ہیں

پہلیہہ اَجَیئ دوکھ آیاوا   مِس کئی پَرگا، دانت کنپاوا

اَجَیئ نے پہلے ہی تکلیف پیدا کر لی تھی   بہانا کر کے پڑ گیا، دانت کانپ رہے تھے

گھات کاٹ گھاس گیرو بَھری   پھری لئی پوندی تَر دَھری

خود زخم لگا کر، گھِسا ہوا گیرو بھر لیا تھا   کپڑا لیکر زخم کے نیچے رکھ لیا تھا

آنگ موند اَس کَرَئی پکارا   کَون مینچ دینھیں کرتارا

جسم کو ڈھک کر یہ آواز لگا رہا تھا   خالق نے مجھے کیسی موت دی ہے

لاج لاگ مہریں مُنہہ، اَبھیں راو کہہ آو

میرے مُنہ کو شرم لگ گئی ہے، ابھی راجا کہیگا کہ آؤ

کھانڈئیں مینچ نہ پائیں، دَئی بَھل پچھتاو

تلوار کی موت نہیں پائی ہے، اے مالک بہت پچھتاوا ہے

۱۱۰۔ نمودنِ لورک را اَجَیئ طریقِ جنگ۔

اَجَیئ گُر پَر کَئی بَتلاؤں   اَہُئی بہت، تُمہہ سیوں سِدّھ پاؤں

اَجَیئ گرو، تم پڑے ہوئے ہی بتلا دو   یہی بہت ہے، میں تمھاری خدمت میں کامیابی پاؤں

جَئیں لورک تہیا سِدّھ دینھی   ہاتھ پھری[1] تُمہہ جہیاں لینھی

میں نے اے لورک اُسی وقت اجازت دیدی تھی   جب تم نے اپنے ہاتھ میں پھری سنبھالی تھی

اب بُدھ دیوں سُنس توں موری   اوڈن[2] دیہہ نہ دیکھئی توری

اب میں عقل دیتا ہوں، تم میری سنو   اوڈن اِس طرح ہو کہ تمھارا جسم نظر نہ آئے

۱۱۰۔ مانچسٹر۔ بھوپال میں: وداع کردنِ لورک مر اَجَیئ راو ہنرہا ے جنگ آموختنِ اَجَیئ مر لورک را۔

[1] پھری = چمڑے کی ڈھال۔   [2]۔ اَوڈن = کھینچنے کی رسّی، کمند۔

باٹ جور دھر پاو اُچائیھہ   بانہہ لکای کھرگ چمکائیھہ

باٹ جوڑ کر زمین سے قدم اٹھانا   بانہوں کو چھپا کر، تلوار کو چمکانا

پاٹ گہت جن بھولئی دیٹھی   پاونہ دکھیئی اُکھڑ ہنہ پیٹھی

پاٹ پکڑتے وقت نگاہ نہ چوکے   اُکھڑی ہوی پیٹھ کے ساتھ دشمن نہ دیکھ سکے

گھال اُکھاریں کھیدس، سانس بھرے جو جائی

بھری ہوی سانس کے ساتھ، اکھاڑے میں اگر تم دشمن کو دوڑاؤ گے

دیہہ پھر ہرا، مارس جیسیں پر اُرڑائی

اور پھر ہرا دیکر، جیسے ہی مارو گے، وہ اُڑا کر گر پڑیگا

۱۱۱۔ رفتنِ لورک بر مہر و برگ دہانیدنِ مہر لورک را۔

پہلیں جای مہر اُرگائیھہ   تو پاچھیں تُمہ جھجھئیں جائیھہ

(اجئی نے کہا) پہلے جاکر مہر کی ملازمت کرنا   اس کے بعد تم لڑای کے لیئے جانا

لورک جائی مہر اُر گاوا   پیگ بیس چل آگیں آوا

لورک نے جاکر مہر کی ملازمت اختیار کی   (مہر) بیس قدم چل کر آگے آیا

اب لہہ لورہنہ بھئے بر جائی   سگرئیں ہوی کیں دیکھوں آئی

(کہا) اب تو لورک ہی مقابل ہو سکتا ہے   میں نے یہاں آکر سب ہی کو دیکھ لیا ہے

لورک سورو بھئس توں مورا   ماردو بانٹھ ٹمکہ دیکھوں تورا

اے لورک تم ہی میرے سورما رہ گیے ہو   بانٹھا کو ماردو، میں تمھارا منتظر ہوں

ہوں تمھیں ہنتیں تیر جو پاؤں   آدھے گووَرِ راج کراؤں

میں تمھارے ذریعے سے اگر کنارہ پا جاوں   تو آدھے گوور پر تمھارا راج کرا دونگا

تین پان کر بیرا مہر ئیں، لورہِ دینھ ہنکار

تین پانوں کا بیڑا مہر نے منگا کر لورک کو عطا کیا

گھور دیوں سیوں اُکھر پاکھر جو آدوہُ رَن مار

میں اُکھر پاکھر سے تمھیں گھوڑا سجا کر دیتا ہوں کہ تم رن مار کر آؤ

۱۱۲۔ رواں کردنِ لورک با یارانِ خود در میدانِ جنگ۔

چلا لورک لئی آپن ساتھی   جھواں پکھرے مَیمنت ہاتھی

لورک اپنے ساتھیوں کو لیکر چلا   جہاں جھول پہنے مست ہاتھی موجود تھے

لوہ ندی جنُ دئی مُبڈ کاے   تاروں تَرواں لئی اُنھواے

گویا وہ لوہے کی ندی میں ڈوبے ہوے تھے   تالو سے تلوے تک اُسی میں نہلاے ہوے تھے

جھرکِ لوہ جنُ آدنل[1] بھانوں   دَر ہِہتہ دوسَر سوجھ نہ آنوں

وہ لوہا ایسا جھلکتا تھا جیسے نکلتا سورج   فوج میں دوسری کوی چیز نظر نہ آتی تھی

دیکھ بانٹھ راجا پہنہ دھاوا   چاند گوہار سورج چلِ آوا

یہ دیکھکر بانٹھا راجا کے پاس دوڑ آیا   چاند کی پکار سنکر سورج چلکر آگیا ہے

اُٹھا جھار دَر، رہی نہ جائی   ہاتھ گھور سب چلے پرائی

فوج میں آگ بھڑکی اب رہا نہ جائیگا   ہاتھی گھوڑے سب بھاگ چلے ہیں

جھوجھہ بانٹھ تَیں جیتَب، اب کوی چھند لائی

(روپچند نے کہا) اے بانٹھا جنگ کر، تو جیتیگا کوی لمحہ اور لگیگا

سور بیر تَیئں مارب تو ہنہ بچہنہ ایک نہ جائی

اِس بہادر پہلوان کو تو ماریگا، تجھ سے بچکر پھر ایک بھی نہ جائیگا

۱۱۳۔ صفتِ مستعدی فوجِ لورک۔

نِسرت لور، سبئیں نیسرے   ایک ایک جَن پَرکھنہ آگرے[2]

لورک کے نکلتے ہی سب نکل پڑے   گویا ایک سے پہلے ایک اُس کا منتظر تھا

لوکہنہ کھڑک، دا ہنہ لئی پھرے   باندھے پاٹ جورے دھردھرے

تلوار چمکتی تھیں، بہادر دان لینے آے تھے   وہ پاٹ باندھے ہوے دھڑدھڑا رہے تھے

جھلکہنہ اودَن تانبے تری   باندھے پنوری لوہیں جری

گھوڑوں پر اُن کی ڈھالوں کا تانبا چمکتا تھا   وہ لوہے کی مضبوط پنواری باندھے ہوے تھے

---

[1] اُدیڑیں = اُگنا، نکلنا۔   [2] اُگڑا (مرہٹی) الگ، زیادہ۔

پٹور سار تار کئی بھئی   بھئی اُتیہ بجر کئی مئی

وہ پٹواریں لوہے کے تار کی بنی تھیں   اِس لیے وہ پتھر سے بھی مضبوط ہوگئی تھیں

سینہ سندور دَریریں دَھرے   بھاگہنہ دیکھ گھور پاکھرے

سندور کی دھاریاں لگائے وہ شیر تھے   اُنھیں دیکھ کر جنگی گھوڑے بھاگتے تھے

نیریں نیرا پایک چڈھا سہنس بر راو

پایک قریب قریب تھے، راجا ہر نے ہزار قوت سے چڑھائی کی

اُچل چلائین، نَ بچلیں رہے، روپ دَھر پاو

چلنے کے لیے بیقرار، جنگ سے بیخطر، میدان میں قدم رکھدیا

۱۱۴۔ صفتِ تیر اندازان گوید۔

تہنہ تربیس گئے دَھنکارا   جیہنہ پنتھ پولت نہیں اُبارا

اتنے میں گھوڑوں پر کماندار بیٹھ گیے   جس راستے پر قدم رکھتے، بچانا ممکن تھا

ساج بڈواتس کئی کڈھے   دیت ٹکورا گھرہنہ چڈھے

سجائے ہوئے گھوڑے اُسی طرح نکل پڑے   ایڑ دیکر، وہ گھوڑوں پر سوار تھے

اُبرئیں رنر تہنہ سنکری موٹھہنہ   پینچ گھرے سر ترین لیہ ٹھہنہ

اپنی مٹھیوں میں وہ بہادر زنجیر لیے تھے   گھوڑوں پر سوار، سر اٹھائے تیار تھے

بان سارکئی آنگ اُچائے   پانکھہنہ گرورکاٹ رُچ لائے

کمان لیے، جسم اُٹھائے وہ ایسے تھے گویا   گرور کے پر کاٹ کر سلیقے سے لگایا ہو

دَیئی پھونک سر مونٹھ سنبھارہنہ   بولتہ بول مانجھ مُکھ مارہنہ

تیروں کے پر سر سے لگائے مٹھی میں سنبھالے تھے   بولنے کی آواز پر منہ میں تیر مارتے تھے

جنتر لکھوریں کاڈھے ہنت داب ہنکارا

لکھوری ہتھیار نکالے، رعب سے آواز لگا رہے تھے

بھر بھر بجا تھا باندھے، ترنہہ پَہنہ کہاں اُبار

ترکش بھر بھر کر باندھ رکھے تھے، اُن سے بچنا کہاں ممکن تھا

۱۱۴ تا ۱۱۷ پرمیشوری میں یہ بند بہتر ۱۱۸ کے بعد ہیں۔

۱۱۵۔ صفتِ رتھ جنگی گوید۔

ساجے سَر رتھ بنا نہہ گڈھے   سو سو دھانک ایک ایک چڈھے

صناعوں نے بنا کر عمدہ رتھ سجائے تھے   ایک ایک پر سو سو کماندار سوار تھے

ڈھوکے آئے آئیں تیہہ کھنیں   تین چار سے اُو بھے کنیں

اُسی وقت لائے گیے کہ حملہ آور ہوں   وہ قریب قریب تین چار سو کھڑے ہوگیے

جوین بیس کر لائی چلاوَہنہ   کھن اِک مانجھ بہُر تہنہ آوَہنہ

جوت کر، بیٹھ کر، اُن کو چلاتے ہوے لائے   ایک پل میں وہاں بہت سے آگیے

کھٹور کھٹور کئی رَن مُنہہ دَھرے   جنُ بوہتھ[۱] سایَر مُنہہ پرے

جگہ جگہ میدانِ جنگ میں وہ کھڑے ہیں   گویا سمندر میں جہاز پڑے ہوے ہیں

رَتھ کَ اَرتھ جھوجھ کہنہ کینھال   پَر دَر مُکھ لئی کھونٹا دیھال

رتھوں کو لڑائی کے مطلب سے بنایا گیا ہے   کہ غیر کی فوج کے منہ میں کھونٹا دیدیا جاے

دیکھ جُھجھاری رائی کے گَر دَھر رہے تنوائی

راجا کے جنگجو سپاہیوں کو دیکھ کر بہادروں کو پسینہ آگیا

پھوٹ چلے رائی اَو راوت، بوڈ لوک مو آئی

(دشمن کے) راے اور سپاہی پھوٹ گیے، زمانہ غرق ہونے لگا

۱۱۶۔ صفتِ فیلان مہر۔

گج گونے دَرسانسو بھیو   باسک ناس پتار ہنہ گیو

ہاتھی کے چلنے سے (دشمن کی) فوج حیبت میں آگئی   باسک بھاگ کر پاتال میں چلا گیا

جھکرت اِندراس ڈَر ہوئی   کانپہہ پاوَ نھ، انگوئی[۲] گوئی[۳]

چنگھاڑ سے اِندر لوک میں ڈر پھیل گیا   قدم لرزتے ہیں، مرگی آجاتی ہے

چڈھے مہاوَت کَسیں اَنباری   دانت پتر مَڈھ سونڈ سنگاری

عماری کسکر مہابت اُن پر چڑھ بیٹھے   دانت پر پیتل چڑھاکر سونڈ آراستہ کی تھی

[۱]۔ بوہت = جہاز   [۲]۔ انگوئی = مرگی   [۳]۔ گوَ (مراٹھی) = پکڑ، گرفت۔

جو تہنہ مہاوت آنکس گہئیں   بن کُنجریں[1] دَر راکھ نہ رَہئیں
جب مہابت جوتتے اور آنکس پکڑتے تھے   بغیر آنکس کے وہ فوج میں روکے نہیں رکتے تھے
ساوَن میگھ اَو نَئی جَن رہے   پکھرے گیتور[2] پَر کھِہنہ چڈھے
معلوم ہوتا تھا کہ ساون کے بادل آگیے ہیں   وہ پالتو ہاتھی دشمن پر چڑھے جاتے تھے

بجر ہانتھ گھن پسرے، پَری چھانہہ رَن آئی
ماتھے پر فولاد کے توے چڑھے تھے، میدان میں سایہ پھیل گیا
اُٹھی کھیہہ دَر پودَر، سورج گیو لکائی
فوج اور پیدلوں سے اِتنی خاک اُٹھی کہ سورج چھپ گیا

۱۱۷ - صفتِ اسپانِ راو مہر۔

مہرئیں کاڈھ کیکان پلانے   دہِنہ دِس دَھرے لورِ پہنہ آنے
مہر نے گھوڑوں کو میدان سے نکالا   لورک کے پاس لاکر دونوں طرف رکھدیا
ہَنس، ہَانسلے، بھنور شہاے   جَنُ بگ گھن کاری مَنہہ آے
ہنس، ہانسلے، بھنورے سب زیبا تھے   گویا بادل کی سیاہی میں بگلے آگیے تھے
اُدِر، سُمند جھئیں پاو نہ دَھرہیں   ساوکرن جَس ناچت رَہئیں
اور اور سمند زمین پر قدم نہیں رکھتے تھے   اور سام کرن کی طرح ناچ رہے تھے
مہو ترنگ تین پا ٹھاڈھے   نیر ہَریاہ پکھرنہہ گاڈھے
مہوے گھوڑے تین پیروں پر کھڑے تھے   نیلے، ہریاہ گھوڑوں میں نمایاں تھے
بور، گرریا اَو سر راہا   دُہنہہ دِس روپ جوت تے آہا
بور، گرّیا اور سر راہ بھی تھے   دونوں طرف ان کی صورت کی روشنی تھی

پَون پای پَربت سَم دہیں، دیکھت راس اُڈانہہ
ہوا میں چلتے تھے گویا پہاڑوں پر چڑھتے ہوں، یہ چابک دیکھکر اُڑتے تھے

عـ۱ - کُنجرو (مرہٹی) ہاتھی۔   عـ۲ - گیَہ = ہاتھی۔

۱۱۷ - یہ بند نسخۂ پریمیشوری میں بند عـ۱ کے بعد ہے۔

نہِل دھاپ دَھر دھاوہِنہ تھاپے تھِر نہ رہانہہ
کئی دھاپ یہ رکتے رکتے دوڑ جاتے تھے، تھپتھپانے سے رکتے نہ تھے

۱۱۸ - صفتِ سوارانِ جنگی۔

کَس کَس چڈھے سنبہہ اُسوارا   جیت نہ دیکھوں جنہہ کر مارا
(زین) کس کس کر سب ہی سوار ہوگیے   ان کے مارے کو میں نے جیتے نہیں دیکھا
بِسہِنہ بجھاے، سانیں دَھرے   بیالگ سو سو ترکس بھرے
زہر میں بجھائے ہوئے، سان چڑھائے ہوئے   سو سو تیروں سے ترکش بھرے ہوئے تھے
کھرگ ہِنہ بسے بیج کئی گیا   رَکت پیاسی کَرہِ نہ مَیا
تلواروں میں بجلی مجسم سما گئی تھی   وہ خون کی پیاسی، رحم نہیں کرتی تھیں
بیر اَس رَن پکھرہنہ چڈھے   تارو تَروا لوہئیں جڑے
ایسے بہادر گھوڑ سوار جنگ میں آئے تھے   وہ تالو سے تلوے تک لوہے میں جڑے تھے
ٹاڑ، جھنجور آگیں کَسیں   جَھرکِہنہ لوگئیں سونئیں رَسیں
ٹاڑ اور جھنجور سامنے کسے ہوئے تھے   سونے میں بسے، جھلکتے، لپلپاتے تھے

جِنہ کیں ہاک پَرِہنہہ نَر، اَو گج لینہ ترَاس
جن کی ہانک پر مرد گر پڑتے ہیں، اور ہاتھی ڈر جاتے ہیں
مَرِہنہہ سِنہہ ہیئے ڈَر، شن گئی رَہے لو اس
شیر دل میں ڈر سے مرجاتے اور سنکر وہ اپنے تھان پر رہتے ہیں

۱۱۹ - صفتِ جانورانِ مُردار خوار۔

گِدھن نُوتا کُٹُب ہنکارا   آن رَسوی آگ پَر جارا
گدھوں نے خاندان کو نیوتا دیدیا   ہم نے کھانا بنایا اور آگ لگادی ہے
آج بانٹھ بستیں کھنڈ تارا   لورک پسائیں کَروں جیو نارا
آج بانٹھا سے قطعۂ زمین کو سیراب کیا ہے   لورک کی عنایت سے دسترخوان سجا ہے

---

۱۱۹ - مانچسٹر میں یہاں سرخی یہ ہے: "آمدن جمعیاران مردار خواران ہر از......"

توتا کال دیس کر آوا — چیلکنھ گے در مانڈو[1] چھاوا

جب اپنے دیس کا دعوت نامہ آیا — چیلوں نے فوج کے اوپر شامیانہ بنا دیا

سرگ اُڈَت وہ پھِر ہر کھینی[2] — گار کرور بھانت رس بھینی

آسمان میں وہ پتنگوں کی طرح اُڑ رہی تھیں — کروروں طرح کی مزیدار باتیں کر رہی تھیں

سُناں سیار پتار پکھ آوا — رَیَن پاس سب جات بولاوا

سیار نے سناکہ پتار پکھ آیا ہے تو — رات میں سب ذاتوں کو اُس نے بھی بلا لیا

گود مانس دھر تورب ' رکت بھرب لئی کنڈ

(اُنھوں نے کہا) گودا اور گوشت ہم توڑینگے 'خون سے حوض بھر لینگے

آٹھ مانس دھر جینوَت ' سات مانس لہہ مُنڈ

آٹھ مہینے دھڑوں کو کھائینگے ' سات مہینے تک سروں کو

۱۲۰۔ ہیبت خوردنِ روپچند و فرستادنِ بھٹ۔

چھوں دِس دیکھ راو درو آوا — رہا اَچل ہوی ' چَل نہ چلاوا

راجا (روپچند) نے دیکھا چاروں طرف سے فوج آرہی ہے — وہ بیچین ہوگیا کچھ چلائے نہ چلتی تھی

جو رے چلاؤ کہنہ جائیہ کہاں — کَون اُترو اب دیجئی تہاں

اگر وہ حملہ کرے تو ہم کہاں جائینگے — اپنے یہاں جاکر اب کیا جواب دینگے

اوچھے در ہم باجے آئی — اُیَن پور اب جای نہ جائی

چھوٹے سے لشکر سے ہم آکر بھڑ گیے — سامنے آکر اب جایا نہیں جا سکتا

کاہوں سوں منت کری نہ پارے — جیئن رے سُناں سو آگیں ہارے

کسی سے ہم نے مشورہ بھی نہ کیا تھا — جن کو سُنا تھا وہ پہلے ہی ہارے ہوے ہیں

رای بھاٹ کہنہ پٹھئے ' مہر کرہ اب کاؤ

راجا (روپچند) نے بھاٹ کو یہ کہکر بھیجا کہ اسے مہر اب کیا کروگے

علہ۔ مانڈو (ہندی منڈپ) شامیانہ۔ ع۲۔ کھینی = بسر کرتی تھی۔

۱۲۰۔ پرمیشوری میں یہ بند ع۱۱۳ کے بعد ہے۔

ایک ایک سنہہ جھو جھئیں دوسر نیئر نہ آؤ

ایک ایک سے مقابلہ کرلے ' دوسرا قریب نہ آسے

۱۲۱۔ بازگشتنِ بھٹ و جنگ کردنِ سینہ و کشتہ شدنِ او۔

بہرے بھاٹ دِوائی پاناں — مہر بول راجا کر ماناں

بھاٹ کو پان دلواکر واپس کیا — مہر نے راجا کی بات مان لی

بانٹھ جھنجھارو پھیری لئی آوا — پاچھیں پرے نہنہ جنہہ کر پاوا

اب بانٹھا سپاہیوں کو پھر لیکر آگیا — جن کے قدم پیچھے نہیں پڑتے تھے

سینہ سنگار بیر دُئی آئے — رائے مَیا کر پان دِوائے

سینہ اور سنگار دو بہادر آسے — مہربانی کرکے راجا نے اُن کو پان دلوائے

اُوڈَن سینہ جھکور[1] اوترا — ہلتہہ کھڑگ کھس دھرتی پرا

ڈھال کو جھلا کر سینہ میدان میں اُترا — تلوار ہلتے ہی پھسل کر زمین پر جا پڑی

چڑھت اَیں گُشگن اُس بھیئو — سینہ سنگار لوٹ رن گیئو

چڑھائی کے وقت ایسی بدشگونی ہوگیی — سینہ اور سنگار لڑائی سے واپس چلے گیے

سینہ لاگ رن برسئی ' کانپت اُٹھئی پتار

سینہ نے جب لڑائی میں ہتھیار چلائے ' پاتال بھی کانپ اُٹھا

سنہاں بھیو چیر کنورو کر ' کاٹس کھیدسیار

کنورو کا بیٹا سواں وہاں موجود ' اُس نے دوڑا کر اس گیدڑ کو کاٹ ڈالا

۱۲۲۔ جنگ کردنِ سنگار با (سواں)[2] و کشتہ شدنِ سنگار۔

دیکھ سنگار کوہ پَر جَرا[3] — باندھ پھر ہرا آگیں سرا

یہ دیکھ کر سنگار غصّہ میں جلنے لگا — جھنڈا باندھ کر وہ آگے آگیا

دور گیس سر کھانڈئی گھاؤ — ٹاٹر ٹوٹ ' کاڑھ گا پاؤ

دوڑ کر (کنورو کے بیٹے کے) سر پر تلوار کی چوٹ کی — اُس کا ٹاٹر ٹوٹ گیا ' ہتھیار نکل پڑے

ع۱ جھکور = ہلانا ' ع۲ اصل: یانٹھا   ع۳ پَر جَرّیں (مرہٹی) = تیز کرنا ' چمکانا ' ہتھیار اُٹھانا۔

دوسر کھانڈ لیس تت تاری پھری پھاٹ دھر گیئو آباری

فوراً اُس نے دوسرا کھانڈا سنبھال لیا اُس کی پھری شق ہوگئی لیکن دھڑ بچ گیا

داپ سنگار چیر تس مارا بچلا کھانڈ، ٹوٹ گیی دھارا

سنگار نے لڑکے پر تیسرا وار کیا کھانڈے پر پڑی، اُس کی دھار ٹوٹ گیی

پھن جدھر پان کر گہی بجر چوٹ سر چیریئیں سہی

پھر ہاتھوں میں اُس نے گرز سنبھالا لڑکے نے اُس کی فولادی چوٹ برداشت کی

بن ہتھیار بھاراوت ، پرگا تھاک سنگار

اب وہ بغیر ہتھیار کا سپاہی ہوگیا ، سنگار تھک کر گر گیا

ایک چوٹ دوی کیتس ، دھر سول پھاٹ کپار

(لڑکے تے) ایک چوٹ میں دو کر دیے ، دھڑ کے ساتھ سر بھی پھٹ گیا

۱۲۳۔ آمدنِ برمداس و دھرموں از طرفِ راو رو پچند و کشتہ شدنِ برمداس

برمداس دھرموں دُوئی آئے رائے مَیا کر پان دِوائے

برمداس اور دھرموں دونوں آئے راجا نے مہربانی کرکے پان دلوائے

آج سو دِن جا کہنہ پت پارے گاوں ٹھاوں کا پرمٹیں سارے

آج وہ دن ہے جس کے لیے تم پالے گیے تھے گاوں، زمین، خلعت سب میں نے دیے تھے

اوڈن چنور لاگ گھونگھرا برمداس پو آگیں دھرا

ڈھال اور چنور جس میں گھونگھر لگے تھے برمداس کے سامنے لاکر رکھ دیے

چھانڈ پھری دھانک کر گہا بان پھنک دھر بیچ ریئیں رہا

پھری چھوڑ کر ہاتھ میں کمان لے لی لڑکے نے تیر سے بچانے کے لیے ڈھال نکالی

برمداس تُمہنہ نیئر نہ آوہُ کون لابھ کہنہ جیو گنواوہُ

برمداس تم قریب نہ آنا کس فایدے کے لیے تم جان کھوؤگے

برمداس من کوپا ، کاٹ مونڈ لئی جاؤں

برمداس کے دل میں غصہ آیا ، کہا میں (تمھارا) سر کاٹ کر لے جاونگا

بجھتا بان نکرگا[1] ، برمداس پرا ٹھاوں

(اتنے میں لڑکے کا جان لیوا تیر نکل کر آگیا ، برمداس اُسی جگہ گر پڑا

۱۲۴۔ جنگ کردنِ دھرموں و کشتہ شدنِ دھرموں۔

پھن دھرموں گن میلس تانی باندھ ٹوٹ او پنچ گنوانی

پھر دھرموں نے کمان کی تانت کو تان کر چلایا (لیکن اُس کا) بند ٹوٹ گیا اور اثر برباد ہو گیا

جو لیہہ چیر سنبھرے بھالی تو لہہ دھرموں چانپ چڑھالی

جب تک لڑکا پوری طرح سنبھل سکے تب تک دھرموں نے چانپ چڑھالی

دھرموں کوپ پیٹھ لئی پھری چیرئیں کر دھرموں کے دھری

دھرموں غصے سے اُس کی پیٹھ کی طرف گھوما لڑکے نے دھرموں کے ہاتھ پکڑ لیے

گا پران دھرموں دھر پارس کاڑھ کٹار ہیئیں مُنہہ مارس

دھرموں کو پکڑ کر گرایا ، اُس کی جان نکل گیی کٹار نکال کر اُس کے سینے میں مار دی

دیئی پاو تو رس بھوونڈا لاٹیس چیرو سنیس نو کھنڈا

پیر رکھ کر (لڑکے نے) بازو توڑ دیے لڑنے نے کاٹ ڈالا ، نوا قلیم نے یہ بات سُن لی

رنمل پیٹھ کھڑگ لئی ، ماریس کنورو کہہ پوت

تب رنمل تلوار لیکر آگیا ، کنورو کے بیٹے پر حملہ کیا

رہئی نہ ٹیکا نر پئی ، جھوجھ رای جم جوت

وہ بہادر روکا نہ جا سکا ، ملک الموت سے بھی بھڑ گیا

۱۲۵۔ کیفیتِ جنگ رن پت گوید۔

رن پت دیہنہ مہر اگاری[2] چاہ بیاہ آنئیں کنواری

(یہ دیکھکر) مہر نے رنپت کو آگے بڑھایا جو چاہتا تھا کہ کماری (چاندا) کو بیاہ لائے

چلا بجای بھور او تورا کھڑگ مونٹھ لیس سندھیورا

وہ بھنور اور تور بجا کر نکلا مٹھی میں تلوار اور سندور کا برتن لیے تھا

---

[1] گا = گیا ۔ [2] اگاری (مراٹی) وقت سے پہلے تیار ہونا پیشوای ۔

ڈور کھانڈ رَمَل سر دینھاں   رَکت دھار سب سینڈر کیھاں

دوڑ کر رمل کے سر پر کھانڈا مارا   خون کی دھار نے اُسے تمام سندور بنا دیا

رَمَل پَرت سرہچند آوا   رَن پت پاکھر گھال گنجاوا

رمل کے گرتے ہی سرہچند آ گیا   رن پت نے گھوڑے کو مار کر اُسے پیدل کر دیا

اَجے راج سِنگھن کر گہی   ماریس بیلگ پاکھر رہی

تب اجے راج نے سنگھنی سنبھالی   اُس کی چوٹ ڈھال سے لگ کر رہ گئی

چھاڈ سرہچند پاکھر بھاگا، جیو لئی گیو پَرائی

سرہچند پاکھر کو چھوڑ کر بھاگ گیا، جان لیکر واپس چلا گیا

رای دیکھ بانٹھا کہہ، تُمہنہ کن جھوجھ جائی

راجا (روپچند) نے یہ دیکھکر بانٹھا سے کہا، تم ہی اب لڑنے جا سکتے ہو

۱۲۶۔ آمدنِ بانٹھا با فوجِ خود در میدانِ جنگ۔

بیر پال، گیرپت لئی آووں   بھج بیر، ہمیر، شینگن بلاووں

کرمداس، سَت راج، دِوآنند   بجے سین، اَو مہراج، بجے چند

بکٹ[عہ]، دِوسوں، نگرو، ناگو   ہردین، گھبرو، سردیو، جاگو

دیو راج، ہرراج، سَرو پا   اَجے سِنگھ، ہرپار، نرو پا

دھیر دَھر، ہرکھو، گنپت آنوں   سیوراج، نَندنوں، بھَل جانوں

تیس پکھریا آنوں، سبھ دَرو ماروں آج

میں یہ تیس سوار لایا ہوں، آج دشمن کے پورے لشکر کو مار دونگا

ہاتھ، گھور، دَھن، چاندا لیجئی، گوَور کیجئی راج

ہاتھی گھوڑے، دولت اور چاندا کو لیکر آپ گوور پر راج کیجیے

۱۲۷۔ فرستادنِ مہر لورک بالمقابلِ بانٹھا۔

عہ۔ پرمیشوری میں بچہ بکٹ نگرو دیسوں ناگو۔ لیکن اس سے تیس کی تعداد پوری نہیں ہوتی۔
نسخۂ ماتا پرشاد میں بچہ گنپت، دودس، نگرو، ناگو۔ لیکن گنپت نام پانچویں شعر میں بھی آیا ہے۔

آئیں لور بانٹھا لئی آوا   مہر دیکھ اَو لور بُلاوا

بانٹھا پوری فوج لیکر آیا ہے   مہر نے یہ دیکھا، اور لورک کو بلایا

لورک بیر پکھریا پارہ   بھیئو ڈانگ وَئی تیس ہنکارہ

(کہا) اے بہادر لورک تم ہی مصیبت ٹال سکتے ہو   جیسے بھیم ڈانگ کے لیے گرجا تم ویسے ہی آواز لگاو

پانچ بَیس، پانچ چوہاناں   کھتری پانچ، دیس چھُنہ جاناں

پانچ بیس ہیں اور پانچ چوہان ہیں   پانچ کھتری ہیں، یہ چاروں طرف معروف ہیں

ناو ایک، تینئیں سنہانی   پاکھر نیک روڈ کی بانی

نام ایک ہے، معاملت میں یہ تین ہیں   جنگ میں ان کے گرجنے کا انداز ایک ہے

گہروارا اَو روڈ دَسانے   پاکھر کونڈ تلاسیوں جانے

گہروار، روڈ اور دَسانے سپاہی   اپنی خوبی، خامی کے ساتھ تمھیں معلوم ہیں

اُنیں آئی دُئی اَو نئی، جیسیں اکھاڈ کے میہہ

دونوں فوجیں آکر مقابل ہو گئیں، جیسے اساڑھ کے بادل

لوہ پہر سَب ٹھاڈھے، تِل ایک سوجھ نہ دیہہ

سب لوہا پہنے کھڑے تھے، جسم ذرا بھی نظر نہ آتا تھا

۱۲۸۔ صفتِ جنگ کردنِ بانٹھا و لورک و ہزیمت خوردنِ او۔

اُبھرے کھڑگ، کنت، ترداری   گھری اک تہہ ہوی رَن ماری

کھڑگ، نیزے، تلوار نکل آئیں   ایک گھڑی تک لڑائی جاری رہی

لُوٹھنہ رونڈ منڈ دَھر پَرہیں   جیہ کر لوبھ نہ چِت مَنہہ دَھرہیں

جسم لوٹنے، سر دَھڑ گرنے لگے   وہ زندگی کی ہوس سینے میں نہیں رکھتے تھے

کھرک ڈَنڈا ہَر باجہِنہ تارا   بھئی پھاگ، دَربھا رَتنارا

تلواروں کے ڈنڈ اور تال بج رہے تھے   پھاگ ہو رہا تھا، فوج سرخ ہو گئی تھی

جَس پھاگن پھولہِنہ بَن ٹیسو   تَس رَن رَکت رات بھئے بھیسو

جیسے پھاگن میں جنگل میں ٹیسو کھلتے ہیں   اسی طرح میدان میں خون سے لباس لال ہو رہے تھے

باجہِن بھوَر سینگ اَو تورا   دَربھا چاچَر رَکت سَندورا

بھنور، سینگ اور ترے بج رہے تھے   فوج لال چیونٹا تھی، خون سندور بن گیا تھا

پَرے پکھریا چَہنہ دِس، کنٹھ راج سر لاگ

مسلّح سپاہی چاروں طرف پڑے تھے، راجا کے گلے میں تیر لگا

مہر بیر کچھ اُبرے، بانٹھا جیو لَئی بھاگ

مہر کے کچھ بہادر غالب آئے، بانٹھا جان لیکر بھاگ گیا

۱۲۹۔ مشاورت کردنِ راو روپچند با بانٹھا۔

رائے کہا بانٹھا کس کیجے   سب دَرو چانپ نگر کن لیجے

راجا (روپچند) نے کہا بانٹھا اب کیا کریں   ساری فوج کا دباؤ ڈالکر شہر کیوں نہ لے لیں

جو تہِنہ رائے آپن پچھوائیَہ   چاند سَتہِنہ جھوجھ بِنا پائیہ

(بانٹھا بولا) خود کو اے راجا پیچھے رکھیے   چاند کو آپ بغیر لڑائی کے پائینگے

بھَر لئی کھانڈ آئے تَس جوری   دیکھہِنہ دیو تینتیسو کوری

بھر (قوم) تلوار لیکر اِس طرح جُڑی ہے کہ   تینتیسوں درجے کے دیوتا دیکھنے آگئے ہیں

پَیکہِنہ پَیکہِنہ بھیو اَبھیرا   چَلا بھاج راجا کَر کھیرا

پیدل پیدلوں سے مقابل ہو رہے ہیں   راجا (روپچند) کی فوج بھاگ کھڑی ہوی

چاندا کارَن جھوجھ بَن آوا   راوتِنہہ رَکت بھیو پیرادا

چاندا کے لیے ایسی لڑائی ہو رہی ہے   راوتوں کا خون ہر طرف بہہ رہا ہے

لیئ پکھریا راجا سمٹا، سُنہہٗ بانٹھ کس کیج

مسلّح سپاہیوں میں راجا سمٹ آیا، سنوائے بانٹھا اب کیا کریں

کئی چاندا لئی جائیہ راجا، کے گودَر سرو دیج

(بانٹھا بولا) یا تو اے راجا چاندا کو لے جاؤ، یا گودر میں سر دیدو

۱۳۰۔ جواب دادن بانٹھا مر راو روپچند را۔

۷۷۔ چاچڑ (مرہٹی) لال چیونٹا۔

رائے پکھریا سَو موہِ دیہو   اَو سے تین چار تُہِنہ لیہو

(بانٹھا بولا) مجھے سو مسلّح سپاہی دو   اور تین چار سو تم لے لو

لئی اُبھروں ہَوں راوَت جہاں   پاچھیں مور نہ چھانڈَہو تہاں

جہاں سپاہی ہیں، میں اِن سے وہاں حملہ کرتا ہوں   تم وہاں میرا پیچھا نہ چھوڑنا

چَلا مہرو گہیں رَئی متھانی   بانٹھئی پٹوئیں توہِ کئیں آنی

مہر رَئی متھانی کے ساتھ آگے بڑھا   (کہا) اے بانٹھا تجھے کون نادان لے آیا ہے

دَرو لَئی بانٹھا توہِنہ بھَئیں گیئو   جہاں اَبھیرو مہر سیوں اَہیرو

تبھی فوج لیکر بانٹھا اُس جگہ آگیا   جہاں مہر سے جنگ ہو رہی تھی

دودھ پیاوَت بھَرِہنہ نہ کوئی   اَس کیں متھے گال کِت ہوئی

(کہا) بھروں کو کوئی دودھ نہیں پلاتا   اِس طرح متھنے سے بات کب تک چلیگی

پَرے پکھریا نو دَس، بَہل پائین ہوی بھاگ

نو دس مسلّح سپاہی گر گیے، باقی پیدل ہوکر بھاگ لیے

مہر سَناہ ٹوٹ گا، اوچھ کھانڈ دُھر لاگ

مہر کا حصار ٹوٹ گیا، تلوار کُند ہوکر زمین سے لگ گیی

۱۳۱۔ جنگ کردنِ لورک با راو و ہزیمت خوردنِ راو۔

پَلٹا لورو سنگھ جَس گاجا   پہِل کھانڈ راجا سر باجا

اِتنے میں لورک پلٹا، اور شیر کی طرح گرجا   پہلا کھانڈا راجا (روپچند) کے سر پر پڑا

کھڑگ تار لورَک کئی باجی   پاکھر کاٹ راو گا بھاجی

لورک کا کھانڈا جب اِس طرح بجا تو   حصار کو کاٹ کر راجا بھاگ نکلا

بجلی آنی دَھریس مہراجو   ماریس سرچند اور بھوئیں راجو

بجلی کی طرح اُس نے مہراج کو پکڑلیا   سرچند اور بھوئیں راج کو مار دیا

بیر راج ماریس اوبھری   بجر آگ کھانڈئی پَر جری

اور پھر اُبھر کر بیر راج کو مار دیا   کھانڈے سے فولاد کی آگ نکلنے لگی

مار سینگن نئی رکت بہائی کھڑگ جھار لوہوئیں نہ بجھائی

سینگن کو مار کر خون کی ندی بہادی تلوار کی آگ خون سے بھی نہ بجھتی تھی

آگیں دیئی ہیس درو آپن ہاک چلائے تس ٹانڈ ع۱

آگے بڑھکر اُس نے اپنی فوج کو لیا اور ٹانڈے کی طرح ہانک کر لایا

لوٹا بانٹھ لور سوں اُبھاریس ع۲ کھانڈ

(یہ دیکھکر) بانٹھا لوٹ پڑا اور لڑنے کے لیے کھانڈا اُٹھایا

۱۳۲۔ افتادن بانٹھا در میدان و ہزیمت خوردن راو روپچند۔

اُبھرا بانٹھ لورک تس مارا پرا گھور پر دئی اُبارا

جیسے بانٹھا نے حملہ کیا، لورک نے مار دیا بڑا ظالم حملہ آور گر پڑا

دوسر کھانڈ جو بُٹھ ستاہاں پہنچو ٹوٹ اُتر گیی باہاں

دوسرا کھانڈا جو نشانہ پر بیٹھا پہنچا ٹوٹ گیا، بازو اتر گیا

اُٹھا لور، سینگنی کر گہی ماریس بیلک پاکھر رہی

لورک اُٹھا اور ہاتھ میں سینگنی سنبھالی بیلک ماری جو جھول ہو کر رہ گیی

اُبھرے بیر دوؤ بر وَنڈا اگن بری برو باجت کھنڈا

دونوں قوی بہادر بھڑے ہوئے تھے تلواروں کے بجنے سے آگ بھڑک رہی تھی

کرہ سنجوی بانٹھ کھس پرا ہئیں یاد دئی لورک دھرا

جنگ ختم ہوی، بانٹھا گر پڑا سینے پر پیر رکھکر لورک نے دبا لیا

دھریس تار تروار کنٹھ مہہ کاٹ چلا لئی مونڈ

تیز تلوار گلے پر رکھ دی، سر کاٹ کر وہ لے چلا

بھاج چلا در راو روپچند دیکھ پرا دھڑ رونڈ

راو روپچند کا لشکر بھاگ نکلا جب بانٹھا کا دھڑ پڑا ہوا دیکھا

۱۳۳۔ دنبال کردن لورک از لشکر راو روپچند۔

ع۱۔ ٹانڈ = اسباب تجارت سے بھرے بیلوں کا جھنڈ۔ ع۲۔ اُبھاریس = اُٹھایا۔

لورک کہا جان جن پاوینہ تس ماروں جس بہر نہ آوینہ

لورک نے کہا یہ جانے نہ پاویں میں ایسا مارونگا کہ یہ پھر نہ آوینگے

مارنہہ پائیک لیجہنہ پھری راوتہنہ رکت پور نئی بھری

مہر کے پیدل پھری لیکر دشمنوں کو مارتے تھے راوتوں کے خون سے ندی بھر گیی تھی

مار تہاوت ہاتھی دھرے دھرنہہ ٹھاڑھ گھور پاکھرے ع۱

مہاوتوں کو مار کر ہاتھی پکڑ لیے سواروں کے گھوڑوں کو کھڑے کھڑے پکڑ لیا

بہتیں بیر جیئت دھر آنیں بہتے جیو لئی نسر پرائیں

بہت بہادروں کو زندہ پکڑ لیا بہت سے جان لیکر بھاگ نکلے

مارت کھڑگ مونٹھ اُس لاگی پری سانجھ راجا گا بھاگی

تلوار چلاتے (راجا کی) مٹھی پر جا لگی شام ہو گیی راجا (روپچند) بھاگ گیا

مریہنہ نہ سوجھئی دھرتی رکت بھیئو پیراؤ ع۲

مُردوں کی وجہ سے زمین نظر نہیں آتی تھی خون پھیلا ہوا تھا

چلا گنوای راو درو آپن بہر نہ آوئی کاؤ ع۳

راجا (روپچند) اپنا لشکر برباد کر کے چلا گیا، وہ پھر کبھی نہ آئیگا

۱۳۴۔ بازگشتن مہر با فتح و نواختن لورک را بر فیل سوار کردن و دیدن خلق ہا۔

رن جیت مہر گوور سدھارا لورک کھتری بیر ہنکارا

لڑائی جیت کر مہر گوور کی طرف چلا چھتری جوان لورک کو اُس نے بلایا

دئی کے پان مہر گینہ لاوا او گج میمنت آن چڑھاوا

پان دیکر مہر نے اُسے گلے سے لگا لیا اور زبردست ہاتھی منگا کر اُس پر سوار کیا

چنور دھار دئی چنور ڈلاوہنہ او راوت آگیں بھئے آوہنہ

دو چنور والے اُس کو پنکھا جھل رہے تھے اور سپاہی اُس کے آگے چل رہے تھے

ع۱ پاکھر = مستعد، تیار۔ ع۲۔ پیراو = پھیلا ہوا، جس میں تیرا جا سکے۔

ع۳۔ پرمیشوری میں اِس کے بعد بند ۱۱۹

اوپر رات پچھوری تانی   چرھی دھورا ہر دیکھنہ رانی

اُس سے اوپر لال چادر تان دی گیی   رانی اُسے دیکھنے کے لیے قلعہ کے اوپر آئی

چل گوور سب دیکھئی آوا   رن لورک کھانڈئی جس پاوا

تمام گوور اُسے دیکھنے کے لیے آ گیا   لڑای میں لورک کی تلوار نے فتح پائی تھی

مُنور دیہنہ اسیا، گوور ہوی بدھاو

سادھوں نے دعائیں دیں، گوور میں خوشی منای گیی

دھن دھن بیر بھواہ بر پوجا لوگ چرھاو

بہادروں کا زورِ بازو مبارک ہو، یہ کہکر لوگ پوجا چڑھاتے تھے

۱۳۵۔ آمدنِ چاندا بربالائے قصرو دیدنِ تماشائے لورک و بُردنِ برسپت را باخود۔

چاندا دھورا ہر اوپر گیی   چیر برسپت گوہن[۱] لئی

چاندا قلعہ کے اوپر گیی   ساتھ میں برسپت لونڈی کو بھی لے گیی

پری سانجھ جگ بھا اندھیارا   چاند مندر چڑھ کیا اُجیارا

شام ہو گیی دنیا میں اندھیرا ہو گیا   چاندا نے مکان پر چڑھکر اجالا کردیا

سوکس آہ جیئن گوور اُبارا[۲]   دھن سو جننِ آئیس جیئن جناں

(چاندا نے پوچھا) وہ کیسا ہے جس نے گوور کو بچا لیا   مبارک وہ ماں ہے جس نے ایسے کو پیدا کیا

پوچھیوں دھای بچن سن مورا   ایہنہ در کرکن سو کُم کُم[۳] لورا

اے دھای میری بات سن، میں پوچھتی ہوں   اِس لشکر میں وہ کُم کُم لورک کون ہے

کون روپ، کہنہ مندر آچھے، آکھوں برسپت توہ

کیسی صورت ہے، مکان کہاں ہے، اے برسپت تجھ سے پوچھتی ہوں

سادھ مرت ہوں بیرن، لور دکھاوَہ موہ

اے بہن میں اُس کے عشق میں مرتی ہوں، تو مجھے لورک کو دکھا دے

۱۔ گوہن = ساتھی سہیلی۔   ۲۔ اُبارنا = نجات دلانا۔

۳۔ کُم کُم (مراٹھی) = کیسر، وہ شخص جسے تصور میں شوہر کی حیثیت حاصل ہو۔

۱۳۶۔ نشانی[۱] نمودنِ برسپت چاندا را، از جمالِ صورتِ لورک۔

لورہ چاند سُروج کئی جوتی   کُنڈل سوون دینہہ گج موتی

اے چاند، لورک کا حسن سورج جیسا ہے   (کان میں) سونے کے کنڈل جن میں بڑے موتی لگے ہیں

چندر للار دھرا جنُ لائی   چمک بتیسی اتئی سوہائی

پیشانی پر گویا چاند لگا رکھا ہے   بتیسی کی چمک نہایت بھلی لگتی ہے

کھوپا کیس پیٹھ لہرائے   لنک جھین ہر گہی نہ جائے

سر کے بال اُس کی پیٹھ پر لہراتے ہیں   کمر پتلی ہے جو پکڑی نہیں جا سکتی

نین کچورا دُدھئیں بھرے   جنُ چھپیا تہنہ بھیتر دھرے

آنکھیں کٹورا ہیں جن میں دودھ بھرا ہے   گویا اُن میں بھنورے چھپا کر رکھ لیے ہیں

کنک برن جھرکت ہئی دیہا   کدن مورت اُڈ لاگ نہ کھیہا

سونے کی طرح اُس کا جسم جھلک رہا ہے   اُس حسین پیکر کو خاک اُڑکر نہیں لگتی ہے

تانی رات پچھوری، ہست چرھا دِکھراو

نشست پر لال چاندنی بچھی ہے، وہ ہاتھی پر چڑھا نظر آ رہا تھا

کر سر پاگ سلونی، ترچھ کٹار سوہاو

سر پر خوبصورت پگڑی بندھا ہے، ترچھی کٹار زیب دے رہی ہے

۱۳۷۔ دیدنِ[۲] چاندا جمال و کمالِ لورک و بیہوش شدنِ او۔

چاندہ لورک نرکھ نہاری   دیکھ بموہی گیی بیکراری

چاندا نے لورک کو غور کرکے دیکھا   دیکھکر بیہوش ہوی، بیقراری بڑھ گیی

نین جھرہنہ مکھ گا کُنبلائی   ان نہ روچ او پانِ نہ سہائی

آنکھیں خشک ہو گئیں، چہرہ کمھلا گیا   نہ کھانے میں لذت تھی نہ پانی اچھا لگتا تھا

سُروج سنیہہ چاند کُنبلانی   آئی برسپت چھر کا پانی

سورج کے عشق میں چاند مرجھا گیی   برسپت نے آکر اُس پر پانی چھڑکا

۱۔ کلا مجھون: نمودنِ برسپت لورک را بر چاندا۔ ۲۔ شیرانی: عاشق شدنِ چاندا بمجرد دیدنِ لورک۔

گھرو آنگن سکھ سیج نہ بھاوئی چاند اُماہی ' سورج بولاوئی

گھر آنگن ' بستر عشرت کچھ نہیں بھاتا تھا چاند بیکل تھی ' سورج کو بُلاتی تھی

پونیوں چندر جَس مُکھ آہا گئی سو جوت گہن ہوی رَہا

پونم کے چاند جیسا اُس کا مُنہ تھا (اُسے دیکھتے ہی) رونق چلی گئی گہن لگ گیا

سَہس کراں سُروج کئی رَہی چاند چیت چھائی

سورج کی ہزاروں ادائیں چاند کے دل پر چھا کر رہ گئی تھیں

سورہ کراں چاند کئی بُجھئی اماوس جائی

چاند کی سولہ کلائیں دب گئیں ' گویا اماوس آگیا تھا

۱۳۸۔ تفہیم کردن برسپت چاندا را کہ ہوشیار باش۔

کہی برسپت چاند سنبھارو سُروج لاگ کس کرس اُسبھارو

برسپت کہتی تھی اے چاند خود کو سنبھال سورج کی لگن میں تو کیوں بیچین ہوتی ہے

ہاتھ پاؤ سنبھرس نہ باری باندھ کیس اوڑھ لئی ساری

اے بچی تو ہاتھ پیر کیوں نہیں سنبھالتی بالوں کو باندھ ' ساڑی کو اوڑھ لے

جو توہِ لاگ سورج کے جھارا کئی کھنڈ وانِ پیاؤوں بارا

اگر تجھے سورج کی گرمی لگ گئی ہے تو میں شربت بنا کر اے بچی تجھے پلاؤنگی

راج کنور توں کان نہ کرئی ہوں سودھائی ' مور لاج نہ دھرئی

اے شہزادی تو شرم نہ کر میں تیری دھائی ہوں ' مجھ سے حیا نہ کر

آنوں پانِ بَیس مکھ دھووہِ اُٹھ سیج سُکھ نندرا سووہِ

پانی لاتی ہوں ' تو بیٹھ کر مُنہ دھولے اور بستر عشرت پر لیٹ کر نیند میں سو جا

جو چیت ہئی تھہنِ منسا کہئو سو موہ

جو کچھ دل میں ہے اگر تم وہ سب مجھ سے کہدوگی

رین جائی ' دِن اُگوئی ' اُتر دیو مئیں توہ

رات گزر جائیگی ' دن نکل آئیگا ' میں تجھے جواب دونگی

۱۳۹۔ پند دادن برسپت چاندا را از آمدن لورک در خانہ۔

گئی سو کھیل رین اندھیاری اُٹھا سُرج جگ کرن پساری

وہ اندھیری رات کھیلنے میں گزر گئی سورج نکلا دنیا پر کرنیں پھیلا دیں

دِنہہ گئیں گھری برسپت آئی چاند کراں بنِ جای جگائی

ایک گھڑی دن چڑھے برسپت آئی چاند جیسی کو جا کر اُس نے جگا دیا

کہہ سو بات توں اُس بُجھئی کاہ لاگ بھر آنکر گئی

وہ بات مجھ سے کہہ جس سے تو ایسی ہو گئی ہے کس کے عشق کی آگ آغوش میں بھری ہے

چاند برسپت کے پاں پری کُل سُروج دیکھیوں ایک گھری

چاند برسپت کے قدموں میں پڑ گئی (اور کہا) کل ایک گھڑی میں نے سورج کو دیکھ لیا

کئی اوہ موریں گھریں مِلاوہ کئی موہِ لئی اوکیں ڈنڈ لاوہ

یا اُسے میرے گھر پر بلا دو یا مجھے لیکر اُس کے راستے پر لگا دو

چاند کنت سُنئی دیکھیہ سُرج مندر جہنہ آو

اے چاند محبوب کو تو اُس وقت دیکھیگی جب سورج اِس گھر میں آئیگا

کرہُ مہر سیوں بنتی ' گوورو نوت جیواد

تم مہر سے یہ عرض کرو کہ وہ گوور کو مدعو کر کے کھانا کھلائے

۱۴۰۔ رفتنِ چاندا بر مہر و عرض داشتِ مہمانیِ خلق کردن۔

برسپت بچن چاند چیت دھرا ہیہ اَر پور کھانڈ گھیو بھرا

برسپت کی بات کو چاند نے دل میں رکھ لیا اپنے دل کو کھانڈ اور گھی سے بھر لیا

سُنتئی بچن مہر پہنہ گئی جای ٹھاڑھ آگیں ہوی بُجھی

اِس بات کو سُنتے ہی وہ مہر کے سامنے گئی وہ اُس کے سامنے جا کر کھڑی ہو گئی

ایک اِچھ اِچھیں تئیں پتا تو تمہہ راو روپچند جیتا

اے باپ میں نے ایک منت مانی تھی جب تم نے راو روپچند پر فتح پائی ہے

۷۷۔ اِچھڑئیں = (مراٹھی) خواہش کرنا ' چاہا گیا۔

دیوہِنہ پوجا پھول چڑھاوَوں پایَن لاگ ہُکر جور مَناوَوں

دیوتا پر پوجا کے پھول چڑھاؤنگی قدموں میں لگ کر' ہاتھ جوڑکر اُن کو مناؤنگی

پِتا مور جوَرَن جیت آئیہہ دیس لوک سبھ نوت جیوائیہہ

میرے باپ جب جنگ جیت کر آئینگے سارے ملک کو نوتا دیکر کھانا کھلائینگے

پُروَوہُ باچ جو کینہیوں' اَرگھ[1] ہوی سونار

میں نے جو منّت مانی تھی پوری کردو' پوجا کا انتظام ہوجائے

رای روپچند رَن جیت آئیہہ کٹک سنگھار

رائے روپچند سے لڑائی جیت کر' لشکر کو پامال کر کے آئے ہیں

۱۴۱- قبول کردن مہر سخن چاند او استمداد[2] دادن ہمہ خلق را۔

چاند بچن ہوں کہواں بادوں[3] سب گووَرد اَو دیس جِواوُوں

(مہر نے کہا) چاند کی بات میں کیسے ٹالونگا تمام گووَر اور مُلک کی دعوت کرونگا

مہرین ناؤہِنہ کہا بلائی گھر گھر گووَر نوتہہُ جائی

مہر نے نای کو بلانے کا حکم دیا گوور میں گھر گھر یہ دعوت جائیگی

کالھ مہر گھریں اَہِ جیو نارا بار بوڑھ سب بھار ہنکارا

کل مہر کے گھر پر دعوت ہے بچے بوڑھے سب ایک ایک مدعو ہیں

سُن کئی ناو دہا دِس گئے تینتیسوں بار سب نوتا لئے

یہ سنکر نای دسوں سمتوں میں چلدیے سب تینتیسوں ذاتوں نے نوتا قبول کیا

کھونٹ کھونٹ سبھ نوتا جھاری اُنتھوا سُرج پَری اَندھیاری

گوشہ گوشہ میں پوری طرح نوتا گیا یہاں تک کہ سورج ڈوبا' اندھیرا ہو گیا

پاردھ پٹھئے اُہیریں' اَو باری پتوار

شکاری شکار کے لیے بھیجے گئے' اور پتوں والوں کے پاس پتّل کے لیے

---

[1] ارگھ = پانی چڑھانا، صدقہ، خیرات۔ [2] اصل : استوداد۔

[3] باد = چھوڑا ہوا۔

پچھلی رات آئے بُہُر' ناو سہدیو مہر دُوار

پچھلی رات کو واپس آئے' نای سہدیو مہر کے دروازے پر

۱۴۲- آوردن صیّادان حیوانات ہر جنس۔

دِن بھا پاردھ آئی تُلانے اَگنت مِرگھ جیئت دَھر آنے

دن ہوا تو شکاری آ پہنچے وہ بے شمار ہرنیں زندہ پکڑ کر لائے تھے

بہتے روجھ گینڈ ات گھنے چیتر جھانکھ جانہِ نہ گنے

بہت سی نیل گائیں' بے شمار گینڈے تھے چیتل اور سانبھر گنے نہ جاتے تھے

گون پچھار اَو لوکھرا سسا لنبکنا' گھر اِکو بھرا

گون' دُم والے (مور) اور لومڑی خرگوش' لمبے کان والے (خرگوش) سے ایک گھر بھر گیا

مینڈھا سہس مار کے ٹانگے تین چار سے بکرا مانگے

ہزار مینڈھے مار کر ٹانگ دیے تھے تین چار سو بکرے منگا لیے تھے

اَو ساوج بہوہ جنگل مارے بسندھر بار کو گنئی برارے

اور بہت قسم کے جنگلی جانور مار لیے تھے سندھر بار اور بڑاروں کی کوی گنتی نہ تھی

ساوج دیس نہ اُبرا' آنیں سبئی دَھرای

مُلک کا کوی جانور باقی نہ رہا' سب ہی پکڑ کر لے آئے تھے

جالونت پنکھ سنکولے' کہئی سُرس سب گای

جتنی قسم کی چڑیاں تھیں اُن کا حال گا کر (شاعر) بیان کرتا ہے

۱۴۳- صفت جانوراں در ضیافت مہر۔

بٹئی' تیتر' لاوا دَھرے گُڈرو کنواں کھنچین[4] بھرے

بٹیر' تیتر' لاوا پکڑ کر لائے گُڈرو' کنوا ٹوکریوں میں بھرے تھے

بہل بگیریا اَو چڑیارا اُسر تلورا اَو جھنجارا

بہت سے بگیرے اور چڑیار تھے اُسر' تلورے اور جھنجارے بھی تھے

---

[4] کھانچی = کھپچیوں سے بنای ہوی ٹوکری۔

پَرووآ سیتَل، کار تلورا   رَین ٹٹیھری ڈھرے ٹٹورا

کیو تر سفید کالے تلورے تھے   رات کی ٹٹیھری رکھی ٹیں ٹیں کرتی تھی

بَن کُکڑ، کُھر مورو گھنیں   کرنج مھوکھ جاہنہ ناہ گنیں

جنگلی مرغی، کھر مور بہت زیادہ تھے   کرونج اور مھوک گنے نہیں جاتے تھے

گھریں کو بَرنئیں آن کے بناں   پَنکھ بَہل ناو کو سُناں

جو چڑیاں تھیں آن کے تیر کون گن سکتا ہے   بہت چڑیوں کے نام بھی کسی نے نہ سنے تھے

جے کب آے سمائیں سُرس بَرن کئی تیہہ

جو لفظوں میں سما گیے یہ اُن کا خوبصورت بیان ہوا ہے

اَور پَنکھ جے مارے، تنہہ کرناوں کو لیہہ

اور جو چڑیاں ماری گئیں، اُن کا نام کون لے سکتا ہے

۱۴۴۔ صفت پُتر انیدن طعام در مطبخ۔

تین چار سے بَیٹھ سوارا   بَسندرو آن رسوی پر جارا

تین چار سو پکانے والے بیٹھ گیے   آگ لاکر انھوں نے چولھے روشن کردیے

مانس مسورا کٹواں کیھاں   لَئی دھنگار بَٹیاں کر دیھاں

گوشت، کباب، پارچے بنایے گیے   آگ دکھاکر یہ سب تیار کیے گیے

بیگر بیگر پَنکھ پکاسے   گھرت بگھارے مرچ بھرائے

چڑیوں کو الگ الگ پکایا گیا   گھی سے بگھاری مرچیں بھری گئیں

برچن، انبرچن، بٹوا پرا   رَس رتنا کر سیندھو گرا

برچن، ابرچن (مسالوں) کے تھیلے تھے   رتنا کر کا رس، سیندھا نمک لگایا تھا

کُم کُم میل رکیو بسوارو   داریوں کروند اِملی چارو

خوشبوئیں ڈالکر مسالے تیار کیے تھے   انار دانے، کروندے، عمدہ املی بھی تھی

کَتک ترائت لکھور، لون تیل بسوار

مختلف قسم کے مسالے، لکھوری، نمک، تیل سب موجود تھے

کھٹ رس ہوی مہارس، تِل کُٹ کیئو آہار

کھٹے رسوں میں مہا رس تھا، تِل کُٹ بھی کھانے کے لیے تیار تھا

۱۴۵۔ صفت خضریات ہر جنس۔

چاچر پاپڑ بھنج اُچارے   بھانٹا ٹینڈس سوندھ ترارے

خستہ پاپڑ بھون کر نکالے گیے تھے   بیگن، ٹنڈے سوندھے کرکے تلے گیے تھے

کروئیں تیل کریلا ترے   گھڑا بھونج ساٹھ اِک ڈھرے

کڑوے تیل میں کریلے تلے گیے   ساٹھ کے قریب کھڑے (کدو) بھون کر رکھے گیے

کھکسا، پرور، کُندریں اہیں   گھیے ترَوئی، اَروئی گہیں

کھکسے (ککوڑا) پرول کندرو تھے   گھیا، تُرئی، اروی بھی لی گئیں

بوٹی بوٹہہ دھوی پکائی   چوکا پالک اَو چونلائی

ٹکڑے کرکے دھوکر پکایا گیا تھا   چوکا، پالک اور چولائی کا ساگ

لوآ، چچینڈا، بہت توری   سیتا، سیب بھار دس بھی

لوکی، چچینڈا اور بہت سی تُرئی   سیتا (پھل)، سیم دس بوجھ کی برابر تھیں

گنگل، جینوتی، سونف او سوئی میتھ پکان

گلگل (کھٹا نیبو) جینوتی، سونف اور سویا میتھی پکے تھے

راندھی کُسنبھ کُندریاں، کاڑھے بہل سندھان

کسنبھی رنگ کی کندریاں پکی تھیں، بہت سے اچار چٹنی بھی نکالے تھے

۱۴۶۔ صفت پکوان در ہر جنس گوید۔

برا، منگورا، بریئیں کینھی   کھنڈوئی کاٹ گھرت منہہ دیھی

برے، منگورے اور بریاں بنائی تھیں   کھنڈئی کاٹ کر گھی میں تلی گئی تھیں

بنی میتھوری چھڑ کُل باری   او ڈُبکی جوہ مرچیں پاری

میتھوری اور چھڑ کُل باری (برے) بنے تھے   اور ڈبکی (پکوڑی) جس میں مرچیں چھڑکی تھیں

۱۴۵۔ مطبوعہ: صفت خضاریان ہر جنس گوید۔

بھوبجی کینھ گریتھہ پکاوا   پان اُڈا کر گنجھئیں لاوا

بھیا کی گیں، گریٹھا پکایا گیا   گنجیوں میں پورے پتّے لگائے گئے تھے

روٹھا کسوند کئی مرچوانی   اور اُبھار رای کر پانی

روٹے اور کسوندے کا مرچوں کا پانی تھا   اور ابال کر رای کا پانی تیار کیا تھا

ترسی گھال کڑھی اوٹائی   لپسی سونٹھ بہت کئی لائی

کھٹای ڈالکر کڑھی اُبالی گئی تھی   لپسی میں بہت عمدہ سونٹھ ڈالی تھی

دودھ پھار کئی کھرسا، باندھا دہی سنجاد

دودھ کو پھاڑ کر کھرسا بنایا، جمایا ہوا دہی بھی رکھا تھا

اور کٹھنڈی کو کہہ، جاکر ناوں نہ آو

اور کٹھ ہنڈیوں کا بیان کیا ہو، جن کا نام بھی نہیں معلوم

۱۴۷۔ صفتِ برنجہاے ہر جنس گوید۔

کپورسار، رتسار، بجوئی   کاررا، دھنیاں، مدھکر، توئی

سنگنا، چھالی او پچو دھرا   گگر، گھنڈر، کانڈر بھرا

اگرسار، رتناں، متسری   راجنیت موتھی سوکھری

کرنگی کرنگا ساٹھی کیے   سرما بہنسا، مہسر لیے

گجدھر، گنڈر، اگر دھنی   روپ پسارھی، سوندھی تنی

کئی دو جھا اُت دھوے، کاڑھ سیئی پسائی

دو مرتبہ بین کرکے خوب دھوے، پسا کر ان کی بیچ نکالی گئی

جس بسنت بن پھولہہ، چہونہ دس باس گندھائی

جیسے بسنت میں جنگل بسا ہوا ہو، چاروں طرف چاول کی خوشبو پھیلی تھی

۱۴۸۔ صفتِ گندم و نانِ میدۂ خالص۔

ع۱۔ روٹھا (مرہٹی) = بڑی سفید سپاری۔   ع۲۔ لپسی = کم گھی کا حلوا۔

س بھوپال: صفتِ گندم و نانِ تنک۔

ہانسا گوہوں دھوی پسائے   کپڑ چھان کے چھار بنوائے

سفید گیہوں کو دھو کر پسوایا تھا   کپڑے میں چھان کر میدہ نکلوایا تھا

اُت بڈ بڈتی بڈ بھر تولا   سیت سُہاو کو بج جن ہولا

بہت بڑی بڑی چپاتی ایک ایک تولے کی تھیں   سفید، خوبصورت گویا بھولے بھالے کردیج تھے

ٹوٹ نہ تاناں دہنہ کر تورا   نینوں حابجھ ہاتھ جن بورا

وہ تنی ہوی نہ ٹوٹتی تھیں، دونوں ہاتھ سے توڑو   گویا ہاتھ نظروں کی جھیل میں ڈوبے تھے

جوسے ساٹھ ایک گاس ٹلائی   مکھ میلت کھن جاہِ بلائی

اگر کوی ساٹھ کو ایک لقمہ میں اُٹھالے   منہ میں ڈالتے ہی پل بھر میں گھل جاتی ہیں

سگرِ دیس جیو نہہ چت لائی   بھری نہ پیٹ، نہ بھوکھ بتائی

سارے دن اگر دل لگاکر اُنھیں کھائیں   تو بھی نہ پیٹ بھرے اور نہ بھوکھ بجھیگی

کیوَر باس پری مہکہنہ، پھونکت جانہہ اُڈائی

کیوڑے کی خوشبو سے معطر، ہلکی ایسی کہ پھونکنے سے اُڑ جائیں

بھار سہنس دئی تل کُٹ، مہرئین دھرے بنوائی

ایسے تل کٹا کے دو ہزار بوجھ مہرنے بنوا کر رکھ لیے تھے

۱۴۹۔ صفتِ آوردنِ برگہاے درختاں۔ [ل]

پترنہہ کنہ تورہہ بن پاتا   جھارنہ اُبرا کیت نکھاتا

پتروں کے لیے جنگل کے پتّے توڑے گیے   کوی جھاڑی نہ بچی، ننگا کردیا

مہوا، آنب لینھ دھر باری   بر، پیپر کین باندھ کھاری

مہوے آم کی پتّیاں توڑلی گئیں   برگد پیپل سے جالی دار جھالیں بنالیں

کٹھر، بڈھر، اون تو لیئی   جامن، گرہر نانگ سب بھئی

کٹھل، بڑھل، آنولے کے پتّے لے لیے   جامن، گرہل سب ننگے کر دیے گیے

ع۱۔ ٹلائی = جمع کرنا۔

ل بھوپال: آوردنِ برگہاے درختاں رابراے دوندرہ (= دونا ؟)

کُٹھ اُدُنبر پاکر بَہت تُوری ۔ ہَملی کروندی داکھ کنکوری[ع۱]

کٹھ ادنبر اور پاکڑ کے پتّے بہت توڑ لیے ۔ ہملی کروندی، انگور اور کنکول کے پتّے بھی لیے

تیندو، بِجّی، ریٹھا گھناں ۔ پُرَئِن[ع۲] پات کَرَن کَو گِناں

تیندو بجّی اور ریٹھے کے بھی بہت پتّے تھے ۔ کملنی کے پتّوں کا شمار کون کر سکتا تھا۔

بِنوئی آئی بَنا سپت، پائِن لاگ، کَر جوڑ

درخت فریاد کرنے لگے، قدموں سے لگ کر، ہاتھ جوڑ کر

نانگ کینھ ہَموں بارِہنہ، پات لینھ سَب توڑ

ہمیں لڑکوں نے ننگا کر دیا، ہمارے تمام پتّے توڑ لیے

۱۵۰۔ آمدنِ خلقِ گوور درخانۂ مہر و نشستنِ ایشاں[ع۳]۔

مہر مَندر سبھ نیت[ع۴] بچھائی ۔ کئی کھنڈوانی کُنڈ بھرائی

مہر کے تمام محل میں چاندنی بچھا دی گئی ۔ شربت بنا کر حوض بھروا دیے گئے تھے

گوور نوتا ہُت سو بُلادا ۔ تینتیسو بان سبھئی چل آوا

گوور میں نوتا دیکر بلایا گیا تھا ۔ تینتیسوں ذات کے لوگ سب چلکر آ گیے

کتہِنہ نہ سوجھئی سرہ جَنُ چلی ۔ اُپٹا دیس مَندر گا بھری

کہیں نظر نہ آتا تھا، گویا لشکر چلا آتا تھا ۔ دیس اُمنڈ کر آ گیا، محل بھر گیا

بَئیس کُنوَر گیے پانتہہ پانتی ۔ پَرجا پَوَن سو بھانتہہ بھانتی

شہزادے قطار در قطار بیٹھ گیے ۔ رعایا، مہمان بھی صف بہ صف آ گیے

لورک مہرئیں پاٹ بَیسارا ۔ گَہن مارجیئِن چاند اُبارا

لورک کو مہر نے تخت پر بٹھا لیا ۔ جس نے گرہن کو مار کر چاند کو بچا لیا تھا

بَرَن چار بھر بَئِٹھے، اُگنت کہی نہ جای

چار ذات والے اِتنے تھے کہ شمار کی بات نہیں کہی جا سکتی تھی

ع۱۔ کنکول = کباب چینی۔ ۔ ع۲۔ پُرئن = ایک قسم کا کنول۔

ع۳۔ بھوپال: فراز کردنِ کندوری درخانۂ راد مہر ۔ ع۴۔ نیٹ (مرہٹی) = اچھا، سیدھا۔

کھیت ساٹھ لہہ آنگن تو ہو لوگ نہ سمای

ساٹھ کھیت کے برابر آنگن تھا تب بھی لوگ نہیں سماتے تھے

۱۵۱۔ طعامِ[ع۱] خورانیدنِ مہر بر خلق را از الوانِ نعمت ہا۔

بَئِٹھئی بار پَسری پتوارا ۔ بھات پَروسہنہ جھارسُوارا

بیٹھنے کے بعد پتّلیں سامنے پھیلا دی گئیں ۔ پکانے والوں نے سب کو چاول دیے

پَتری بھرہنہ پَہنچہِنہ کھاناں ۔ تیسو بھانت لور پَہنہ آناں

پتّل بھرے جا رہے تھے، کھانا پہنچ رہا تھا ۔ لورک کے پاس تیسوں قسم کے کھانے لائے گیے

ماس سَوراں کٹواں بھرے ۔ دُوناں سَو سَو چُنئت دَھرے

گوشت کے سورسے کٹواں اور بھرے ہوئے ۔ سو سو دونے چُن کر رکھے جا رہے تھے

لئی مُتارو تُلا نیں ناؤ ۔ گِھرت کھانڈ کینھ پیراؤ

موتی چور لیکر نائی آ پہنچے تھے ۔ کھانڈ میں گھی تیرتا ہوا ڈالا تھا

دَھرے پکوان جیت ہُت کہے ۔ بُھل سُندھان لاکھ اِک اَہے

جتنے کہے گیے سب پکوان لاکر رکھے گیے ۔ عمدہ اچار چٹنی لاکھ کے قریب تھے

گِن چوراسی سے ہانڈی ناوں پَرس سنبھار

چوراسی سو ہانڈی گن کر، نائی سنبھالکر سب کو دے رہا تھا

پرے کھجا بَہتّر، ہوی لاگ جیو نار

بہتّر قسم کے میوے ڈلے ہوئے کھانوں سے دعوت ہوی

۱۵۲۔ آمدنِ چاندا بر قصر و دیدنِ لورک و بیہوش شدنِ لورک۔

پَہِر چاند کھِرودک ساری ۔ سورَہ کراں سِنگار سِنگاری

کھرودک (سفید لہریا) ساڑی چاندا نے پہن رکھی تھی ۔ سولہ قسم کے سنگار سے خود کو آراستہ کیا تھا

چَڑھ دھورا ہَر کہیس پَرگاسو ۔ دیکھ لور گہِنہ بِسَر گَراسو

قصر پر چڑھ کر جیسے اُس نے نور پھیلایا ۔ لورک اُسے دیکھ کر لقمہ اٹھانا بھول گیا

ع۱۔ بھوپال: آوردنِ طعام در مجلس ہر جنس۔

لورو جان آچھر دِکھراوا ‏ ‏ اِنہہ کبلاس اَور کوٗ آوا

لورک سمجھا کسی پری نے خود کو ظاہر کیا ہے ‏ ‏ اِس جنت میں اور کون آگیا ہے

اَمرت جینوَن رِتیہہ حاہِر بَھیئو ‏ ‏ جیو کاڑھ ہَر چاندَیٔ لیئو

امرت جیسا کھانا اُسے دیکھتے ہی زہر ہو گیا ‏ ‏ چاند اُس کی جان نکال کر لے گئی

مُکھ نَہ جوت گیا اَت روکھی ‏ ‏ چاند بَسینہہ سُرج گا سوکھی

چہرے میں روشنی نہ رہی، جسم بالکل خشک ہو گیا ‏ ‏ چاند کے عشق میں سورج مرجھا گیا

جیئَن بھوجَ اَمرت کیٔ جھار اُٹھی جیو نار

امرت کا وہ کھانا کھا لیا گیا، صف دسترخوان سے اٹھ گئی

لورو لینہہ کیٔ ڈانڈی ‏ بِسنبھر کچھ نہ سنبھار

لورک کو بازوؤں میں اٹھایا گیا، بیہوش سنبھالے میں نہ تھا

۱۵۳۔ درخانہ آوردنِ لورک را وگریہ کردنِ کھولن۔

لئی لورک گھر سیج اولارا ‏ ‏ بَہیہ نین گانگی اَسرارا

لورک کو گھر لا کر بستر پر لٹا دیا گیا ‏ ‏ آنکھوں سے برابر گنگا بہہ رہی تھی

کھولن رووَئی کاہ یہ بَھیا ‏ ‏ مور بار کیئِن ہَنڈا دِیا

کھولن روتی تھی کہ یہ کیا ہو گیا ‏ ‏ میرے بچے کو کس نے ٹوٹکا کر دیا

لوگ کُٹُنب بَندھو جَن آئے ‏ ‏ پنڈت، بید، سیان بُلائے

خاندان کے لوگ، رشتہ دار آگئے ‏ ‏ پنڈت، بید اور سیانے بلائے گیے

دُھر ناٹکا بید اُس کہیں ‏ ‏ چاند سُرج دُئی نِرمل آہیں

نبض پکڑ کر بید یہ کہنے لگے کہ ‏ ‏ چاند اور سورج دونوں درست رہینگے

بات نہ پِت، رَکت نہ سیئو ‏ ‏ تاپ نہ جوڑی، چِت سنجیو

نہ بات ہے، نہ پت ہے، نہ خون ہے نہ سردی ‏ ‏ نہ بخار ہے نہ جاڑا، دل بھی ٹھیک ہے

دیو نہ دانو چُھر نکا، ہوے نہ سییار برار

نہ دیو نے، دانو نے اثر کیا ہے، نہ سیار، بڈار نے کچھ کیا ہے

مَلن کام رَس بیدھا تو یہ رَرَئی مُرار

اِس کو دل کے جذبے نے مجروح کیا ہے، اُسی لیے یہ مُرال رٹ رہا ہے

۱۵۴۔ ایضاً در گریۂ کھولن گوید۔

سورج رین مَہنہ گیئو لُکائی ‏ ‏ چَندر جوت بَس آگیں آئی

سورج رات میں تم چھپ گیے ہو ‏ ‏ رات میں چاند کی روشنی آگے آئی ہے

کھولن نیرو بار سَر پیا ‏ ‏ تَنک موہی مَنہہ لورک جِیا

کھولن نے (لورک کے) سر پہ وار کر پانی پیا ‏ ‏ شاید لورک میری زندگی پا کر جی اُٹھے

ہَوں آپن جیو چَہنہ دَہ دیوَوں ‏ ‏ لورک کیر مانگ کیٔ لیوَوں

میں اپنے چودہ جنم دیدونگی ‏ ‏ لورک کے لیے یہ زندگی مانگ کرلونگی

بَرو موہِنہ بوڈی دُکھ لَئی جائی ‏ ‏ جن بوڈی کر دِیا بُجھائی

چاہے مجھ بوڑھی کو دکھ لے جاے ‏ ‏ لیکن بوڑھی کا یہ چراغ کبھی نہ بجھے

بَہہ سنتاپ کَئی کہئی کہانی ‏ ‏ کارِ رات دُکھ روئی بِہانی

بہت تڑپ کر وہ ایسی باتیں کہہ رہی تھی ‏ ‏ کالی رات دکھ میں رو کر گذار رہی تھی

بھور سور پَرگاسا دِنکر بَھیو اُجور

صبح کو سورج ظاہر ہوا، سورج کا اجالا ہو گیا

کھولن روی ڈِپھارا. بار جِیاوَہ مور

کھولن رو کر چلّائی، میرے بچے کو زندہ کردو

۱۵۵۔ رفتنِ برسپت بہ بہانہ کارے درخانۂ لورک ودیدنِ لورک۔

راج برسپَت ہاٹِہنہ گئی ‏ ‏ کین بان کچھ بِسہَن لَئی

راجا کی برسپت بازار کو گئی ‏ ‏ کچھ ضرورت کی چیزیں خرید کر لینے کے لیے

کارون سبد سُوَن دُہنہ پَرا ‏ ‏ مُکھ پھرای پَو بِھیتر دَھرا

کانوں میں گریہ کی آواز پڑی ‏ ‏ مُنہ پھرا کر اُس نے قدم اندر رکھا

ب۔ بھوپال: رفتنِ برسپت در خانۂ لورک۔

تریہ کَرہِیَہ ہوی مَیارو   جای برسپَت جھانکھا بارو

عورت کا دل مہربان ہو گیا   جاکر برسپت نے دروازے میں جھانکا

کھولن دیکھی مہر بَھنڈاری   کَرگَہہ پاٹ آن بَیساری

کھولن نے دیکھا مہر (راجا) کی ملازمہ ہے   ہاتھ پکڑکر اونچی جگہ لاکر بٹھایا

کاہے تُمہہ روؤہ پَردھاناں   ہِیَۓ اُر مور سُنَت چَر رانا

اے بیگم تم کیوں روتی ہو   اِسے سنکر میرا دل پھٹنے لگا ہے

مور بار جَس جُھلوا گُھریں گُھریں بِہسات

میرا بچہ کس ڈر کا بھولا ہوا ہے' ذرا ذرا دیر میں آواز لگاتا ہے

اَب نہٗ کھای اَن پانی ' دِنہہ جائیٔ کُبلات

اب نہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے' برابر کمھلاتا جارہا ہے

۱۵۶۔ بُردنِ کھولن برسپت را در محل و دیدنِ برسپت لورک را۔

چَل کھولن تور کہاں روگی   نَک اَو کَھد جانَوں اوہ جیو کی

اے کھولن چل تیرا مریض کہاں ہے   شاید اُس کی زندگی کی دوا میں جانتی ہوں

لئی گئی کھولن لورک ٹھاؤں   دیکھِس کَیا سیس' دَھر' پاؤں

کھولن اُسے لورک کے پاس لے گئی   اُس نے اُس کے جسم' سر' دھڑ اور پیر کو دیکھا

سورج گھر ہِنہ برسپَت آئیٔ   نَین اُگھار چَندر بِہسائیٔ

(کھولن بولی) سورج! گھر میں برسپت آئی ہے   آنکھیں کھول' چاند تجھے یاد کرتی ہے

گُن گُن دیکھ آنک کئی بیرا   کَوَن گرہ کی آہ اُبھیرا

موقع پہچان' اے بہادر' سمجھ کر دیکھ   کس وقت سے تجھے تکلیف ہوگئی ہے

بَہہ گُن گُنی رتری پَردھاناں   بَہہ بیادھ بَہہ اَو کَھد جاناں

یہ بہت خوبیوں والی عورت خاص ہے   بہت تکلیفوں' بہت دواؤں کی جاننے والی ہے

مہر بَھنڈار بَھنڈاری اَو چاندا کئی دھائیٔ

یہ مہر کے قلعہ کی ملازمہ ہے اور چاندا کی دای ہے

نَین اُگھار[عله] بات کہہ لور' آئیوں آہ بُلائیٔ

اے لورک آنکھ کھول' بات کہہ' میں اِسے بلاکر لائی ہوں

۱۵۷۔ دور شدنِ کھولن و گفتنِ لورک حکایتِ دیدنِ چاندا با برسپت۔

جَنَنِ جَو کہہ بول اُبھاسا   سَہَس کراں سورج پَرگاسا

ماں نے جب چاند کہکر بات شروع کی   سورج نے ہزار خوبیوں کے ساتھ جلوہ دکھایا

کَہیس جَنَنِ یہہ بِیدن کہوں   توریں لاج لَجات سُن اُہوں

(اُس نے کہا) اِس سے اپنی تکلیف بیان کرونگا   (لیکن) آپ کی وجہ سے اِس سے شرماتا ہوں

کھولن جای اور تَہہ ٹھاڑھی   لورک پیر ہِئیں کئی کاڑھی

کھولن دوسری جگہ جاکر کھڑی ہوگئی   لورک نے دل کی تکلیف کھول کر بیان کردی

جیہہ دِن ہُوں جیو نار بُلاوا   مہر مَندر کاہو دِکھراوا

جس دن میں دعوت میں بلایا گیا تھا   مہر کے محل میں کسی نے خود کو دکھایا تھا

سو جیو لیگئی کہی نہٗ جائیٔ   بِن جیو بَھئیوں پَرِیوں گھہرای

وہ میری جان لے گئی' یہ بات کہی نہیں جاسکتی   میں بیجان ہوگیا' چلاّ کر گر پڑا ہوں

سورہ کراں سَپورَن چاند جوت پَرگاس

سولہ طرح سے وہ آراستہ تھی' چاند جیسی روشنی دے رہی تھی

بیج چمک پَر چمکی ' اوہِنہ دَھوراہَر پاس

بجلی کی چمک جیسی چمک رہی تھی' وہ اُس قصر کے قریب

۱۵۸۔ منع کردنِ برسپت لورک را کہ ایں حکایت نہ گوید

سُن لورک اُس بات نہٗ کہیٔ   جو کہی اِنہہ دیس نہٗ رَہیٔ

(برسپت نے کہا) لورک سُن یہ بات کسی سے نہ کہنا   اگر کہوگے تو اِس ملک میں نہ رہ سکو گے

وہ تو آہ مہر کئی دِھیا   سَرگ چاند' دَھوراہَر دِیا

وہ تو مہر (راجا) کی بیٹی ہے   وہ آسمان کا چاند' محل کا چراغ ہے

عله۔ اُگھاڑ (مرہٹی) برسات کا رک جانا' آنسو کا تھم جانا۔

ترائِنہ جاکر سیج بچھاوَ نہتہ   نوئی نکھت نِس پہرے آوَہِنہ

تمام تارے اُس کا بستر بچھاتے ہیں   نو ستارے رات کو پہرے کے لیے آتے ہیں

سوتئیں دیکھ بیج پَر باری   گھن ہوت جیہ گئی نہ ماری

اُس نے تجھے دیکھکر بجلی گرای تھی   وہ گہن میں تھی، تیری جان مار کر نہیں گئی

مَن کئی سوگ ہئیں ہُت دھووَہ   جیئیں بھوبج سُکھ نِندرا سووَہ

طبیعت کے غم کو تو دل سے دھوڈال   کھا، پی اور عیش کی نیند سویا کر

اِت راجا کے دوار، اَو نِس سَرگ بَسیرو

اُس راجا کے دروازے کو جو رات کو آسمان پر آرام کرتا ہے

جینہہ کا راج پِرتھیں، تیہہ تو گرب نہ ہیرو

جس کا راج زمین پر ہے، اُسے تو غرور سے تلاش نہ کر

۱۵۹۔ منت[۱] کردنِ لورک پیشِ برسپت۔

چاند کا اُتر برسپت کہا   سورج دوہنہ پاین پَر رَہا

برسپت نے چاند کے بارے میں یہ جواب دیا تو   سورج اُس کے دونوں پیروں میں گر پڑا

آج برسپت سُدِن ہمارا   مُکھا کنوَل جو دیکھ تمھارا

(کہا) اے برسپت میرا آج مبارک دن ہے   کیونکہ تمھارے چہرے کا کنول نظر آیا ہے

کہہ سو بات جِہنہ ہوی مِراوا   بَھل جو کرئی بَھلائی پاوا

وہ بات کہو جس سے ملاپ ہو   جو بھلا کریگا وہ بھلای پائیگا

کئی[۲] بِس موہِنہ لئی آن کِھیاوَہ   کئی سو منتر بُدھ[۳] آج جِیاوَہ

یا تم زہر کی جڑ لاکر مجھے کھلادو   یا ایسا منتر کرو کہ آج مجھے زندہ کرلو

کِرپا لو دَس نکھ مُنہہ میلئی   پاین پَرئی برسپت ٹھیلئی

(لورک نے) مہربانی کے لیے دسوں انگلی منہ میں لیں   پیروں میں پڑے کو برسپت ڈھکیلنے لگی

۱ع۔ بھوپال: بہ پاے افتادنِ لورک والحاح بسیار نمودنِ او۔ ۲ع۔ کئی = یا۔ ۳ع۔ بُدھ = ترکیب۔

ہونٹ کی شکر نگاہ کے گھی میں گھولتی ہوں   دل کا تھال بھر کر تمھارے سامنے لای ہوں
سرگ بیل پھر تجھ کو راکھی   نینھ دیکھ گسای نہ چاکھی
اِس حسین بیل کے پھل تمھارے لیے رکھے ہیں   آنکھوں سے دیکھو، اِن کو شوہر نے نہیں چکھا ہے

پھور سیج پرمل چندن بہہ بدھ کیج
پھول کا بستر عطریات، چندن بہت قسم کے تیار کیے ہیں
کر گہہ برد پیو دھر، اُدھر کھنڈ رس لیج
میرے محبوب ہاتھ سے سنبھال لو، ہونٹ کی شیرینی کا مزا لیلو

-۲۱۵

آپن مرم چاند جو کہا   اُٹھ کے چاند لورد کر گہا
چاند نے جب اپنی بات کہدی   چاند نے اُٹھکر لورک کا ہاتھ پکڑ لیا

علہ۔ پرچھ = امتحان، آزمایش   ۲ علہ۔ تھارا = شادی کے زیوروں کا تھال۔

گُہہ اَنکو گے دیٖنھی باہا   پُرَم نہٗ سُنکے لوُرک ناہا

بغل میں پکڑ کر گلے میں باہہ ڈالدی   محبت میں لورک شوہر نے تأمل نہیں کیا

آدھی بیری کھنڈ مُکھ دیٖھی   آدھی چھین لور پیہر لیٖنھی

آدھا بیڑا کاٹ کر لورک کے مُنہ میں دیا   آدھا چھین کر لورک سے لے لیا

تَبَہہ سیس لور سرو وارے   تَبَہی کھیچ ماجھ مُکھ مارے

اُس وقت لورک سر پر سر کو وارتا تھا   اور کھینچ کر مُنہ پر اپنا مُنہ مارتا تھا

تَبَہی روس پیٹ دَے بَیٹھس   تو تَبَہی ہَنس کے تورے کیس

اُس وقت غصّہ سے پیٹھ کر کے بیٹھی تھی   اور اُس وقت ہنسکر بال توڑتی تھی

چَلَت لور کچھُ مَن نہٗ سُہاوَے   کہہ کہہ پُرَم چاند بَوراوَے

چلتے ہوے لورک کو کچھ بھی بھلا نہ لگتا تھا   کہہ کہکر محبت میں چاند دیوانی ہورہی تھی

بھوکر چیت اپنا لور مَدَن بت لاگ

دل میں اپنی بہت خواہشیں اُبھریں لورک محبوب سے مانوس ہوگیا

اَت رَس کَے سیج چھُن راوَے، چاندا دیہہ سُہاگ

پھر بہت لطف سے بستر پر عیش ملا، چاندا کو سہاگ دیدیا

۲۱۶۔

پَیٹھ بھُجنگ رای کی باری   پھُول کَری رَس لے پھُلواری

بھُجنگ (بھنورا) راجا کے باغ میں آگیا   پھلواری میں پھول اور کلی کا رس لینے لگا

ڈار ڈار چَہُنہ دِس پھر آوَے   کھوٹے داکھ بیل پھر راوَے

چاروں طرف ڈال ڈال پر پھر آیا   کھوٹے، داکھ، بیل کے پھلوں کا لطف لیتا تھا

رَوَے نارَنگ اَتنگ جَنبھیری   برسے نارَنگ داریوں کیری

نارنگ، اتنگ، جنبھیری سے اور   نارنگی، داری، کیری سے لطف لینے لگا

چَندَن کوپ ناسکا لاوَے   باس لئی اَو سیس چَڑاوَے

چندن کی کپّی وہ ناک سے لگاتا تھا   خوشبو لیکر وہ سر پر چڑھاتا تھا

جَہیں جَہیں جوہی اَور بَسیوتی   سَبَے پھوُر بِلَس بَن پاتی

جگہ جگہ جوہی اور سیوتی کھلی تھی   سبھی طرح کے پھولوں سے لطف لے رہا تھا

راو کی راکھی باری چاند   بھُجنگہہ دِیٖنھ

راجا کی اِس رکھی ہوی باڑی کو چاندا نے بھنورے کو دیدیا

رَس جَو لیٖنھ پیاسے بھُجنگ بِن رَس کیٖنھ

پیاسے بھنورے نے جب رس لیا تو اُسے رس سے خالی کردیا

۲۱۷۔ مجامعت کردنِ لورک با چاندا۔

کِھن ایک ہاتھ پاے رینگ آے   پھِن رے پھیر دُہُنہ ہیَنہ اُرلاے

ایک پل میں لورک کے ہاتھ پیر تک رینگتے تھے   پھر لوٹا کر دونوں پستانوں سے لگ جاتے تھے

بَہُہ سُہاگ دَی سُندرِ دَھری   کھری اوٹ جَنُ سانچیں بھَری

بہت سہاگ دیکر اُس نے سندری کو پکڑا   گویا خوب جوش دیکر سانچے میں بھر لیا تھا

اَدھر اَدھر سوں گَر گَر دَھری   نابھی نابھی سوں تانی رَہی

ہونٹ ہونٹ سے، ہاتھ ہاتھ سے پکڑا   ناف ناف سے چسپاں ہو رہی تھی

جانگ جور تَس کَئی لَئی لاے   جَنُ گج میمَنت بَرکَھنہ آے

جانگھ کو جوڑ کر اِس طرح لگایا تھا   گویا مست ہاتھی مقابلے کے لیے آے ہوں۔

کام سَکَت[۱] دَھن اَس کَے گہی   پھُنرو[۲] پھوٹ اَمرِت لے بہی

جوشِ شہوت سے عورت کو ایسا پکڑ لیا تھا   اَمرت کی ندی پھوٹ کر بہہ نکلی

دھن سُس رات جِہہ سَجن مِلاوا، رَیَن چھماسی ہوئی

وہ رات مبارک ہے جس نے محبوب سے ملایا، وہ رات چھ ماہ کی ہوجاے

پنچ بھوت آتما سِرانَیں، اَس برسو سَبھ کوئی

حواسِ خمسہ اور روح کو سکون مل گیا، اِسی طرح ہر شخص کو عیش ملے

۲۱۸۔ وقتِ صبح نہاں کردنِ چاندا لورک را در زیرِ تخت۔

۱۔ سَکَت = مِلاکر، ساتھ میں   ۲۔ پھُنرا مرت = واپس آکر، نئی زندگی پاکر۔

کیل کرت سبھ رَیَن بہانی   دیکھ سُور دھن اُٹھی ڈَرانی
ساری رات یہی عیش کرتے گذر گیی   سورج نکلتا دیکھکر عورت ڈر گیی
جُو لَہہ چیری اُٹھے نہ پاوا   تو لَہہ چاندَین سُورج لُکاوا
جب تک باندیاں اُٹھنے نہ پائیں   تب تک چاندا نے اپنے سورج کو چھپا دیا
موہ سُنک آپن ناہیں لورا   مَت تجھ ہوی، پہل ڈَرْ تورا
تجھے اے لورک اپنی تو فکر نہیں ہے   تجھ کو کچھ ہوجائے مجھے یہ بڑا ڈر ہے
مَت کوی چیری دیکھن پاوا   جای مَہر پہنہ بات جناوا
کوی باندی تجھے دیکھنے نہ پائے   وہ جاکر مہر کو یہ بات بتا دیگی
جو کوی توہ کوں دیکھئی آئی   ہَوں چھِن مَرْوں توہ بِس کھائی
اگر کوی آکر تجھ کو دیکھ لیگا   میں فوراً تیرے لیے زہر کھاکر مرجاونگی

پِرَم کھنلیتی جو کر ساہَس، سو تَرِلا گئی پار
اگر ہمت کرد تو عشق کی کشتی بھی پار لگ جاتی ہے
مانجھ سمند ہوی بیری تھاکی، تیر لاد کر تار
بیچ سمندر میں میرا بیڑا پھنس گیا ہے، اے خدا اسے کنارے لگا دیجیے

۲۱۹۔ آب آوردنِ کنیزان وروے چاندا شستن و آمدنِ سہیلیاں۔

بھور چیر پانی لئی آئی   مکھ دھووا اَور سکھین بُلائی
صبح ہوی، کنیز پانی لیکر آگیی   مُنہ دھویا اور سہیلیوں کو بلایا
بھنبھر مکھ نِس چاند نہ سودا   چیرو پھاٹ کہواں لَہہ گودا[1]
چہرہ تمتمایا تھا، چاندا رات میں سوی نہ تھی   کپڑے پھٹ گیے، انھیں کہاں تک گوتھے
پھری مانگ، کیس اُدھیانے[2]   پُھول جُھر، ہار دے کُنبلانے
مانگ پھر گیی تھی، بال منتشر تھے   پھول سوکھ گیے، دل پریشان تھا

[1] گودڑیں (مرہٹی) گوتھنا، الجھانا، گانٹھ لگانا۔

[2] اُدھانڑیں (مرہٹی) مستی میں آنا، جوشِ شہوت کا ہونا۔

سُکھِن دیکھ راوَن کی رَئی   تورے چاند بھر اُنگر گیی
سہیلیوں نے دیکھا، راون کی تھتی ہوی ہے   اِسی لیے چاندا کا مُرواں مُرواں کھڑا تھا
بِھئے اَبند لوئَن رَتنارے   دُہنہ دِس کھائے تنبول پیارے
مزے میں آنکھیں لال ہورہی تھیں   گویا دونوں طرف سے پیار کے پان کھائے تھے

چولی چیرو سنوارہ، سیس سندورہ مانگ
چولی ساڑی کو درست کرتی ہے اور سر میں سندور بھری مانگ
بھنور پھول پر بیٹھو، لاگ دیکھ رتہہ آنگ
بھنورا پھول پر بیٹھ گیا، اُس کے جسم سے یہ نظر آنے لگا تھا

۲۲۰۔ جواب دادنِ چاندا مر سہیلیاں از بہانہ۔

چاند سَہیلین سوں اَس کہا   ایکو چیر نہ جاگت رَہا
چاند نے سہیلیوں سے اِس طرح کہا   ایک بھی کنیز جاگ نہیں رہی تھی
رَیَن چو کھنڈی چڑھ براری   لئی اُوندر گُھس پَری پِچھاری
رات چو کھنڈی پر بلّی چڑھ آی تھی   چوہے کو لیکر بستر میں گُھس گیی
اوپر پَری توہ مَیں جاگا   نکھ تھن لاگ چیر پھُٹن بھاگا
جب وہ اوپر گری تو میں جاگ گیی   پستانوں پر ناخن لگے، ساڑی ٹکڑے ہوگیی
توہِ مَیں مور نیند اُڑانی   اِہ پَر جاگت رَیَن بِہانی
اِس وجہ سے میری نیند اُڑ گیی   اِس طرح جاگتے پوری رات گذری ہے
ہاتھ پاو مَیں نَرو نہ سنبھارا   پھری مانگ سیس اَو بارا
سیج بیچ میں ہاتھ پیر سنبھال نہ سکی   سر کی مانگ پھر گیی اور بال بھی

رتہہ گُن نَین رات مور مُکھ بھنبھر کُنبلان
اِس وجہ سے آنکھیں لال ہوگئیں، میرا چہرا تمتمایا، مُرجھایا ہے
اَیَس رات موہ دوبھَر، مَندَر نہ کواو جان
رات میرے لیے ایسی دوبھر ہوگیی، گھر میں کسی کو پتا نہ چلا

۲۲۱۔ رفتن برسپت بر مہر و کیفیت گر بہ افتادن باز نمودن۔

جای برسپت مہر جہاری   گئی جہاڑ پھُن بات اُبھاری

مہری کے پاس جاکر برسپت نے سلام کیا   سلام کرنے کے بعد اُس نے بات شروع کی

رَین ڈُرانی چاند دُلاری   بسوَیں اُوپر، پری نِنجاری

رات میں پیاری چاندا ڈر گیی   اُس کے بستر پر بلّی اُپڑی تھی

چیرو پھاٹ مُکھ گا کُمھلائی   چاند گہن ہوی بہت لجائی

ساڑی پھٹ گیی، چہرہ مرجھا گیا   چاندا افسردہ ہوکر بہت شرمای

چیری بسوَئی بھا اندھیارا   جاگت چاند بھیئو بھنسارا

کنیزیں بستروں پر تھیں، اندھیرا ہوگیا   چاندا کو جاگتے ہوے سویرا ہوگیا

اَنّ نہ روچ، او بھاوِ نہ پانی   پھول گھام جس چاند شکھانی

نہ کھانا پسند ہے اور نہ پانی بھاتا ہے   دھوپ میں پھول کی طرح چاندا سوکھ گیی

چلہہ مہر کچھ دیکھو او کچھ دَھرہ اُتار

اے مہری چلو کچھ دیکھو اور اُس پر کچھ اُتار کرو

بسئی جس کو، چھرگی، اُس بھئی چاند بکرار

جیسے سوتے میں کوی چھلا گیا ہو، ویسے ہی چاندا بیقرار ہے

۲۲۲۔ آمدن مادر و پدر و خاندان و در تواب ساختن چاندا خود را۔

ماتا پتا لوک جن آوا   گنوڑ^عہ چاند نہ مکھ در ساوا

ماں، باپ، خاندان کے لوگ آئے   پریشان حال چاندا نے اُن کو منہ نہیں دکھایا

ایک آپہہ اُس اُکرنگ لائیس   او توہ اوپر سُرج لکائیس

خود پر ایک یہ کلنک لگایا (شوہر کو چھوڑا) تھا   اور اُس کے اوپر سورج (محبوب) کو چھپایا ہے

چاند سُرج گھر دھرا چھپائی   راہُ گرہ دُئی گرہ ئیں آئی

جب چاندا نے سورج کو گھر میں چھپا رکھا تھا   راہو تارا (نوکر) دونوں کو گہن میں لے آیا

عہ۔ گنوڑ (कुंवड) مرہٹی = خاک شدہ۔

لورو چوکھنڈی دئی سنبھارا   کوہ دِوس اَنتوئی کرتارا

لورک نے چوکھنڈی میں خدا کو یاد کیا   اے خالق اِس بُرے دن کو ٹال دے

اَئیس گُل کُھنا موںڈ کٹاؤب   پاپدھ چور پَر رو کھ ٹنگاؤب

میں ایسا ننگ خاندان سر کٹا دُنگا   گناہگار چور کی طرح پیڑ پر لٹکونگا

نیر مینچ ہوی ڈھوکی، رُکت نہ رہا شکھان

موت قریب آپہنچی تھی، خون نہیں رہ گیا، سوکھ گیا

بِن جیہ لورک سیج تراہیں، آپن کیا نہ جان

بستر کے نیچے لورک بیجان ہوگیا، وہ اپنے جسم کو نہیں جانتا تھا

۲۲۲۔ وداع کردن لورک با چاندا۔

اَنتھوا سُرج چاند دِکھراوا   اَمرت چھرکا لوُر جیاوا

آخر سورج ڈوبا، چاند نظر آیا   چاند نے امرت چھڑکا، لورک کو زندہ کیا

آپن مینچ نَین مَیں دیکھی   مینچ آئی، پھر گئی بسیکھی

اپنی موت میں نے آنکھوں سے دیکھ لی   موت آئی پھر بے شک واپس چلی گیی

ہوں جیجیا، چاند گنبلانی   اُت اُو سان بھیا تہنہ بانی

مجھے زندہ کردیا، چاندا گھلا گیی ہے   اِس بات سے میں بہت پریشان ہوں

اینہہ بر رَین جو دَئی جیاوئی   تاکہنہ مینچ نہ نیرے آوئی

ایسے میں رات کو خدا نے جسے زندہ کردیا   موت اُس کے قریب نہیں آئیگی

اُدھر چونب، بھردے انکواری   چاند پائین پر بانہہ پساری

لورک نے ہونٹ چوم کر بغل میں بھر لیا   چاندا باہیں پھیلا کر قدموں میں پڑ گیی

شنہہ لور ایک بنتی، اب تُمہہ کاہ سنکاہ

اے لورک تم میری ایک عرض سنو، اب تمھیں کیا شبہ ہے

ہوں تُمھرئی جَیئس بیاہی، توں مور بیاہو ناہ

میں تمھاری بیاہی جیسی ہوں، تم میرے بیاہے شوہر ہو

۲۲۴۔ فرود آمدنِ لورک از قصرِ چاندا و خبر یافتنِ دربانان۔

بولا بیر باٹ دِکھراوہُ او تُمہہ چاند بار لہہ آوہُ

بہادر نے کہا تم مجھے راستہ دِکھادو اور اے چاندا تم دروازے تک آؤ

اُتری چاند مَندر چلِ آئی بھو پر سُرج گوہن لائی

چاند اُتر کر محل کی حد تک آئی زمین پر سورج کو اپنے ساتھ لائی

چھاڈ مَندر بیگ گھر سارا پَنوَر پَنوَریہہ جاگ کھنکھارا

محل چھوڑکر تیزی سے گھر کی طرف گیا چاپ سے جاگ کر چوکیدار نے کھنکھارا

چلت پاے کر آرو پاوا کہا پَنوَریہہ تَسکرو آوا

چلتے قدموں کی آہٹ اُنھوں نے پای چوکیداروں نے کہا ڈاکو آگیا ہے

چاند کہا مَیں چیرِ بُلاوَب پھولہتہ کہہ پھلوار پٹھاوَب

چاندا نے کہا میں کنیز کو بُلاتی ہوں پھول کے لیے اُسے پھلواری بھیجونگی

اُگھری پَنوَر بجر گئی' بیرو سَمُند گا بھاگ

وہ مضبوط دروازہ کُھل گیا' بہادر الگ ہوکر بھاگ گیا

چاند چڑھی چَوکھنڈی' پَنوَر بجر ہوئی لاگ

چاند چوکھنڈی پر چڑھ گئی' مضبوط دروازہ بند ہو گیا

۲۲۵۔ پرسیدنِ مَیناں بر لورک را کہ شب کجا بود۔

مَیناں پوچھہہ کہاں رَیں کینھہہ کَوَن نارِ بھُو بَرد گینہ دینھہہ

مَیناں نے پوچھا' رات کہاں بسر کی ہے کس عورت کی باہیں اپنے گلے میں دی ہیں

رَکت نہ دیہہ ہَردِ جَنُ لائی اَو مُکھ سَب دینھ چڑھائی

جسم میں خون نہیں گویا ہلدی لگای تھی اور سارے چہرے پر سیاہی چڑھائی تھی

پیَر پات جَس لورک ڈولَس مُرمُر ہَنَس نِرنگ بھا بولَس

اے لورک پیلے پتّے کی طرح تم ہل رہے ہو مُڑ مُڑ کر ہنستے ہوئے بے رنگ ہوکر بولتے ہو

عہ۔ پرمیشوری میں بند نمبر ۲۲۶ اِس بند سے پہلے۔

ہَوں مَنَسہہ اَوہَٹ پہچانَوں نَینہہ لاو سوت جَس جانَوں

میں آدمی کو دور سے پہچانتی ہوں آنکھوں سے لگائے سوت کی طرح جان لیتی ہوں

ڈھیل کاجہہ سَت آپ گنواوا سَت کَ ہین جَس تُمہہ گھر آوا

مٹی کے ڈھیلے (جسم) کے لیے اپنی پاکی گنوادی پاکی سے خالی ہوکر تم اب گھر آئے ہو

ہَنس لورک اَس بولا' رادھا رات کھِمائیوںعہ

ہنسکر لورک نے یہ کہا' رات رادھا کے ساتھ سانگ بھرا تھا

کَوتک رَین بِہانِ' رتہہ دیکھت نَین نہ لائیوں

اِس تماشے میں رات گذری' دیکھتا رہا' آنکھ لگ نہ سکی

۲۲۶۔ مواجہ شمردنِ لورک' چاندا بر قصرِ خود رفتن۔

چاند دھورا ہَر چڑھِ اَس چاہا سُرج کَوَن مَندر دِہُنہ آہا

چاندا نے قلعہ پر چڑھکر دیکھنا چاہا دیکھوں سورج (لورک) کس گھر میں رہتا ہے

جَنَم اَستھان جائی پَگ دھرا پانچ ایہہ سَترہ دِن بھرا

مقامِ طلوع پر جاکر اُس نے قدم رکھے ایسا لگا کہ دن دشمنوں سے بھرا ہوا ہے

مین راس جو کَر کہہ جا رَہیہہ سنگھ پَردس نیر ہوئی آیہہ

جب برجِ حوت سے برجِ سرطان میں جائیگا تب پڑوسی شیر اُس کے قریب آئیگا

تُلا رَین دِن دواوَسم آوَہہ پَنتھ برابر پَئی رے دھاوَہہ

برجِ میزان میں رات دن برابر ہوتے ہیں برابر کا راستہ دوڑ کر طے کرتے ہیں

پاپَچھیں بَردی گگن چڑھ آوہ رَین چاند کَس تہہ رے پاوہ

بعد میں چاہے سورج آسمان پر چڑھ آوے رات میں چاند اُسے کیسے پائیگی

بَہُت دِن ہوی میراوا' چاند گِن دیکھی راس

بہت دنوں میں ملنا ہوگا' چاندا نے راس گن کر معلوم کیا

عہ۔ اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ لورک ایک رات باہر رہا۔ اِس بنا پر بھی خیال ہوتا ہے کہ شاید بند نمبر ۲۱۲ تا نمبر ۲۱۶ الحاقی ہیں۔

گنگا لانگھ گئی لورک، جو ہردین لئی جاسں

جب گنگا کو پار کرکے لورک ہلدی (مقام پر) لے جائیگا

۲۲۷۔ خبر یافتنِ مادر و پدرِ چاند از آمدنِ کسے بیگانہ بر قصر۔

مہری مہر پائی اَس چاہا   مندر پُروکھ اِک آوَت آہا
مہری اور مہرنے یہ خبر پالی   محل میں ایک آدمی آتا تھا
چیری، چیر، ناو او بارئی[1]   تہہ سُن چیر گھر بات سنچاری
لونڈی، غلام، نائی اور تنبولن نے   یہ سُنکر محلّہ اور گھر میں بات پھیلا دی
گھر گھر مہریئیں کہہ مَس کرہیں   سُن گئی اُکرک چیتہنہ نہ دھرہیں
گھر گھر عورتیں کہکر بدنام کرتی تھیں   کلنک کی بات سُنکر دل میں نہیں رکھتی تھیں
گووَراں بات گھنا پھُن بھئی   اَدگھُ مَیناں پہنہ پھُن گئی
گوور میں یہ بات پھر خوب عام ہوگئی   اور کچھ میناں کے پاس بھی پہنچ گئی
پھُول گھام[2] جَس رہی شکھائی   بہسَت مَیناں گئی کُمبلائی
جیسے دھوپ میں پھول سوکھ رہتا ہے   ہنستی ہوئی میناں افسردہ ہوگئی

تادِن کہا لورَ کہنہ، رووَت مَیناں جائی
اُس دن لورک کے پاس جاکر روتے ہوئے میناں نے کہا
آگ لاگ سُن بَستَر، جَر تئی جاے بُجھائی
یہ سُنکر میرے کپڑوں میں آگ لگی ہے جو میرے جلنے سے بجھیگی

۲۲۸۔ پُرسیدنِ کھولن بر میناں را از تغیرِ حالِ او۔

کھولن مُنہہ دیکھت آہا   کہس تُہہ کر دِھیہ کیئیں کچھُ کہا
کھولن میناں کو دیکھتی تھی   کہنے لگی: بیٹی تجھ سے کسی نے کچھ کہا ہے
بَرَن رات سانوَر تور کاہیں   بَرَن سَس تور رات ہوی چاہیں
تیرا سرخ رنگ سانولا کیوں ہورہا ہے   تیرا رنگ تو سرخ ہونا چاہیے

؎۱۔ باری (مرہٹی) = تنبولی۔   ؎۲۔ گھام (پوربی) = دھوپ، (مرہٹی) = پسینہ۔

موہِ کہہ سُنی کچھُ تَیں باتا   لور بیر بہیرئیں کہنہ راتا
مجھے بتا، اگر تونے کچھ بات سُنی ہو   لورک بہادر کہیں باہر فریفتہ ہوا ہے
باری اُتَر دیس نہ موہی   کیئیں کچھُ آئی کہا ہئی توہی
اے بچّی تو مجھے جواب نہیں دے رہی ہے   کیا کسی نے تجھ سے آکر کچھ کہا ہے
جیبھ کاڑھ تاکر ہوں جاروں   گھر ہتہ چھُڑای تہہ دیس نساروں
اُس کی زبان نکال کر میں جلا ڈالوں   گھر سے چھُڑا کر دیس سے نکلوا دوں

اُردھ کاٹ ہوں مرہوں، کہس نہ بیدَن کاہ
میں اپنا سر کاٹ کر مرجاونگی، تو نہیں بتاتی کہ کیا تکلیف ہے
سُہر روپ تور بہیر بِڈرے ڈھانکت آہ
تیری اِس حسین صورت کو شاید کوئی ظالم ڈھک رہا ہے

؎۱ ۲۲۹۔ جواب دادنِ میناں بر کھولن را۔

کاہ کہوں ہوں کھولن مائی   ہوں بہُئی، آہوں دِھیہ پَرائی
اے کھولن ماں میں کیا کہہ سکتی ہوں   میں بہو ہوں اور غیر کی بیٹی ہوں
دِھیہ کے جات آہ سبھ کیریں   ہوں پھُن بہُئی تہہتہ گئی چیری
بیٹی کی ذات سب کی (باندی) ہوتی ہے   میں پھر بہو اور یہاں کی کنیز ہوں
جان بوجھ کے مُہنہ کس گووَہ   ہوئی تُمھار تَسکر رووَہ
جان بوجھکر تم مجھ سے کیوں چھپاتی ہو   وہ تمھارا چور ہے اِس لیے روتی ہو
جاکر کوئی[2] جَرئے سو جانئی   اَن جَرتیں کس کاہ بکھانئی
جس کا کچھ جلتا ہے وہی جانتا ہے   جو جلا نہ ہو اُسے کوئی کیسے بتاسکتا ہے
تُم جانہُ موسیوں کر چوری   لورک رَونئی پَرائی گوری
تم جانتی ہو وہ مجھ سے چوری کرتا ہے   لورک غیر گوری سے عیش کررہا ہے

؎۱۔ پرمیشوری میں یہ بند نمبر ۲۲۳ کے بعد۔

؎۲۔ کوے (کاف بہ واو مجہول کشیدہ، یائے مجہول ساکن بروزن سوے، روے) مراٹھی = گٹھلی، قوطہ۔

ہَوں جو کہت تُمہہ دِن دِن، لور رَیَن کِت جائی

میں جو تم سے ہر روز کہتی ہوں، لورک رات کو کہاں جاتا ہے

گھرہِ داکھ رَس پور رہے، چَر چَر آوِ پَرائی

گھر کے انگور کا رس ختم کرچکا، غیر کے ہاں چَر کر آتا ہے

٢٣٠۔ مُتفکر شدنِ کھولن کہ مَن ہیچ نمی دانم۔

اَو ہی پوہ مور ماٹی ہواو   موہنہ آگیں جو کہہ کس کواو

میری مٹی (جسم) اُس وقت گوبر ہوجائے   میرے سامنے اگر کوئی کہے کہ یہ کیا ہے

ہَوں دوکھی جو کچھہ جانوَں   اَنجانتے کَس کاہ بکھانوَں

میں قصوروار ہوں اگر کچھ بھی جانتی ہوں   بغیر جانے کس طرح کیا کہہ سکتی ہوں

دَئی ٹھاوں بھل بار نہ پاوَوں   جان بوجھ جو توہِ لُکاوَوں

خدا کے قریب کے لیے بھلا راستہ نہ پاؤں   اگر جان بوجھکر تجھ سے کچھ چھپایا ہو

سوکس آہ رانڈہِ بھنڈ[1] ہائی   سیج چھانڈ جو اَپنَیں جائی

غیر عورت سے تعلق جوڑنا کیسا (بُرا) ہے   جو اپنا بستر چھوڑکر جائے (بہت بُرا ہے)

گھر کئی سُندرِ کیتھ بِرائی   اَپنئی کیتیو آن پَرائی

گھر کی حسین عورت کو چھوڑ دیا ہے   غیر کو لاکر اُس نے اپنا بنالیا ہے

توہِ لاگ چِت باندِھیوں، جیو مور توں آہ

میں نے تجھ سے اپنے دل کو باندھا ہے، تو ہی میری زندگی ہے

کہَہ نہ کَون بھنڈ ہای، دیس نِسارَوں تاہ

تو بتادے کہ کس نے یہ بُرائی کی ہے، اُسے میں دیس سے نکال دونگی

٢٣١۔ باز گفتنِ میناں بر کھولن را۔

مای مور تُمہہ ساس نہ ہوہو   بولیوں چِتہِنہ اُٹھا جو کوہو

اے میری ماں تم (محض) ساس نہیں ہو   دل میں جو غصّہ تھا وہ زبان سے نکل گیا

---

[1] ۔ بھنڈ (مرہٹی) = ستانا، بھنڈائی (مرہٹی) = جھگڑا۔

جاکر نِت اُٹھ بار بوہارَوں   تاکر اوچھ کہئی کا پاروَں

میں ہمیشہ اُٹھکر جس کا دروازہ جھاڑتی ہوں   اُس کی اوچھی بات میں کیسے کہہ سکتی ہوں

کئی بیاہ باری ہَوں آنیں   چولھ نہ پھونک گیَوں نہہ پانی

بیاہ کرکے تم مجھے بچپن میں لائی تھیں   میں نے نہ چولھا پھونکا نہ پانی لینے گئی

بھنوَر باس کینورے کئی راتا   کنوَل کلی رَوہِ، پوچھ نہ باتا

بھونرا کیوڑے کی خوشبو پر مست رہتا ہے   کنول کی کلی سے لطف لیتا ہے، بات نہیں پوچھتا

اَنبرتِ سَرووَر اَچھت بھرا   سو سَرووَر لئی اَنتئیں دھرا

آبِ حیات کا حوض محبّت سے بھرا ہے   اُس حوض کو لیجاکر غیر جگہ رکھ دیا ہے

جای دیہہ موہِ کھولن، لورک کینھ دُہیل

اے کھولن مجھے جانے دو، لورک نے دُکھی کردیا ہے

سارَس بِرَ رَز مَر دِل، پیو بِن رَین اَکیل

محبوب کے بغیر رات میں اکیلی، میں سارس کی طرح چلّاکر مرجاؤنگی

٢٣٢۔ جوابِ دادنِ کھولن بر میناں را۔

رُوس نہ جائی ہوئی ہَرُ وائی   ہَروئی بات جائی گرو وائی

غصّہ اگر نہ جائے تو یہ ہلکا پن ہے   ہلکی بات سے بھاری پن چلا جاتا ہے

ہَرُوو بول بھار سہ لیجا   ہَروئیں کہنہ جیو گرو نہ کیجا

ہلکی بات کا بوجھ برداشت کرلینا چاہیے   ہلکی بات سے دِل پریشان نہ کرنا چاہیے

ہَرُوو ہوئی بُدّھِ کیر اَیاناں   ہَروے نہ ہوئی گرو سیاناں

ہلکا شخص عقل میں ناپختہ ہوتا ہے   ہلکا آدمی بھاری اور ہوشیار نہیں ہوسکتا

ہَرُوو سو پھونکہِ جائی اُڑائی   پاؤں نہ ڈول جنہہ چت گرو وائی

ہلکا جو ہے پھونکنے سے اُڑ جاتا ہے   مزاج میں بھاری پن ہو تو قدم لغزش نہیں کرتے

گرُوئی ہوئی گھر اَپنیں رَہئو   اُوہِ ہَروے کہہ چنت نہ کَرہو

بھاری رہنا ہو تو اپنے گھر میں پڑی رہو   وہ ہلکا ہے تو اُس کی فکر نہ کرو

۲۲۳[1] جواب دادنِ مِیناں کھولن را۔

بارِ بیاہ جو تُرِنِ اُداٹی   بیر باندہ اُو ناؤ اُساٹی

بچپن کی بیاہی کو کس نے الگ ڈال دیا   اور بیڑے کو باندھکر ناؤ کو دور کردیا

گُن جو تور، ذھر ناؤ چڑھائی   تو ہیں رے نگّن[2] یہ کو، پتیائی

پکڑ کر ناؤ پر چڑھایا اور رسّے کو توڑدیا   تو اُس فریادی کی بات کون سُنیگا

تیہہ سیتیں کس ہوئی ہیاری   لیج کاٹ گئی کُنویں اُتاری

اُس کے ساتھ دل کا تعلق کیسے ہوگا   جس نے رسّی کاٹ کر کُنویں میں اُتار دیا

لاوئی آگ سیج دِن موری   چاند سُرج رَوَیئں نِس چوری

وہ میرے بستر میں روز آگ لگاتا ہے   چاند کے ساتھ سورج ہر رات چوری سے عیش کرتا ہے

جوہِ سُورج چاند پہنہ آوا   سُرگ ترایَن مُنہہ دِکھراوا

چونکہ وہ سورج چاند کے پاس آتا ہے   فلک کی کنیزیں (تارے) مُنہ دکھانے لگی ہیں

لاج بھیؤ تیہنہ سانوَر، جَئس رات اَندھیار

اِس شرم سے میں سانولی ہوگئی، جیسے رات اندھیری ہو

بَلج چاند مُکھ کاریں، پھرئی رات اُجیار

بے شرم چاند کالے مُنہ کے ساتھ، اُجالی رات میں پھرتی ہے۔

۲۲۴[3]

نِس دو بھر تہاں گی بہائی   دِن بھا لورو پہنچو تا آئی

یہاں کی مشکل رات وہاں گئی (گذر گئی)   دن ہوگیا اور لورک پھر آ پہنچا

مَندر چہوں دِس[4] رَب اُجیارا   توسُ مِیناں مُکھ اَدھیارا

چاروں طرف مکان سورج سے روشن ہوگیا   تب بھی میناں کے مُنہ پر اندھیرا ہی رہا

---

[1] - نسخۂ کاشی۔ لیکن نسخۂ مانچسٹر میں: تقریر کردنِ کھولن بر میناں را۔ یہ مناسب مقام نہیں۔
[2] - نگن = ننگا۔
[3] - یہ صرف نسخۂ بیکانیر میں۔   [4] - دِس (دشا) سمت۔

آگ نہ چولھیں دَھرا نہ پانی   لورَک چَرچی[1] رِبن سُکھانی

نہ چولھے میں آگ رکھی، نہ پانی لائی   لورک سمجھ گیا کہ پیاری رنجیدہ ہے

دَرسَن نہ کرے لور سو مِیناں   سَروَن نہیہ سُنئے بَکت نہیہ بیناں

وہ میناں لورک کی طرف دیکھتی نہ تھی   نہ زبان سے کہتی، نہ کان سے سُنتی تھی

لورک چاہِ نارِ مُکھ جوئے   چیرو کھانچ دَھن تہہِ رِس گوئے[2]

لورک عورت کا منہ دیکھنا چاہتا تھا   کپڑے کھینچا، عورت غصّہ سے چھپاتی تھی

مَرئی سَنیہ سَس مِیناں اُٹھی پیہ سرو جھار

میناں کو مرنے کا خیال ہوا، پیر سے سر تک آگ بھڑک گئی

رَکت دھار دُہنہ نیناہ، روئیس گھال ڈُپھار

دونوں آنکھوں سے خون کی دھار نکلی، پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی

۲۲۵۔ درخاطر گذرانیدنِ لورک کہ مِیناں شنیدہ[3] است۔

کئی گیان مَن لورک گُناں   اَب سو مِیناں کچھ ہئی سُناں

لورک نے غور کرکے یہ سمجھ لیا   میناں نے اب ضرور کچھ سُن لیا ہے

تورے بِرودھ موہِ سیتیں کیھاں   نار اَنتر پَٹ اَنترو دیکھاں

اِسی نے اُسے میرے خلاف کردیا ہے   بیچ میں عورت نے ایک پردہ دے لیا ہے

کر گہہ گئیں دَھن پاس بَیٹھا   رَکت جھرَت تاتیں اور نہ دیٹھا

عورت کا ہاتھ پکڑ کر قریب بیٹھ گیا   خون گر رہا تھا اِس لیے کچھ نظر نہ آتا تھا

اُنسُ پونچھ، مُکھ پانی دھووا   موہِ دیکھ تُمہِنہ کاہے رووا

آنسو پونچھے، مُنہ پانی سے دھو دیا   مجھے دیکھکر تم کیوں رو پڑی ہو

نِس سَت رہئی نہ پارئی مِیناں   دِسٹ نہ کرئی، بکت نہیہ بیناں

میناں، نامطمئن رہتی ہے، کھاتی نہیں ہے   نہ نگاہ کرتی ہے نہ زبان سے بولتی ہے

---

[1] - چرچی = کانپ گیا۔   [2] - گوودئیں (مرہٹی) گتھنا، الجھنا۔
[3] - پرمیشوری: "شنیدنے"۔

کئی مَن سوک[1] سوکا بَیہرہ، کئی کُچھ بھیئو بِساو

یا دل میں غم بٹھائے ہوئے ہے، یا کچھ بے لطفی ہوگئی ہے

رَس مُنہہ بِرَس سنجارئی، چِتنہہ چَرڑھا کَس بھاو

لطف میں بے لطفی شامل ہے (بتا) دل پر کیسا خیال بیٹھ گیا ہے

۲۲۷۔ کیفیتِ (جواب) دادنِ مَیناں لورک را بہ غصّہ۔

رِتہنہ لئی بھاؤ چَرڑھاوَہُ لورا   جیہنہ سیتیں مَن لاگا تورا

اے لورک تم اُس کے لیے فکر کرو   جس کے ساتھ تمہارا دل لگا ہے

تج مارَگ جو کُمارَگ جائی   سو کَس مُکھ دَر ساوئی آئی

جس نے صحیح راہ چھوڑ کر گمراہی لے لی   وہ مُنہ دکھانے کس طرح آگیا

سُدھ سانت جَنُ کچھو نہ جانئیں   مانگت پان تو پانی آنئیں

تم سیدھے سادے گویا کچھ نہیں جانتے   کوی پان مانگے تو تم پانی لاتے ہو

جے چھند تو کھنڈ کاہُ نہ آوے   تے لورک کہوا آبراوے

تو کھنڈ میں جو چالاکی کوی نہ جانے   اے لورک وہ تم نے کہاں سے سیکھی ہے

سیج چھاڈ توں سَرگہنہ جاسی   چاند رَوَسِ او بولسِ بھاسی

میرا بستر چھوڑ کر تو محل میں جاتا ہے   چاند اسے عیش کرتا ہے اور بنکر بولتا ہے

بارِ بھورِ موہِ ڈَہکسِ، جانسِ کچھو نہ جان

مجھ بھولی بچّی کو ڈراتا ہے، سمجھتا ہے کچھ بھی نہیں جانتی

نارِ کینہ تیئیں باوَرِ، تہہِ پَنتھ بَہُل سیان

عورت تو نے باولی کردی ہے، اِس راستے میں تو بہت چالاک ہے

۲۲۸۔ جواب ترسانیدنِ لورک بر مَیناں را۔

اُس دھن پُرُکھ جو بیگ مَراوا   اَن سنبھوئیں اُس اُتَّر پاوا

ایسی عورت مرد کو جلدی مَروا دیتی ہے   جس کا خیال بھی تھا وہ جواب (میناںنے) پایا

عله۔ سوک (بہ واو مجہول) = سوگ، غم۔

ٹھاکُر کئی دِھیہ بِرچھ لاوا   باس گھنئی لئی موڈ کٹاوا

مالک کی بیٹی نے ایک درخت لگایا   عمدہ خوشبو لیکر سر کو کٹوا دیا

سَرگ چاند، دَھر لورک آہا   اِنھ بتائیں دُہنہ کہئی کاہا

آسمان پر چاند، زمین پر لورک ہے   اِن باتوں میں بھلا کیا تعلق ہوسکتا ہے

سَرگ گئین، دَھر بہُرِ نہ آوَی   جیتیں سَرگہہ جان نہ پاوَئی

آسمان پر جاکر زمین پر کوی واپس نہیں آیا   جیتے جی جنّت میں کوی جانے نہیں پائیگا

او جو تُم ہَم سَرگ پٹھاوَب   سَرگ گئیں کر بہُرِ نہ آوَب

اور اگر تم ہم کو آسمان پر بھیجو گی   آسمان پر جاکر میں پھر نہیں آونگا

جیبھ سنکورہُ مَیناں، ہوئی بہُل پچھتاؤ

اے میناں زبان کو روکو، ورنہ بہت پچھتاوا ہوگا

جَئی موہِہ سَرگ چلاوَب، تُم سوں کہاں مِراؤ

اگر تم مجھ کو آسمان پر بھیج دوگی، تم سے ملنا کہاں ہوگا

۲۲۹۔ درآمدنِ مادرِ لورک و آشتی کردن میانِ لورک و میناں۔

سُن کھر بھر کھولِن تَس دھائی   جَس پھُکرت بہہ لاگن آئی

یہ کھلبلی سُنکر کھولن ایسے دوڑی آئی   جیسے زور سے پھنکارتی کوی ناگن آئے

لورہِ اچگر بکت نہ آوا   اَب ہوں اِہنہ بھوکئی کھاوا

قصوروار لورک سے بات نہیں نکلتی تھی   (سمجھا) اب یہ بھوکھا ہی کھا جائیگی

کیس گہہ کر ماتھ اوناٹیس   جھوٹھ پچار دُہنہ گاہِہ لائیس

بال پکڑ کر دونوں کے ماتھوں کو جھکا دیا   ہلکا چپت لگا کر دونوں کو گلے لگا لیا

جاکر چیری پیاوَہِ نہ پانی   تاکر دِھیہ چیری کَے آنی

جس کی کنیز بھی تجھے پانی نہ پلائیگی   اُس کی بیٹی کو تو باندی کرکے لائیگا

او تہہِ اوپر دِہس انگارا   دَہِ دَہِ کُئیلا بھئی سو بارا

اِس کے اوپر تو نے انگارے ڈالے ہیں   یہ بچّی جل جل کر کوئلا ہوگئی ہے

آگ لائی گھر اپنیں، لور دہاں[1] دِسِ دھاوہُ

اپنے گھر میں آگ لگاکر اے لورک دسوں سمتوں میں دوڑتے ہو

بیگ پَیسِ جرِ مینان، اَنبرِت چھِڑک بُجھاوہُ

فوراً آجا، میناں جل رہی ہے، اَمرت چھڑک کر اِسے بجھادے

۲۴۰۔ آشتی کردن لورک با مَیناں از گفتارِ مادر۔

لور ہَرَک کھولن گھر آئی   بیر نارِ کنٹھ لائے مَنائی

لورک کو ڈانٹ کر کھولن گھر میں گئی   بہادر نے عورت کو گلے لگاکر منا لیا

بُھجا جھیل دھن سیج بَیٹھاری   پانِ بیرئی مُکھ دینھ سنواری

عورت کو بازو میں لے کر بستر پر بٹھایا   پان کا بیڑا منہ میں دیکر بات بنالی

رنگ بِن پان کھیاؤ سِ موہی   سو رنگ اَبہِنہ نہ دیکھوں توہی

(میناں بولی) بغیر رنگ کے مجھے پان کھلاتے ہو   تم میں وہ (محبّت کا) رنگ اب نظر نہیں آتا

رنگ بِن باتہِنہ بھاؤ بناوا   تُمہِ لورک رنگ اَنتَیں لاوا

(محبّت کے) رنگ کے بغیر تم باتیں بنا رہے ہو   اے لورک تم نے رنگ کہیں اور لگایا ہے

دھر تور آچھئی میناں پہاں   چِت مَن دھاوئی چاندا جہاں

تمھارا دھڑ میناں کے پاس ضرور ہے   دل اور طبیعت وہیں ہے، جہاں چاندا ہے

سَوَن نہ سُنئی، نَین نہ دیکھئی، جو نہ ہوئی مَن ہاتھ

اگر دل ہاتھ میں نہ ہو تو کان سنتے نہیں اور آنکھ دیکھتی نہیں

سیج نہ بھاوِ، روچ نہ کامنِ[2]، تِل نہ رہئی سنگ ساتھ

بستر نہیں بھاتا، عورت بھلی نہیں لگتی، اگر آدمی ذرا دیر ساتھ نہ ہو

۲۴۱۔ گفتنِ لورک جمالیت و خوبیِ میناں۔

میناں توہِ جس تِریِ نہ آہئی   توہِ چھاڑ چِت لاگ نہ چاہئی

اے میناں تیری جیسی عورت کوئی نہیں   تجھے چھوڑ کر کہیں دل لگنا نہیں چاہتا

---

[1] دَہَن (مرہٹی) = جلانا، مُردے کو جلانا   [2] کامنا = خواہش، طلب۔

نَیّس تورِیں رَس بِرَس بِسارا   دیکھ نہ بھاوَیں آنب سہارا

میں تیری محبّت میں مزہ، بدمزہ سب بھول گیا   اب مجھے آم کا مزا بھی لطف نہیں دیتا

نَیّیں توں نارِ چاند جس پائی   چاند جوت سب گئی ہِرائی

میں نے تجھ عورت کو چاند جیسا پایا   (تیرے آگے) چاند کی روشنی بھی کھو گئی

سَون سُن اُجس کِیئیں لائے   لاگ نہ مَیناں ہِیَین پرائے

کسی کے لگائے الزام کو کان سے سُنکر   تو اے میناں غیر کے کہنے پر نہ جا

نَین دیکھ تو بات اُبھاری   ڈھانکیہِ سُن گئی اُکھرت باری

آنکھ سے دیکھکر تو بات کو اُبھار   اے نادان نامناسب بات سُنکر اُسے چھپالے

تورِ چاہ کو آگر مَیناں، مورِیں چِت نہ سمائی

تیری محبّت کے مقابلے میں اے میناں میرے دل میں کچھ نہیں سماتا

اَنبرِت چور جِ بِرَسئی، سو پھر ٹینٹ نہ کھائی

جس نے اَمرت کا پھل چکھا ہو، وہ ٹینٹی کا پھل نہیں کھاتا

۲۴۲۔ گفتنِ مَیناں بر لورک را۔

لور چاند مورِ کیر مُنہ کاہا   جو کیرئی سو آچھت آہا

اے لورک میرے سامنے چاندا کا منہ کہاں   (لیکن) جو سامنے ہے وہی کامیاب ہے

سورہ کراں جورے دِکھراوئی   چاندا مورِیوں نہ سَر بھَر پاوئی

وہ سولہ اَدائیں بھی اگر دکھائے   چاندا مجھ سے بہتری نہیں پاسکتی

لورک بِسرِ پہہ نارِ گنواری   پھور نہ بِین پرائی باری

لورک تو (مجھ) گنواری عورت کو بھول گیا   تو غیر کی پھلواری میں پھول نہ چُن

پھور کیتکی بھنورو جوراوئی   سوہر کانٹیں جیو گنواوئی

کیتکی کا پھول بھنورے کو بھلا لگتا ہے   وہ کانٹوں سے چِھد کر جان گنواتا ہے

ہوں جیہ تورِیں لور ڈراؤں   نیند نہ جانوں، بُھگت نہ کھاؤں

میں اے لورک تیری زندگی کے لیے ڈرتی ہوں   نیند نہیں جانتی، کھانا نہیں کھاتی ہوں

تورئیں بُھل مَن سُنکا، پَر بیلیں کِت جاہُ

میرے دل میں تمہارا دھڑکا رہتا ہے، پرائی بیل پر کیوں جاتے ہو

گھر[۱] نَہہِ داکھ رَس پیورے، ناہِ سُنکورہ کھاہ

گھر کے انگور کا رس پی لو، اے شوہر شبہ میں کیوں پڑتے ہو

۲۴۳۔ لَہٰ ـــ درخوشی دلِ لورک و مَیناں گوید۔

بَیٹھ سانت، ہَنس لورک کہا — گا سوکوپ مَیناں چِت آہا

لورک نے ہنسکر کہا، اطمینان سے بیٹھو — میناں کے دل میں جو غصہ تھا، دور ہوگیا

گھر[۱] آپہر گئی مَندر سُنوارا — کیت رَسوی اَگَن پَر جارا

ضد چھوڑکر اُس نے گھر کو سجایا — آگ جلاکر اُس نے کھانا پکایا

سیج جیئو لورک اُنھوایا — اَد بُھل بھوجَن کاڑھ جِنوا وا

مطمئن دل سے لورک کو نہلوایا — اور عمدہ کھانے نکال کر کھلائے

رَنگ سُرَنگ سیوں لینہ سوپاری — پان بیرے مُکھ دینہ سُنواری

محبت کے رنگ سے چھالیاں لیں — پان کا بیڑا لیکر منہ کو سنوار لیا

ہَنسَت لور باہر نیسَرا — چاند بات مَیناں بیسَرا

لورک ہنستا ہوا باہر نکل گیا — چاندا کی بات میناں بھول گئی

سوی پُرکھ، سوی تِریا[۲]، سوی لورو سوی بیر

وہی مرد، وہی عورت، وہی لورک، وہی گھر تھا

سوی مِرگھ، سو تھَر ہَرو، سوی اَہیریا سوی اَہیر

وہی ہرن، وہی کھیت، وہی شکاری اور وہی شکار تھا

۲۴۴۔ کیفیتِ چاندا مہورت[۳] در بتخانہ گفتنِ مہنت۔

اُساڑھ اُساڑھی کئی تِتھی اَہی — دُج گِن دیو۔ جاترا کہی

اساڑھی اساڑھ کی تاریخ تھی — دُج گِن کر دیوتا کی زیارت مقرر کی

ع۱۔ گھر ([illegible]) مرہٹی = ضد، ہٹ۔ ع۲۔ اصل: تردور۔ ع۳۔ اصل: طراوت۔

سو مبار دِوَس مَہنت گِن کہا — سو دِن آگیں آوَت اَہا

پیر کا دن مہنت نے گن کر بتایا — اب وہ دن آگے آرہا تھا

ہوم جاپ اَگیار کَراوہُ — پُرَس دیو کر جوڑ مَناوہُ

عورت ہون جپ اور آگ کی پوجا کرلے — مرد دیو کو ہاتھ جوڑ کر منائے

جو دُھر مانتھ، دیو پاں لاوئی — سو جَس چاند سُورج بَرو پاوئی

جو ماتھے کو پکڑ کر دیوتا کے قدم سے لگائے — تو وہ چاند سورج جیسا شوہر پائیگی

سومناتھ کِہہ پوجا کیجئی — اَگھت پھول مار لئی دیجئی

سومناتھ کی پوجا کا سامان کرو — عمدہ پھول اور مالا لاکر پیش کرو

چلی پِرتھمی نَو کھنڈ، دیو جات سُن آئی

یہ سُنکر نو اقلیم سے زمین چل پڑی، دیوتا کی زیارت کو آئی

چاند سُرج سُن رَہَسی، دیو مَنائیس جائی

چاندا سورج کی بات سُنکر خوش ہوئی، دیوتا کو منانے چلدی

۲۴۵۔ روانہ شدنِ عورتانِ خاص وعام برائے پرستیدنِ دیورا۔

ٹانکن، کھترِن، بانبھنِ مِلیں — بَیسنِ، دَھگَرنِ، بھاٹنِ چلیں

ٹانکن (پنجابن)، کھترانی، برہمنی ملیں — بنیئی، دھگرنی، بھاٹنی بھی چلیں

چَوہانَن پَہِرَن پَہَر پَٹَورا — گَوَن کَرَت جَنُ سَمند ہِلورا

چوہانی بھی ریشم پہنکر نکلیں — سب ایسے چلیں گویا سمندر حرکت میں آگیا

کَئی سِنگھار پَٹ ہَن نیسَریں — کَیتھنِ ڈوڈَنِ اَو گوجَریں

بساتنیں سنگھار کرکے نکل پڑیں — کایستھ عورتیں، ڈوڈن اور گجری بھی نکلیں

چمکت نِکَریں رُوپ سُناریں — نِکَریں مالَن اَو کَلواریں

حُسن چمکاتی ہوئی سُناری نکلیں — مالن اور کلواریں بھی نکل آئیں

چلی بیسواں آن دَن بھانتی — پَرجا پَون سو پانتہِ پاتی

مختلف قسم کی بیسوائیں بھی چل پڑیں — پرجائیں، پاونیں بھی قطار در قطار تھیں

چلا گہر گر گوورو، دیس پرا سبھ رَورو[ع۱]

ہر کا گوور بھی چل پڑا، ملک میں ہل چل مچ گیی

سوناتھ کہہ پوجہنہ، سینڈر پھول تنبورو

سندور، پھول، پان لیکر سوناتھ کو پوجتے سب نکل پڑے

۲۴۶۔ طلبیدنِ چاندا سہیلیان را و روانہ کردن سوے بتخانہ۔

نہ سہیلین سبئی بلائی سرگ ہتیں جن اچھر نہ آئی

چاندا نے تمام سہیلیوں کو بلالیا وہ گویا آسمان سے پریاں آگیی تھیں

پھر کئی چاند چوندس دیٹھی جن ترئی چہنہ پاس بیٹھی

پھر کر چاندا نے چاروں طرف دیکھا گویا چاروں طرف ستارے بیٹھے تھے

نھای دھوی کئی چیر پہرائے اگر چندن گھس سیس بھرائے

نھا دھوکر انھوں نے کپڑے پہنا دیے اگر اور چندن گھس کر سر سے لگا دیا

سینڈر چھڑک بھئی رتناری[ع۲] مکھ تنبورو سبھ جوبن باری

سندور لگاکر وہ سب لال ہوگئیں تمام جوان لڑکیوں کے منہ میں پان تھے

اندر سبد پنچ تور بجائی گرہ نکھت سبھ بھیکھن آئی

کا نقارہ اور پانچوں ناتوس بجارہے ستارے برجوں سے مختلف بھیسوں میں آئے

سون سنگھاسن بیٹھی، بہو گن کینھ سنگار

سونے کے تخت پر بیٹھی بہت طرح کے سنگھار کرکے

چاند ترائن سیتی، گونیں دیو دوار

چاندا ستاروں کے ساتھ دیوتا کے دروازے پر گیی

۲۴۷۔ رفتنِ چاندا درونِ بتخانہ و عاشق شدنِ دیوال (بہ) دیدنِ چاندا۔

ہاتھ سندھورا سینڈر بھرا بھیتر منڈپ چاند پَو دھرا

ہاتھ میں سندور بھرا سندھورا (برتن) لیکر چاندا نے مندر کے اندر قدم رکھا

ع۱۔ رَور = کہرام، زبردست ہل چل۔ ع۲۔ رتنار = لال، سرخی لیے ہوئے۔

سکھی ساٹھ اک گوہن بھئی ناوت سیس دیو پہنہ گئی

کوئی ساٹھ سہیلیوں کے ساتھ وہ پہنچی سر جھکائے دیوتا کے پاس تک گیی

دیو دسٹ چاندا مکھ لاگی بدھ بسری او بسدھ پھن بھاگی

دیوتا کی نگاہ چاندا کے چہرے پر پڑی عقل بھول گیی اور پھر مراتب جاتے رہے

دیکھت دیو گیئو مرجھائی چاند ترائن سیوں چل آئی

دیکھتے ہی دیوتا افسردہ ہوگیا چاندا سہیلیوں کے ساتھ چلی آئی

کئی بدھ موہ موہ جیو دیتھا کئی ہو سرگ منڈپ توہ کیتھا

(دیوتا بولا) یا خالق نے کرم کیا، مجھے زندگی دی یا اس نے تجھے جنت کا منڈپ بنا دیا ہے

منڈپ ترائن بھر گا، چاندئی کیئو اجور

وہ منڈپ ستاروں سے بھر گیا، چاندا نے اسے روشن کردیا

ہوم جاپ سبھ بسرا، کون دِوس یہ مور

(دیوتا) ہون، جپ سب بھول گیا، یہ میری قسمت کا کون دن ہے

۲۴۸۔ پرستیدنِ چاندا بت را و خواستنِ محبت بالورک۔

سینڈر چھرکا، اگرو چڑھاوا نمسکار کئی دیو منا وا

سندور چھڑکا اور اگر چڑھایا سر کو جھکاکر دیوتا کو منایا

سوون آکھت پھول کئی مارا پائینہ لاگ بنوئی آس نارا

سونے کے تاروں میں پھول کی مالا تھی قدموں میں لگ کر عورت نے یوں دعا کی

دیو سرج مانگیوں تمہہ پاسا سیو کروں من پوجئی آسا

اے دیوتا میں تم سے سورج مانگتی ہوں خواہش پوری کرو، میں دل سے پوجا کرونگی

چاند سرج بَرو جیہہ دِن پاووں دیو کرس بہو گھرت بھراووں

میں چاندا جس دن سورج کو بر پاونگی اے دیوتا بہت گھڑوں سے گھر بھروا دونگی

بنوئی چاندا پائن پری دیو سرج بن جیوں نہ گھری

میں چاندا قدموں میں پڑی مانگتی ہوں اے دیوتا سورج کے بغیر ایک پل نہ جیوں

ایک چت گئی موہ آیہہ دوسر رادھ نہ جائی

مجھے آپ خود یکسو کر دیجیے، دوسری (میناں) کے پاس وہ نہ جائے

دیو پوج گئی چاندا، بنتی ٹھاڑھ کرائی

دیوتا کو پوجکر چاندا، کھڑی ہوی یہ عرض کر رہی تھی

۲۴۹۔ آمدن میناں بہ بندیان خود در بتخانہ[عے] و پرستیدن دیورا۔

چڑھی پالکی میناں رانی   سکھی ساٹھ سیوں آئی تملانی

میناں رانی پالکی میں سوار آئی   اُس کے ساتھ بھی ساٹھ سہیلیاں تھیں

سوک سنتاپ برہ کئی جاری   کسن برن مکھ دیسا ناری

وہ غم، درد اور فراق کی جلی ہوی تھی   اُس عورت کا چہرہ کرشن جیسا نظر آتا تھا

مر سیوں امر سیس اتِ روکھا   مکھ کنول کندرپ جھر سوکھا

باقی (روح) کے ساتھ فانی (جسم) تھا، سر نہایت روکھا تھا   کنول جیسا چہرہ خشک کندرپ جیسا سوکھا تھا

بھل اُدیگ[عے] اُچاٹ ستائی   پوجا دیو چڑھائیس آئی

انتہائی رنج اور بیزاری سے پریشان ہوکر   دیوتا پر پوجا چڑھانے آئی تھی

اَکھت پھول لیہہ کر کاڑھی   دیو پر انتر آنتر بھئی ٹھاڑھی

پھول اور پوجا کے چاول نکال کر ہاتھ میں لیے   دیوتا کے قریب پہنچ کر کھڑی ہوگی

اہو دیو تیہہ کھائیہہ جو پر پُرو کھیہہ راو

(کہا) اے دیوتا اُسے کھا جاؤ جو غیر کے مرد سے عیش کرتی ہے

اپنیں سیج چھاڈ نس اُنتئی پھر پھر دھاو

اور جو اپنا بستر چھوڑ کر غیر کی طرف رات کو بار بار دوڑے

۲۵۰۔ پُرسیدن چاندا بر میناں را از شکستگی حال او۔

ہنس کے چاندئیں میناں پوچھی   کئی سسوریں ہنت آیہہ جھوجھی

چاندا نے ہنس کر میناں سے پوچھا   کیا تم سسرال سے لڑکر آئی ہو

عے۔ اصل : میناد بندیان خود۔   [عے]۔ اُدیگ، اُدویگ = پریشانی، فکر۔

اتِ دومن او سانورو بانوں   سیس نہ بیندن، اُدھر نہ پانوں

تم بہت رنجیدہ ہو، رنگ سانولا ہوگیا ہے   سر پر بندی (ٹیکا) نہ ہونٹ پر پان ہے

کئی سائیں رس سیج نہ آوئی   رہنہ سنتاپ دکھ رین بہاوئی

یا تمھارا آدمی رات کو بستر پر نہیں آتا   اور اس رنج سے پریشانی میں رات بسر کرتی ہو

کئی تمہنہ کرہ نہ اَرَپ سنگارو   کئی سوہاگ ہیئہ منت بارو

یا تم اپنا سنگھار بھی نہیں کرتی ہو   یا پھر سوہاگ کو دل سے دور رکھتی ہو

تورِ جس تری نہ دیکھیوں، کون کھور سو لاؤ

میں نے تیری جیسی عورت نہیں دیکھی، تجھ میں کون سا عیب لگا ہے

کئی سگائی کا ہو سیوں، اَپ جس آن چڑھاؤ

یا کسی سے (ناجایز) تعلق ہے کہ اُس کی مصیبت تم پر سوار ہے

۲۵۱۔ جواب[عے] دادن میناں بر چاندارا۔

سُنہہ چاندا اُتَر د ہمارا   گھر و موسا[عہ] تس کے اُجیارا

اے چاندا تم ہمارا جواب سُنو   رات میں روشنی کرکے تم نے میرا گھر لوٹ لیا

ناہہ لینہہ موہہ پرا کھنبارو[عہ]   کاکنہ اُٹوں اَرَپ سنگارو

تونے میرا شوہر لے لیا، مجھ پر مصیبت ٹوٹ پڑی   میں کس کے لیے اب سنگار کرنے کی ہمت کروں

ہنس ہنس بات کہئی بگرائی   تِل ایک نین نہ دیکھ لجائی

تو ہنس ہنسکر مذاق بناکر بات کہتی ہے   ایک پل کے لیے تیری آنکھ نہیں شرماتی ہے

بہہ کھکھوٹ توہ تِریا آوہ   ستی روپ پر پُرو کھیہہ راوہ

اے عورت تجھے کھکھوٹ بہت آتا ہے   ستی کی صورت بناکر غیر کے مرد سے عیش کرتی ہے

آپ چھنار اور کہنہ کہا   سوکس چاندا ڈھانکین رہا

خود چھنال ہے اور دوسرے کو کہتی ہے   اے چاندا یہ عیب کب تک ڈھکا رہیگا

عے۔ مانچسٹر۔ لیکن شملہ میں: جواب دادن میناں چاندارا، کیفیت عشق لورک با چاندا باز نمودن۔

عہ۔ موسا = موسا، ٹھگ لیا، لوٹ لیا۔   عہ کھنبارو = الٹ پلٹ، مصیبت۔

گا سُہاگ، سُکھ، نِدرا، چاند ناہِر تجو لینھ

نیند، آرام، سُہاگ سب چلا گیا، جب اے چاندا تُو نے میرا شوہر لے لیا

سوگ سَنتاپ، بِرہ، دُکھ سیج پور موہِر دینھ

میرے بستر کو تو نے دُکھ، درد، فراق کی تکلیف سے بھر دیا ہے

۲۵۲۔ جواب دادنِ چاندا بر مَیناں را۔

دیکھہۃ بانگر کیر ڈِھٹھائی — آئی سو بوجھت بات سَگائی[1]

اِس بانگر لڑکی کی ڈِھٹائی دیکھو — یہ یہاں آکر رشتوں کی بات کر رہی ہے

مَیں تو ہِر کا اُچکرو[2] کہا — اُئیس کہت کو اوتر سَہا

میں نے تجھ کو کیا نامناسب کہا ہے؟ — تو جو کہتی ہے اُس جواب کو کون سہیگا

جَس آپَن تَس اَوَرہِنہ جانے — جَس چھِنار تَس موکَ بکھانے

جیسی خود، ویسی دوسرے کو سمجھتی ہے — جیسی تو چھنال ہے ویسی ہی مجھے کہہ رہی ہے

پُرو کھ چھِنار کیر کَو[3] لیئی — بات کہت اُس اوتر دیئی

بھلا چھنال کے مرد کو کون لیگی — جو بات کرتے، ایسا جواب دیتی ہے

تَیں کا دیکھ ہَوں بیسا داری — چِت سَگائی موہِ دیتی گاری

اے بیسوا، ترکھیل میں تجھے ایسی نظر آئی — تو نے الزام دیا اور مجھے گالی دیتی ہے

توں بِنار جگ جوٹھَن دیس گھیر لے جاسِ

تو بدچلن، دنیا کی جھوٹن ہے، دیس بھر کو گھیر کر لیجاتی ہے

گھر گھر گھال بلوئیس، کھور کھور چِلّاسِ

گھر گھر میں تباہی مچادی ہے، اور گلی گلی میں چِلّاتی ہے

۲۵۳۔ جواب[4] دادنِ مَیناں بر چاندا را۔

[1] سگائی = قریب ہونا، رشتہ۔

[2] اُچکرُ (उचक्कट) مرہٹی = واہیات [3] کَو = کون۔

[4] مانچسٹر۔ لیکن بھوپال میں: مکاشفہ۔ گفتنِ مَیناں بر چاندا را و فحش گفتنِ عشق بالورک را۔

آن ہوئی، ڈر کہِنہ[1] مر جائی — چاند نہ آچھہِر منہہ لجائی

دوسری ہوتی تو ڈر سے مر جاتی — اے چاندا تو دل میں بھی نہ شرمائی

ہاتھنہِ مور بیاہا لیجئی — اَو موہِنہ سیتیں اوتر کیجئی

ہاتھوں سے میرا بیاہا ہوا لے گئی — اور پھر مجھ سے جواب کر رہی ہے

یہ چھِنِ کہیئہ ناؤں مَسواسی — جو پَر پُرو کھ نہ چھاڑئی پاسی

پھر اِس کا نام مسواسی (سیہ کار) ہوگا — جو غیر مرد نہ چھوڑے چاہے وہ پاسی ہو

آپ کراوئی موہِ ڈرو لاوئی — اور بِسیکھیں[2] راواں دھاوئی

خود کرواتی ہے، مجھے خوف دلاتی ہے — اور خیال کے طوطے اُڑاتی ہے

یہ آپ کھاں کہہ آچھئی گووا — جھوٹھیں تائیں جَس بِسہر رووا

یہ بدکاری کب تک چھپی رہیگی — جھوٹے کے پاس جیسے سانپ روتا ہے

پاٹ پڑھی ہَنس چاندا، چَہوں بھوَن اُجیارِ

اے چاندا تو نے سبق پڑھا ہے، چاروں طرف یہ روشن ہے۔

دیس لوک سب جانئی، پِتہِر دیوائس گارِ

ملک اور زمانہ سب جانتا ہے، تو باپ کو گالی دلوا رہی ہے۔

۲۵۴۔ گفتنِ[3] چاندا بر مَیناں را و دشنام دادن۔

پاٹ پڑھی ہوں کاہے ناہیں — پنڈِت گُنور سیو کراہیں

میں نے سبق پڑھا ہے، کیوں نہیں — عالم فاضل میری خدمت میں رہتے ہیں

بار بوڑھ سبئی پایِنہ لاگہِنہ — پاپ کیت پُرسا کر بھاگہِنہ

بچے بوڑھے سب قدموں سے لگتے ہیں — اِس طرح بزرگوں تک کے گناہ دور ہوتے ہیں

توں اُبھریل بولسِ بھنڈہائی — اَو موہِ سیتیں کرسِ بڑھائی

تو بے حیا، بے عزتی سے بولتی ہے — اور مجھ سے اپنی بڑائی کرتی ہے

[1] کہِنہ = کی وجہ سے [2] بسیکھ (ہندی بشیش) = غیر معمولی، خاص۔

[3] مانچسٹر۔ لیکن بھوپال میں: علم و جمالِ خود نمودنِ چاندا و فحش گفتن بر مَیناں را۔

سات چھنار گھال توں کرہی   کاہ کروں جو لیتے مرہی

توسات چھنالوں کو زیر کرتی ہے   میں کیا کروں (کسی کو) لیتے اگر تو مرتی ہے

دیور، جیٹھ، بھائی سنگ لیسی   ایٹھ میت گرواں، پردیسی

دیور جیٹھ بھائی سب کو ساتھ لیتی ہے   وہ دوست، سگا، خاندانی یا پردیسی ہو

تیل، بھنج او کویری، دھوبی، ناؤ، چیر

تیلی، بھونجا اور کوری، دھوبی، نای یا نوکر

راندہ باندہ سب گا بخسں، کاڑھ کھور بہیر

تو سب کو باندھکر عیش کرتی ہے، پھر عیب لگاکر نکال دیتا ہے۔

٢٥٥۔ گفتن میناں چاندارا آں چہ حکایت بود۔

تو جوگن بہت بھیس بھراوسِ   گنت کار لیکھیں بوراوسِ

تو جوگن ہے، بہت بھیس بھرتی ہے   جوتشیوں کے حساب سے دیوانی ہوی ہے

اَسس تریا چھن ستی کہاوئی   گھراں گھراں جگ پھر آوئی

حیرت ہے ایسی عورت ستی کہلاتی ہے   جو دنیا میں گھر گھر پھرتی رہتی ہے

نچل نہ آچھئی ایکو گھڑی   دھرت دسا توں اوپر پڑی

تو ایک گھڑی بھی چین سے نہیں رہتی   بستر لگاتے ہی اُس پر جا پڑتی ہے

دَمہہ تو ہنت چاندا آئیہہ   کار کیت مکھ سرگ لکائیہہ

اے چاندا اِس بدچلنی سے اگر آئی ہے   کالا کرکے تو منہ آسمان میں چھپالے

لین کئے مور بھتار چھپائی   دیکھیوں گئیوں دوار دِوائی

مجبور کرکے میرے شوہر کو چھپالیا ہے   میں نے جاکر دیکھا تیرا دروازہ بند تھا

تیہہ دِن کر توں ستبھار کہئی، پاچھے ہیرت آئی

اُس دن کی سنبھل کر کہہ جب تو ڈھونڈتی ہوی پیچھے پیچھے آی

دیس مندر جگ جانئی رہنس نہہ تہہ لجائی

دیس، گھر، دنیا جانتی ہے، ہنستی ہے، شرماتی نہیں ہے

٢٥٦۔ جواب[1] دادن چاندا بر میناں را۔

ہین بِٹار ہوں توہِ پیو جوگو   ائی اُس کہا کہی سبھو لوگو

میں چھوٹی، خراب ہوں تو محبوب کے لائق ہے؟   کیا اچھے لوگ ایسا بھی کہہ سکتے ہیں

جنہہ روپونتہہ یہ دھن موہے   تیہہ گیمنہ پائین باندھا سوہے

جس صاحب جمال پر یہ عورت فریفتہ ہے   گلے میں اُس کے پیر بندھے بھلے لگتے ہیں

شنتہہ دیہہ مور انگرائی   دیکھت مروں او بگرائی

یہ سنتے ہی میرا جسم ٹوٹنے لگتا ہے   شرم سے اُسے دیکھتے ہی مرنے لگتی ہوں

گائے چراوئی کرئی دہاوا   تنہہ سیتیں موہہ اگرنک لاوا

جو گائے چراتا ہے، اُن کو دہاتا ہے   اُس سے یہ مجھے کلنک لگا رہی ہے

جوہ دھورا ہر مور بسیرا   سیس ٹوٹ جئی اوپر ہیرا

قلعہ کی جس اونچای پر میرا قیام ہے   سر ٹوٹیگا اگر اوپر دیکھو گے

رائے، کنور، نر، نرپت مُن موہنہ ایک سنگار

راجا، شہزادے، نر اور نرپت میرے ایک سنگار پر مرتے ہیں

تور بھتار و چیر ارکاؤں آچھئی پور دوار

تیرا شوہر میرا غلام اور میرے دروازے کے چوکیداروں میں ہے

٢٥٧۔ جواب دادن میناں بر چاندارا۔

مور پُرو کھ کھانڈئی جگ جانئی   گُن گندھرپ سبھ روپ بکھانئی

میرے مرد کی تلوار کو دنیا جانتی ہے   گُنی گندھرب سب اُس کے حسن کا پرچار کرتے ہیں

پنڈت پڑھا کھرا سہدیو   چار بید جیت جائی نہ کوؤ

وہ عالم فاضل اور کھرا سہدیو ہے   چاروں بید سے اُسے کوی جیت نہیں سکتا

بھیم بلی، بھوج کر جورا   یادو[2] بنک کول کول لورا

وہ بھیم سا بہادر، بھوج کا مقابل ہے   یادو نسل سے وہ دلیر لورک ہے

علہ۔ باپخسٹر۔ لیکن بھوپال میں: بزرگی و بلندی خود نمودن چاندا و اہانت و حماقت لورک باز نمودن

عہ۔ اصل: راگھو، لیکن اہیر راگھو بنسی نہیں ہوتے۔ یہاں یادو چاہیے۔

گھنئی پنتھ جلیئیں لیت اُباری　　اُس نہ بول سُن ساتھر داری

جس نے نصیحت کی راہ سے تجھے بچا لیا　　اے ساتھری کی رکھیل اُس کے لیے ایسا نہ بول

مور پیو سرگ گئی اچھر ہنراوئی　　توہ جیسی پہنہ پاؤنہ دھواوگی

میرا شوہر آسمان کی پریوں سے عیش کرتا ہے　　جو تیری جیسی سے پیر بھی نہ دھلوائیگی

تُری چڑھے رن باگ نہ موڑئی تو کس بھنجس تاہ

میدان میں گھوڑے پر چڑھکر لگام نہیں پھیرتا تو اسے کیا روکیگی

بھائی بھتار تور بگریتا جانوں سیوک آہ

تیرے بزدل بھای بھتار کو میں غلام سمجھتی ہوں

۲۵۸۔ جواب دادنِ چاندا بر مینان را۔

جوپئی لورو لینھ موہنہ لاوس　　بہُر نہ مینان دیکھن پاوس

اگر لورک کو لیکر تو مجھے عیب لگاتی ہے　　تو اے مینان اب اسے دیکھنے نہ پائیگی

آئی بئیس اب کرسی مورے　　سپنہہ سیج نہ آوئی تورے۔

اب وہ میری بغل میں آکر بیٹھے گا　　خواب میں بھی تیرے بستر پر نہ آئیگا

ڈھانکی مونتھ ہتی اندھیاری　　اب یہ بات کروں اُجیاری

یہ مٹھی میں ڈھکی اندھیرے کی بات تھی　　اب اِس بات کو میں روشن کر رہی ہوں

کاہ کرئی توں پارس مورا　　دئیہ دینھ مئیں پائیوں لورا

تو کیا کریگی پارس میرا ہے　　خدا نے دیا میں نے لورک کو پا لیا

اب کرووئی ہوئی اچھہہ مینان　　جیبھ سکور راکہہ مکھ بینان

اب اے مینان تو غم میں ڈوبی رہ　　زبان روک لے لفظوں کو منہ میں رکھ لے

جِہہ جوگ ہت راؤں تاسو بھئیو میراؤ

وہ عیش جس کے لائق تھا اُسے حاصل ہوگیا

مونتہہ ہار منہہ گُھنگچی مینان ہوئی نہ پاؤ

اے مینان موتیوں کے ہار میں گھنگچی نہیں ہو پاوگی

۲۵۹۔ جواب دادنِ مینان بر چاندا را۔

پُرُوکھ سنگھ سوں سر بر پاوئی　　مار بدھا رس کھائی گھر آوئی

مرد وہ ہے جو شیر سے برابری کرتا ہے　　شکار مارکر کھاکر گھر آجاتا ہے

مِنچھ نیرا چارا کہنہ دھاوئی　　لئی گئی بھگت بھنڈار نہ آوئی

مچھلی چارے کے لیے دوڑتی ہے　　کھانا لیکر (تمھارے) ڈھیر میں نہیں آتی

سوؤا سینبرو سیوا جائی　　کھائی بار ہر گئیو اُڈائی

طوطے نے سینبل کی نوکری کی　　کھاتے وقت شرمندہ ہوکر اُڑ گیا

گئیں کر بہل ہوئی پچھتاوا　　سنور نیر انبر باہہ آوا

اُسے سینبل کے پاس جانے کا بہت پچھتاوا ہوا　　انبر باہہ کا نام سُنکر فوراً آجاتا ہے

دِوَس چار تمہنہ دیہہ بھوگائیہہ　　سائی مور کرکا گھٹ جائیہہ

چار دن اگر تم نے جسم کا عیش کر لیا تو　　میرے شوہر کا کیا گھٹ جائیگا

بھنور کہ نیرے بئسئی پئی کلِ مانت بھلائی

کلی سے مست ہوکر بھنورا قریب بیٹھکر بھول جاتا ہے

کھن ایک لئی باس رس سمر کنور سر جائی

ایک پل میں رس اور خوشبو لیکر کنول کے سر پر پہنچ جاتا ہے

۲۶۰۔ دست درازی کردنِ چاندا با مینان۔

اُرگ ٹھاڑھ ہت مینان ناری　　دوڑ چاند برو باہہ پساری

مینان عورت علاحدہ کھڑی ہوی تھی　　چاندا نے دوڑکر اُس پر باہیں پھیلا دیں

اِم رے بھاگ گیے ابھرن نائیں　　ہارو ٹوٹ مونتی چھرِیا نیں

اِس طرح تاننے سے زیوروں کے ٹکڑے ہوگیے　　ہار ٹوٹے اور موتی بکھر گیے

ایک بیر نگلا دوئی ٹوٹے　　بھاگ سلونی مانک پھوٹے

ایک بیر اور دو نگلے ٹوٹ گیے تھے　　بازوبند ٹوٹے اور اُن کے موتی پھوٹ گیے

عہ۔ مانچسٹر۔ لیکن بھوپال میں: مردانگی و دلاوری لورک گفتن مینان و خجالت نمودن بر چاندا را۔

سنکری ٹوٹ، دہاں دِس بھئی   چندن چوری پھاٹ گینہ گئی

زنجیر ٹوٹ کر دسوں سمتوں میں گر گئی   چاند سی چولی گلے میں پھٹ گئی

رکھری کھونٹ دوؤ ڈھر پری   مانک ہیر پدارتھ جری

ہاتھ کے کڑے، کان کے بالے دو طرف پڑے تھے   جن میں جواہر اور ہیرے جڑے تھے

ابھرن ٹوٹ بیتھر گا، مینان گیی کنبھلائی

زیور ٹوٹ کر بکھر گئے، مینان پریشان ہو گئی تھی

چاند بیگ کیں دیو گھر، ملی ترائن جائی

چاندا نے جلدی کی کہ دیوتا کے گھر میں سہیلیوں سے جا ملے

۲۶۱۔ محکم گرفتن چاندا بر مینان را و مینان نیز۔

جات چاند مینان پھر ہری   جانوں سنوریں سارس دھری

چاندا پر جاتے ہیں مینان گھوم پڑی   گویا سارس نے مچھلی کو پکڑ لیا تھا

تانس چیر چاند بھئی نانگی   پرا ہاتھ گیی پھاٹ پیتانگی

اُس نے ساڑی کھینچی، چاندا ننگی ہو گئی   پھر ہاتھ پڑا تو چولی پھٹ گئی

دس نکھ لاگ دہوں تھنہارا   او دیورا بہہ رکت مجھارا

دونوں پستانوں پر دسوں ناخن لگے   اور مندر کے اندر خون بہہ گیا

کیس چھوٹ دہنہ دس چھریائے   جنوں ناوت ابھوال کر آئے

بال چھوٹ کر دونوں طرف بکھر گئے   گویا تماشے والا بال کھول کر آیا ہو

سورہ کراں چاند گئی گئی   کراں اُتار گھری اک بھئی

چاندا کی سولہ خوبیاں جاتی رہیں   یہ ایک گھڑی عزت اتارنے والی ثابت ہوئی

گھال روپ گئی بانگر، مینان گئی سران

صورت بگاڑ کر اُسے بانگڑ بنا دیا تو مینان ٹھنڈی ہوئی

باندھ چاند کر کاپر، کینس بیر پران

چاندا کو باندھ کر سست کر دیا اور وہ بہادر روانہ ہو گئی

۲۶۲۔ در خوں لال شدن چاندا و مینان، و ہزیمت نمی خوردند۔

ملن کام دواو بر جریں   جنوں گینبر میمنت او بھریں

دونوں غصّہ سے کھول رہی تھیں   گویا زبردست مست ہاتھی گتھ گئے تھے

دواو نار او بھریں ستھولا   نکھہن انگ جنوں ٹیسو پھولا

دونوں عورتیں غصّے سے پھولی تھیں   جسم پر ناخن کے نشان گویا ٹیسو پھولے تھے

اتینت کرہنہ ہاتھا پاہیں   تھن اُگھار تس ڈھنکہنہ ناہیں

وہ بہت زیادہ ہاتھا پائی کر رہی تھیں   پستان کھلے تھے، اُن کو نہیں ڈھک رہی تھیں

مرن سنیہہ سو ترینہہ ریا   چیر نہ سنبھرہنہ مونکر کیا

غصّہ والی عورتوں کے مر جانے کا شبہ ہو رہا تھا   کپڑے نہیں سنبھالتی تھیں، بالوں سے لپٹی تھیں

کہا نہ شنیہہ اُتر دینہ دیہیں   سیس نانگ جنوں بھوئی لیہیں

نہ کہا سنتی تھیں، نہ جواب دیتی تھیں   سر ننگے تھے گویا زمین میں دیدنگی

اتیس بر بر لاگیں، دوہنہ مہنہ ہار نہ کوئی

شدید غصّے میں بھری تھیں، دونوں میں سے کوئی ہار نہ مانتی تھی

لوگہنہ جات بسر گئی، منڈپ نٹارنبھ ہوئی

لوگوں کو زیارت بھول گئی، مندر میں ناٹک شروع ہو گیا

۲۶۳۔ گریختن بُت از بتخانہ، از جنگِ ایشاں۔

پودر[1] اوندر دھرن مل گئیو   دیوہ جیہ کر سانسو بھئیو

ٹوٹ کر مندر کا پودر زمین پر آ رہا   دیوتا کی جان کو پریشانی ہو گئی

دیو دھر رکت بھئیو تینہہ لوہی   ہئیں لاگ ڈر، بھگت نہ ہوئی

مندر اُن کے خون سے لال ہو گیا   دل میں ڈر لگ گیا، عبادت نہ ہو سکی

دیو کہئی بدھ گئیں نہ بولائی   اندر سبھا گئی اچھرہنہ آئی

دیوتا کہتا تھا اے خدا ایں نے اُن کو نہیں بلایا   اندر سبھا یہ پریاں کیوں آ گئیں

---

[1] پودر (مرہٹی = پُڈھا) = اگلا حصّہ، سامنے کا حصّہ۔

اَب جو دُہنہ مَنہیہ اِیکو مَری   اِندر رلے موہنہ جیوکہنہ دَھری

اب اگر دونوں میں سے ایک بھی مَر گئی   اِندر راجا اِن کی جان کے لیے مجھے پکڑیگا

چَلا دیو ہَتیا موہِہ لاگی   چھاڑِ مَنڈپ نِسَرا ڈَر بھاگی

دیوتا چلدیا کہ تون میرے سر آئیگا   مندر چھوڑ کر نکلا، ڈر سے بھاگ گیا

سُر آئیں دیکھہنہ، سَکئی نَہ کوؤ چھڈائی

دیوتا آکر دیکھ رہے ہیں، کوی اُن کو چھڑا نہیں سکتا

جُنور جاپ بِسَرگا، بَرَنبھا بِسیس ڈُلائی

جوگی جپ کرنا بھول گیا، برمھا سر کو ہلا رہا تھا

۲۶۴۔ آمدنِ لورک نزدیکِ بُتخانہ و معلوم کردنِ خلق کیفیتِ جنگ۔

کَنوَر تَرائیں سُورج آوا   دیس لوگ مِل آگیں دھادا

(دیوتا پکارا) نازک عورتو سورج آگیا   مُلک کے لوگ مِلکر آگے دوڑ آئے

جِن پَٹھَے ہُت، بیگ بُلاوَہُ   کَرَم ہمار سَبَہیں چَل آوَہُ

جنھوں نے بھیجا ہے اُن کو فوراً بُلاو   ہماری خوش بختی ہوگی اگر سب چلے آو

چاندا مَینَہَہِ اَس گَئی گَہی   اَب لَہہِ اَس نَہ کاہوں سیوں بَھئی

چاندا میناں نے اِس طرح پکڑ رکھا تھا   اب تک ایسی کسی میں لڑای نہیں ہوی

سَنہِہِ نَہ بول، کوکَرہِت میراوا   تَس نَہ کوو جو آئی چھُڑاوا

بات نہیں سُنتی تھیں، کون میل کرائیگا   ایسا کوی نہیں ہے جو آکر اُن کو چھڑائے

جو اِنھ مَہنہ ایکو مَر جائی   ہَتیا لاگی، دیس بُرائی

جو اُن میں سے ایک بھی مرجائیگی   ہتیا لگیگی اور دیس میں بُرای آئیگی

کَنور تَرائن سُورج دُہنہ تُمہ پَیس چھُڑاوَہُ

اے حسینو، ستارہ، سورج، تم آگئے آکر دونوں کو چھڑادو

لاگ جائیگی ہَتیا، اُجرَت دیس بَساوَہُ

نہیں ہتیا لگ جائیگی، تم اُجڑتے ہوے دیس کو آباد کرلو

۲۶۵۔ آشتی کردنِ لورک میانِ چاندا و میناں۔

میر[1] مسعود کا دواو نارِیں   بِھنبھَر بھُوریں جوبَن باری

میر مسعود کی دو بیبیاں ہیں   دونوں تمتاتی ہوی جوان لڑکیاں ہیں

کَئی کھنڈ وانی دواو پیاوَیں   کوہی بَر جَریں، چھِرک بُجھاوَیں

دونوں کو شربت بناکر پلاتے ہیں   جلتا ہوا غصہ میٹھے بول سے بجھادیتے ہیں

باس کپورین پان کھواوَیں   ایک کھنڈ چھاپ آن پہراوَیں

خوشبو میں بسا پان کھلاتے ہیں   ایک طرح کی چھاپ کی ساڑی لاکر پہناتے ہیں

یہ گیان تُمہ چاند نَہ بُوجھو   میناں سیوں کو جُھوجھ نَہ جُھوجھو

اے چاندا تم نے یہ علم حاصل نہیں کیا   میناں سے کوی لڑای نہیں لڑنی چاہیے

اوچھی بات سُن چاند نَہ کیجیٔ   اُتَّر دیئی، آن اُتَّر لیجیٔ

اے چاندا سُن، اوچھی بات نہ کرنی چاہیے   جواب دوگی تو غیر سے جواب پاوگی

سِراج[2] دِین سُنو کبِ چھند، داود کہی سَنوار

داود نے سلیقہ سے کہے ہیں، اے سراج الدّین شاعر سے یہ شعر سُنو

میر[3] مسعود کا دواو ناریں، لائی دَھری اَنکوار

میر مسعود کی دونوں عورتیں اُن کو وہ بغل سے لگاکر رکھتا ہے

۲۶۶۔ بازگشتنِ چاندا از بُتخانہ سوے خانۂ خود۔

چاند سُکھاسَن مَندر چَلاوا   دیو مَنائیں لاچھَن پاوا

چاندا نے سواری کو گھر کی طرف روانہ کیا   اُس نے دیوتا کو منانے میں بدنامی پای

۲۶۵۔ بھوپال میں: رہا کردنِ ابر مسعود و جنگ و سامان دادنِ میناں را و منع کردنِ چاندارا۔ لیکن یہ عنوان غیر متعلق اور غیر واضح۔

[1] میر۔ لیکن پرمیشوری میں ہے مَرے سُودھ کے دواو ناریں، اور ماتا میں ہے میری سودھ الخ۔

[2] یہ نہ معلوم ہو سکا کہ یہ سراج الدّین اور میر مسعود کون لوگ ہیں۔

[3] میر۔ پرمیشوری میں: مرے سودھ کے، ماتا میں: میری سودھ کئی۔

۲۶۶۔ پرمیشوری: بازگذشتن چاندا بُتخانہ سوے خانۂ خود۔

جو دیو بارِ ہتہ لانچھن لاگا   جاتوں چندر میگھ تر بھاگا
جب دیوتا کے دروازے پر عیب لگ گیا   میں نے جانا چاند میگھ کے نیچے بھاگ گئی
سورہ کراں کرت اُجیاری   پونیوں رات بھئی اندھیاری
جو سولہ تو بیوں سے اُجالا کرتی تھی   وہ پونم کی رات اندھیری ہو گئی
چاند کلنکی چتہہ شکھاتی   ایک کھنڈ نایں تو کھنڈ جاتی
عیب پاکر چاندا دل میں رنجیدہ تھی   بات ایک کھنڈ میں نہیں تھی تو کھنڈ نے جان لی
اینہہ پر جائی مندر اُتری   کنوڑ[ع۱] ہوئی تو پاچھیں پری
اِس طرح سے وہ اپنے گھر جاکر اُتری   جل بھن کر پیچھے کے حصّے میں جاکر پڑ گئی

چڑھی چاند دھوراہر، سرو دھر بیٹھ نوائے
چاندا محل میں چڑھی، سر کو پکڑ کر جھکا کر بیٹھ گئی
نین گانگ مکھ دھوئے، مکھ مَنس دھوئی نہ جائی
مُنہ آنکھوں کی گنگا سے دھویا لیکن چہرے کی سیاہی نہیں دھلتی تھی

۲۶۷۔ بازگشتنِ میناں از بتخانہ سوئے خانۂ خود۔

چڑھی پالکی میناں ناری   ہنس کنور سب جوبن باری
میناں عورت پالکی پر سوار ہوی   ساتھ کی سب جوان لڑکیاں ہنس رہی تھیں
گوواں پوج کیس سکھ آئی   جئی سب گوہن دیو گھر گئی
(میناں بولی) دیوتا کو پوج کر آرام سے آ گیے   جب ہم ساتھ ساتھ دیوتا کے گھر گیے
کھنہہ چاند کر پانِ اُتارا   ہم سنہہ نارہہ چھنار بٹارا
یہاں میں چاند کی عزت اُتار دی   ہم سب عورتیں چھنال بد چلن ہیں ؟
ہنس ہنس پان اڈا کر کھاہیں   ملئیں سہیلن کوڈ[ع۲] کرا ہیں
ہنس ہنسکر بغیر چبائے پان کھا رہی تھیں   آپس میں مل کر سہیلیاں مذاق کر رہی تھیں

ع۱۔ کنوڑ (مرہٹی) = جل بھن کر خاک ہونا۔

۲۶۷۔ پرمیشوری : بازگذشتن۔   ع۲۔ کوڈ = پیار، دلار۔

پانِ اُترا، مَنس مکھ لائی   سو مَنسِ مکھ تھیں دھوئی نہ جائی
(میناں بولی) پانی اُتر گیا اُس کے مُنہ پر سیاہی لگ گئی   اب مُنہ سے سیاہی دھوی نہیں جائیگی

جھمکت آئی پالکی، سُکھ سوں مندر بیٹھ
پالکی جھمکتی ہوی آ گئی، آرام سے گھر میں داخل ہوی
گئی سہیلی گھر گھر، میناں سیج بیٹھ
سہیلی اپنے اپنے گھر گئیں، میناں بستر پر بیٹھ گئی

۲۶۸۔ پُرسیدنِ کھولن میناں را کیفیت بتخانہ۔

کھولن پوچھہ کہہ دھنِ میناں   دیو بارِ کس پائہہ بیناں
کھولن نے پوچھا اے اچھی میناں بتا   دیوتا کے دروازے پر تم نے کیسا بیناں پایا
ہوں تمہہ پوجئی دیو پٹھائی   او پاچھیں تیہہ چاندا آئی
مجھے آپ نے دیوتا کو پوجنے بھیجا   اور پیچھے سے چاندا بھی آگئی
ہم جاناں یہ سہیہ تمھاری   او برگھالت[ع۱] کرت دھماری[ع۲]
ہم سمجھے یہ آپ کی کوی ساتھی ہے   جوانی کی گرمی میں جو اُدھم مچا رہی ہے
تھور بہل جبریں کچھ پرتیوں[ع۳]   آج سیو چاندا کئی کیتوں
تھوڑا بہت جیسا کچھ واپس کیا جا سکا   آج میں نے چاندا کی سیوا کر دی
ای سب لورک کے اُپکارا[ع۴]   بیجی[ع۵] توسوں دیو دوارا
یہ سب لورک کے نیک عمل کا نتیجہ ہے کہ   وہ دیوتا کے دروازے پر مجھ سے بھڑ گئی

بھل بھئیو نوچیا اَد، چاند سکو سر آئی
اچھی طرح نوچا کھسوٹی ہو گئی، چاندا درست ہو کر آگئی

ع۱۔ اُبڑایں (مرہٹی) = اُبّے (کنّڑ) = گرم ہونا، دم گھٹنا، پکنا۔
ع۲۔ دھماری = دھمال = شور غل، گڑ بڑ، اصطلاح میں ملنگوں کی اُچھل کود، گدرکھپور میں دھمال نام کا ایک محلّہ بھی ہے۔
کُکرم کرم سنگ لاگیوں توریں   تو پھُن ہاتھ نہ لاگہِ موریں

بُرا کرکے میں تیرے ساتھ لگ آیا   پھر بھی تو میرے ہاتھ نہیں لگ سکی ہے

باٹ ماجھ ٹھکاوس[ع۳] کیہس بِرہ موہِ جار

راستے میں مجھے دھوکا دیتی ہے، اپنے فراق میں مجھے جلاتی ہے

لہن مور اُس ہی ہے، چاندا کَون کھور تمھار

میری قسمت ہی ایسی ہے، اے چاندا تمھارا قصور کیا ہے

ع۱۔ سُکوار = سُکمار = نازک۔   ع۲۔ گھات = چوٹ، زخم۔

۳۱۴۔ صرف بیکانیر میں۔   ع۳۔ ٹھکوڑیں (مرہٹی) = ٹھگنا، دھوکا۔

۳۱۵۔ گریہ کردنِ لورک از بیہوشیِ چاندا۔

چھاڑیوں بھائی باپ مہتاری   رجیوں بیاہی میناں ناری

میں نے بھائی، باپ اور ماں کو چھوڑا   اپنی بیاہی عورت میناں کو بھی چھوڑا

لوک کٹنب گھر و بار بساریوں   دیس چھاڈ پردیس سدھاریوں

وطن خاندان گھر بار کو بھلا دیا   دیس چھوڑا پردیس کو چل پڑا

گاؤں ٹھاؤں پوکھر انبرائی   پیر بِہر تِسریوں کوواں بائی

گاوں مقام، پوکھر اور آم کے باغ چھوڑے   گیلی زمین، کنویں اور باولی سے نکل آیا

ارتھ درب کر لوبھ نہ کینھیوں   چاند سنیہہ دیسنتر و لینھیوں

میں نے مال دولت کا لالچ نہیں کیا   صرف چاندا کی محبت میں جلا وطنی اختیار کی

بیچ ہوں باٹ پری کرتارا   نا دھن بھیئو نہ میت پیارا

اے کردگار، بیچ راہ میں مصیبت پڑی ہے   یہاں نہ عورت ہے نہ پیارے دوست ہیں

یہ رے بات سبھ جانہہ چاند مور ہوت پران

اِس بات کو سب جانتے ہیں کہ چاندا میری جان ہے

جو جیو جائی، کیا کس دیکھئی ہئیں کا کرب اپان

جب جان چلی جائے جسم کس لیے نظر آتا ہے، میں خود کو کیا کرونگا

۳۱۶۔ ایضاً۔

جیو پئارا، نسر نہ جائی   بِس نہ گانٹھ مرتیوں جیہن کھائی

جسم میں جو جان ہے، کیوں نکل نہیں جاتی   گانٹھ میں زہر نہیں ہے، جسے کھا کر مرجاتا

مرہوں کو نیں کر اپکارا   جیبھ کھانڈ ہن مروں کٹارا

میں کون سی صورت کرکے مرجاوں   تلوار سے ذبح ہوجاوں یا کٹار سے مرجاوں

۳۱۵۔ مانچسٹر لیکن بھوپال میں: تنہای و بیکسیِ خود نمودنِ لورک از برائے چاندا متعلق شدن۔ یہ بند نیز اور بیکانیر میں بھی ہے۔

۳۱۶۔ مانچسٹر لیکن نیز میں: گریستنِ لورک، فریاد کردنِ او۔ بھوپال میں: جانِ خود فدا ساختنِ لورک از برائے چاندا، واقعۂ حالِ خود باز نمودن۔

چاند مُویں، کِت پاوَئی لورا   ساتھ گئین، سو وَہ گین مورا

چاند مرگئی، لورک اُسے کہاں پائیگا   ساتھی گیی، گلا مروڑ کر تو بھی سوجا

نَین نیر بھر سایَر پاٹی   ناؤ چَڑھائی چاند گُن کاٹی

آنکھ کے آنسو سے سمندر پاٹ دیئے   ناؤ پر چڑھاکر چاندا نے رسہ کاٹ دیا

دَئی گُسائیں سِرجنہارا   توہِ چھاڈ کِس کروں پُکارا

اے خدا، مالک، پیدا کرنے والے   تجھے چھوڑ کر کس کی پکار کروں

جَس کینھیوں تَس پائیوں، رہیوں چاند مَن لائی

جیسا کیا میں نے ویسا پایا، چاند کو دل سے لگاکر رہ گیا

جو باور تِنسیں چِت باندھئی سو اَئسے ہِنہ پچھتائی

جو پاگل آدمی سے دل لگاتا ہے وہ اِسی طرح پچھتاتا ہے

۳۱۷۔ گفتن لورک درخت پاکر را۔

بَیرن بھئی سو پاکر رونکھا   جیہنہ تَر بَیس پَرا موہ دوکھا

دشمن ہوگیا یہ پاکڑ کا درخت   جس کے نیچے ٹھہرنے سے مجھ پر مصیبت آئی

کاٹ پیڑ جَر مُور اُپاروں   ڈار ڈار چِیر کَئی بارَوں

اس پیڑ کو کاٹ کر جڑ سے اکھاڑ ڈالونگا   ایک ایک ڈال کو چیر کر جلا ڈالونگا

سَرِ رَچ آگ جَیہوں دِس بارَوں   چاند لائی گین آپہہ جارَوں

چِتا بناکر چاروں طرف سے آگ لگادوں   چاندا کو گلے لگاکر خود کو جلا ڈالوں

دیس دیس موری بھئی گئی لاجا   سُورج چاند کت نس کئی بھاجا

ملک ملک میں میری شرم کی بات پھیل گئی   سورج رات میں چاند کو لیکر بھاگ گیا

اَب جو پیرت نہہ نہ اَو نِری باہَوں   نَرک کُنڈ سبھ پُرکھا باہوں

اب اگر محبت کو اور نہ نباہونگا   اپنے اسلاف تک کو قعرِ جہنم میں ڈالونگا

۳۱۷۔ مانچسٹر۔ لیکن مُنیر میں: ملامت کردنِ لورک از درخت را۔ شیرانی میں: دشمن نمودنِ لورک درختِ پاکر را بُریدن خواست برائے سوختنِ چاندا را (مقالاتِ شیرانی ج ۲ ص ۵۲)

پَت نَ ہوئی سَت چھاڈیں، ہان ہوئی کُر کان

حق چھوڑنے سے نفع نہ ہوگا، سارے خاندان کی عزت جائیگی

تورِیں بِیر جو سَر پہنچاؤں دِھیَہ پَرائی آن

بہادر جب ہونگا کہ اُسے چِتا تک پہنچادونگا، میں غیر کی بیٹی لے آیا ہوں

۳۱۸۔ گفتن لورک بر مار را و تأسف خوردن۔

کارے ناگ، سَتر، بَٹوارے   مین تِہ بِچھوہ دِینھ ہتھیارے

کیوں اے ناگ، دشمن، راہزن   اے قاتل تونے مجھے فراق دیا ہے

بَر وموہِ کھاتَس پَھٹ رے کُجاتی   کاہے دوکھے مور سنگھاتی

مجھے کھالیتا، اے بدذات تو برباد ہوجاے   تونے کس لیے میرے ساتھی کو دکھ دیا

تورِیں ٹھاؤں آئی جو بَسئی   پُرُد کہ چھاڈ مِیہرہِ کِت ڈَسئی

اگر کوی تیری جگہ پر آکر ٹھہر جاے   تو مرد کو چھوڑ کر عورت کو کیوں ڈستا ہے

مَنتر سِکت کَیئں سَتر چلاوا   کیئیں رے ناگ توں گو ہَن لاوا

کیا تو دشمن کی طاقت سے چلایا ہوا منتر ہے   یا اے ناگ تجھے کسی نے ساتھ لگا دیا ہے

کَئی توں باوَن بیر پٹھاوا   چاندہ ڈَسئی ناگ ہوئی آوا

کیا تو بہادر باون کا بھیجا ہوا ہے   چاند کو ڈسنے کے لیے ناگ ہوکر آیا ہے

جیہنہ کارَن مَئی جیو نِبارا، دیکھوں بَہُل سَنتاپ

جس کے لیے میں اپنی جان لیکر نکل پڑا اور بڑی مصیبتیں اٹھائیں

تیہہ سِیتَیں رَچ باہے اَرُو بیچ مارے ساپ

بد دعا نے بیچ راستے میں بے سبب اُس سے فراق پیدا کردیا ہے

۳۱۹۔ افسوس کردنِ لورک از مدہوشی چاندا۔

۳۱۸۔ مانچسٹر۔ لیکن مُنیر میں: ملامت کردنِ لورک و بد دعاے کردن مار را   اور
بھوپال میں: با مار گفتن لورک واقعۂ حالِ خود از برائے چاندا اندیشہ مند۔

۳۱۹۔ مانچسٹر لیکن بھوپال میں: بدکرداری خود نمودنِ لورک را و اندیشہ مند شدن برائے چاندا را۔
اور مُنیر میں: یاد کردنِ لورک ساعتِ بد اثر رفتن۔

گئی رے کدِن ہم پائینت دُھرا   گئی رنے کلاپ مانجرِ کر پرا

یا تو ہم نے کسی بُرے دن قدم نکالا   یا مانجر (میناں) کا صبر ہم پر پڑگیا ہے

گئی رے کٹنب جیو بھاری کیھاں   گئی رنے سراپ مائی موہنہ دیھیاں

یا خاندان والوں نے دل کو بھاری کیا ہے   یا میری ماں نے مجھے بددعا دی ہے

گھری دُھرت گئی پنڈت بھلاناں   گئی ہم کٹ سگن کیت پیاناں

یا پنڈت سے ساعت مقرر کرنے میں غلطی ہوئی   یا ہم نے بدشگونی میں سفر شروع کیا

اِت بڑ بھیئوں نہ چانٹ ڈکھائیوں   کون پاپ دئیا مئیں پائیوں

میں اِتنا بڑا ہوا لیکن چونٹے کو بھی تکلیف نہ دی   کس گناہ کی اے خدا مجھے سزا ملی ہے

یہ رے مہر دِھیئہ نارِ اُدُوسی   گئیں رے نپوتی چاندا کوسی

مہر کی یہ بیٹی بے قصور عورت ہے   کس بے اولاد نے چاندا کو کوسا ہے

گئی کیہو کچھ دئی ٹکراوا' دوس بھوئنگہہ لاگ

یا کسی نے کچھ دیکر اُسے مار دیا ہے' قصور سانپ کو لگ گیا

کون نیند تہنہ سوئیں چاندا' سپنہہ بھیؤ سہاگ

اے چاندا تم کون سی نیند سوئی ہو' میری خوشی خواب ہوگئی

۲۲۰۔ ایضاً' لہٗ۔

ناگ بھیس ہوئی دھن ہری   لورہ رام اَوَستھا پری

ناگ کے بھیس میں کس نے اِس عورت کو چھین لیا   لورک پر رام کی جیسی حالت آپڑی ہے

رامہہ ہنونت بھیؤ سنگھاتا   مُہنہ نہ کوئی بِن دئی بِدھاتا

رام کے لیے ہنومان ساتھی ہوگیا تھا   خُدا کے سوا کوئی میرا رفیق نہیں ہے

دُسر نہ کوؤ جو کرِ اُپکارا   سرجنہار دیؤ ہٗ نستارا

دوسرا کوئی نہیں جو تدبیر کرے   اے پروردگار آپ ہی مجھے نجات دلائیں

۲۲۰۔ مانچسٹر۔ لیکن بھوپال میں: واقعۂ حالِ خود نمودنِ لورک چنانچہ رام را افتادہ بود برائے سیتا را'
منیر میں: فریاد وزاری کردنِ لورک دعزبت و تنہایِ خود را۔

ہنونت سیتا کہہ دھسِ باری   لنکا کھونٹ[۱] کھونٹ پرجاری[۲]

ہنومان سیتا کے لیے محل میں گھس گیا تھا   لنکا کے گوشہ گوشہ کو جلا دیا تھا

ہوں پھُن چاند ہری جو پاؤوں   لنکا چھاڈِ پلنکا[۳] دھاؤوں

میں بھی اگر کھوی چاندا کو پاسکوں   لنکا کا کیا ذکر میں پلنکا تک جاسکتا ہوں

اَو کھد مور چاند جیہ جیئی' جو کوئی دیئی بتائی

وہ دوا کی جڑ جس سے چاندا زندہ ہو اگر کوئی مجھے بتادے

ساتو بادر سات بھُئیں اِک اِک ڈھونڈھوں جائی

ساتوں بادلوں' ساتوں زمینوں میں ایک ایک میں جاکر ڈھونڈھ لونگا

۲۲۱۔ ایضاً لہٗ۔

چاند لاگ مئیں بہت دکھ دیکھا   گنت نہ آوئی ایکو لیکھا

چاندا کے لیے میں نے بہت غم دیکھے ہیں   جو دیکھے وہ شمار میں بھی نہیں آسکتے

مارِیوں بانٹھ' کیئوں سدھ رائی   راکھیوں مہرا گئی مہرائی

میں نے بانٹھا کو مارا راجا کو سیدھا کیا   مہر کی میں نے بڑائی رکھ لی تھی

پریوں کھاٹ گئی پرم جو مارا   آئی برسپت دینہہ اَدھارا

عشق نے مارا تو میں چارپائی پر پڑگیا   برسپت آئی اُس نے سہارا دیا

ایک برس مٹھ دیوُر جاگیوں   جوگی بھیس بھیکھ پھُن مانگیوں

ایک سال تک مٹھ میں دیوتا کو جگایا   جوگی کے لباس میں پھر بھیک مانگتا رہا

پُرہا میل سرگ چڑھ دوڑا   سر سیوں کھیل چاند لئی آئیوں

رسہ ڈالکر محل پر چڑھکر دوڑا   سر پر کھیل کر چاندا کو لے آیا

چور چور کرنہ مارت اُبریوں تیئیں دھن لیئوں چھڑائی

چور چور کرکے مارے جانے سے بچا' اُس عورت کو میں چھڑا لایا

[۱] کھونٹ = کونا، گوشہ۔   [۲] پرجڑیں = ہتھیار اٹھانا۔   [۳] پلنکا = دور ترین خیالی مقام۔

۲۲۱۔ مانچسٹر۔ لیکن منیر میں: درد مندیِ خود گفتنِ لورک درخت مقابلِ آں۔ یہ بند پرمیشوری میں بند ۲۲۲ کے بعد۔

اَب تیئیں دَھن بَنکھنڈ کئی چھاڈیوں کِنہ گُہراؤں جائی

اب اُسی عورت کو جنگل میں چھوڑ دیا' کسے جاکر پُکاروں

۳۲۲۔ ایضاً لہٗ

سَنگ نہ ساتھی بَھیئیں بَھیئیں رووا   میت جو ہوت سو دَئی بِچھووا[۱]

ہمدرد ہے نہ ساتھی، وہ پھوٹ پھوٹ کر رودیا   ساتھی جو تھا اُسے خدا نے جدا کر دیا ہے

آنسو سایَر بَھرا پَٹائی   نَینَہِہ بَنکھنڈ روئے بَہائی

آنسوؤں سے سمندر بھر کر پاٹ دیے   آنکھوں سے رو رو کر جنگل کو بہا رہا تھا

کہہ کہہ چاند چاند گُہراوَئی   دُھن دُھن سیس نارِ پَئیں لاوَئی

چاند چاند کہکر وہ چلّا رہا تھا   سر کو دُھن کر عورت کے قدموں سے لگاتا تھا

اُتَر نہ دِیئی لور مُنہ جووا   ناگ ڈَسے بِس لہَریں سووا

جواب نہیں دیتی تھی لورک مُنہ تکتا تھا   سانپ نے ڈسا تھا' زہر کے اثر سے سوتی تھی

گاؤں ٹھاؤں ہوئی تہنہ دھاؤوں   بِکھَم اُجاڑ گُنی کِت پاوَوں

گاؤں ٹھاؤں ہوتا' میں وہاں جاتا   زبردست ویران ہے' گُنی کہاں پاؤنگا

مائی باپ کَر دولھ' دُکھ نہ جان کَس ہوئی

ماں باپ کی یہ پیاری دکھ نہیں جانتی تھی کیسا ہوتا ہے

جو سر پَرَئی تو وِہ پَئی جانیہ دُکھی ہوئی جِن کوئی

جب سر پڑتی تب ہی پتا چلتا ہے' کوئی بھی ایسا دُکھی نہ ہو

۳۲۳ ایضاً لہٗ

جَرَم نہ چھوٹ پَرَم کَر باندھا   پَرَم کھانڈ آہئی بِس ساندھا

محبّت کا بند ساری زندگی نہیں چھوٹتا   محبّت کی تلوار زہر میں بجھی ہوتی ہے

۳۲۲۔ مانچسٹر۔ لیکن منیر میں : در تنہائیگی و غریبیِ خود گفتنِ لورک ــ اور بھوپال میں : افسوس و زاری کردنِ لورک و تنہایِ خود آورد۔   [۱]۔ بِچھووا۔ بیوگ، فراق۔

۳۲۳۔ مانچسٹر۔ لیکن منیر میں : دردمندی و سوزِ عاشقیِ ایشاں۔

جِنہہِ یہ چوٹ لاگ سو جانی   کئی لورک، کئی چاندا رانی

جس کے یہ چوٹ لگی وہی جانتا ہے   یا لورک جانتا ہے یا چاندا رانی

کوئی نہ جان دُکھ کاہو کیرا   سوئی جان پَرَی جیہنہ پیرا[۱]

کوئی کسی کے غم کو نہیں جانتا ہے   جس پر مصیبت پڑتی ہے وہی جانتا ہے

پِرَم آنچ جِنہہِ ہِیَرے لاگئی   نیند جائی' تَپ[۲] تَپ نِس جاگی

محبّت کی تپش جس کے دل میں لگتی ہے   نیند اُڑ جاتی ہے' جل جل کر رات کو جاگتا ہے

سات سَرَگ جو بَرَسہِہ آئی   پِرَم آگ کئی سیں نہ بُجھائی

ساتوں آسمان اگر آکر برس پڑیں   محبّت کی آگ کسی سے بھی نہ بجھیگی

چِنگ ایک جو باہیر مارئی' اِیہنہ پَرَم کئی جھار

یہ محبّت کی آگ اگر اپنی ایک چنگاری بھی باہر نکالکر مار دے۔

بھَسم ہوئی جَر دَھرتی تِل ایک سَرَگ پَتار۔

ایک پل میں آسمان سے پاتال تک یہ زمین جلکر خاک ہوجاے

۳۲۴۔ ایضاً لہٗ

جیہنہ رِ پِرَم تیہنہ بِرَہ سَتاوَئی   بِرَہ جیہنہ تیہنہ پَرَم سُہاوَئی

جسے عشق ہے اُسی کو فراق ستاتا ہے   جسے فراق ہے اُسی کو عشق پھبتا ہے

پَرَم سیل آہئی اَنیارا   پَیگ نہ جور پِرَم کَر مارا

عشق کا زخم سب سے الگ ہوتا ہے   عشق کا مارا قدم نہیں ملا سکتا

پِرَم گھاؤ تیہنہ پوچھہ جائی   جیہئین یہ بھال کَریجَئیں کھائی

عشق کے زخم کو اُس سے پوچھنا چاہیے   جس نے کلیجے پر اِس کی برچھی کھائی ہو

پَرَم گھاو اَوکھَد ناہِ مانئی   پَرَم بان جیہنہ لاگ سو جانئی

عشق کا زخم دوا کو نہیں مانتا ہے   عشق کا تیر جس کے لگے وہی جانتا ہے

---

[۱]۔ پیرا = بَلا، جھنجھٹ۔   [۲]۔ تَپ = آگ، جلن۔

۳۲۴۔ مانچسٹر۔ لیکن منیر میں : در شوق و محبّتِ او گفتاری۔

بھل پھن ہوئی کھانڈ کر مارا   جرم نہ پلہہ پرم کر جارا

تلوار کا مارا پھر بھی اچھا ہو جاتا ہے   عشق کا جلایا زندگی بھر نہیں ٹھیک ہوتا

کو نہہ بھانت نہ چھوٹت دیکھیوں تیہہ رہے پرم کئی جھیل

اُسے جو عشق کا مبتلا ہے میں نے کسی طرح چھوٹتے نہیں دیکھا ہے

پرم کھیل سوئی پیئی کھیلئی جو سر سیتیں کھیل

عشق کا کھیل تو وہی کھیل سکتا ہے جو سر سے کھیلتا ہے

۳۲۵۔ دوم روز آمدنِ گنی و پاے افتادنِ لورک براورا۔

ایک دِن دوسر رَین نربہی   چاند نہ چھوٹ گہن جو گہی

ایک دن، دوسری رات گذر گئی   گرہن نے پکڑا تھا اُس سے چاندا نہ چھوٹی

مَن چنتا چکھ نیند گنوانی   دَئی دَئی کئی رَین بہانی[علہ]

دل کی پریشانی سے آنکھ کی نیند اُڑ گئی   خدا خدا کر کے رات آخر ہوی

لورک دیکھ نیرٔ[عٹہ] بھنسارا   چندن کاٹ کئی چتہہ سنوارا

لورک نے دیکھا کہ صبح قریب ہے   چندن کو کاٹ کر اُس نے چتا تیار کی

چاند کاندھ کیں سر پہنچائی   آنی آگ چتہہ سر گائی

کندھے پر اُٹھا کر چاندا کو چتا پر پہنچایا   آگ لاکر چتا کو سلگانے لگا

پھر جو دیکھ گنی اِک آوا   منترو بول او ڈھاک بجاوا

اِتنے میں دیکھا کہ ایک گنی آگیا ہے   منتر بھی بول رہا ہے اور ڈھاک بجا رہا ہے

گھال پاگ گینہ اُپنیں لورک پرا پائی بہرائی

اپنے گلے کی پگڑی ڈالکر لورک اُس کے قدموں میں گر پڑا

سووت سانپ ڈَسی دَھن چاندا توں موہ دیہہ جیائی

چاندا عورت کو سوتے میں سانپ نے ڈس لیا آپ میرے لیے اُسے زندہ کردیں

۳۲۵۔ مانچسٹر۔ لیکن مینر میں: دو شب و روز ماندنِ چاندا در بیہوشی۔

علہ۔ بہانی = گذری۔   عٹہ۔ نیرٔے = قریب۔

۳۲۶۔ (شریط) قبول کردنِ لورک مرگنی را۔

ہاتھ کَ مُندر کمرَ کَ تارا[عا]   کان کَ کُنڈر چاند گین ہارا

ہاتھ کے گجرے، کمر کے کانٹے؟   کان کے کنڈل چاند کے گلے کا ہار

اَور جو ساتھ گانٹھ ہئی مورے   دیہوں سبھی بلہارئیں تورے

اور جو میرے ساتھ گٹھری ہے   قربان کرکے سب میں آپ کو دونگا

کَرو اُپکار کرئی جو پارس[عٹ]   پِتا مور جو موہ نِستارس

اگر آپ کر سکیں تو یہ احسان کردیں   آپ میرے باپ ہیں مجھے مصیبت سے نکال دیں

تورَیں گنہیں چاند جو ہوں   دُہوں جرم چیر ہوئی رہوں

آپ کے کمال سے اگر میں چاندا کو پاجاؤں   دونوں جنموں میں آپ کا غلام رہونگا

جو نہ ہوئی پتیارو ہمارا   بچا باندھ گئی کرہو پتیارا

اگر آپ کو ہمارا یقین نہیں آتا ہے   قسم دِلاکر آپ یقین کر لیجیے

کُواں، ڈابھ، جل میلوں سَت سئی ہوئی تو لیوَوں

کنویں کی گہرای میں پانی ڈالوں یا سچائی سے یہیں لے لوں

جورے بَسَت مَئیں بولیں چاند جیتیں تُمہنہ دیوَوں

جو کچھ چیزیں میں نے کہی ہیں، چاند کو ہوش آتے ہی تم کو دیدونگا

۳۲۷۔ منتر خواندنِ گنی و ہوشیار شدنِ چاندا۔

کَون لوگ تُمہ گارور پوچھئی   ناؤ کہو اَو جا تِہنہ بوجھئی

سپیرے نے پوچھا تم کون لوگ ہو   نام کہو اور اپنی ذات سمجھاو

جات گووار گووَر مور ٹھاؤں   دَھن چاندا موہ لورک ناؤں

ذات گوالا ہے، گوور میرا گھر ہے   عورت چاندا ہے اور میرا نام لورک ہے

۳۲۶۔ مانچسٹر: شیر یتی قبول۔ الخ، مینر: زرینہ قبول کردنِ لورک حکیم افسونگر را۔

عا۔ تاڑا (مرہٹی) = کانٹا   عٹ۔ پارنڑ = تکمیل، پورا کرنا۔

۳۲۷۔ مانچسٹر۔ لیکن مینر میں: پرسیدنِ حکیم ذات و نامِ لورک و چاندا۔

گُنی کہا جن جیو ڈلاوُس — دھیرو باندھ اب چاندہ پاوُس

گنی نے کہا اپنی جان کو پریشان نہ کرو — اطمینان رکھو، اب چاندا کو پا جاوگے

بول منتر و پھر کس لئی پانی — اُترا بس چاندا انگرانی

منتر پڑھکر پانی لیکر چھڑک دیا — زہر اُتر گیا چاندا نے انگڑائی لی

دھائی لور دھر بانہہ اُچائی — پرم پیار چانپ گین لائی

دوڑ کر لورک نے بازو پکڑ کر اٹھا لیا — پیاری کو محبت سے چپٹایا، گلے لگا لیا

سرگ ہُت چاندا اُتر جن آئی دیکھ لور ہرسان

گویا چاندا آسمان سے اُتر کر آگئی، لورک دیکھکر خوش ہوگیا

کنول بھانت مکھ بگسا دکھ جو ہوت کُمھلان

چہرہ کنول کی طرح کھل گیا، جو غم تھا وہ دور ہوگیا

۲۲۸۔ ہوشیار شدن چاندا و دادن لورک گنی را زیور۔

ہیا سِرانِ[1] جرت جو اہا — دور کور تو پوچا[2] گہا

دل جو جل رہا تھا وہ مطمئن ہوگیا — لورک نے دوڑ کر اُس کا پونہچا پکڑ لیا

لورک رس کر آہ پیاسا — چاند ملی من پوجی آسا

لورک اُس کی محبت کا پیاسا ہے — چاند مل گئی دل کی مراد پوری ہوگئی

ابھرن آن کین سبھ لورا — ترون[3] بانس او سونئی چورا

لورک نے تمام زیور لیکر جمع کیے — کان کی جھمکی، ہنسلی اور سونے کی چوڑیاں

بھنور مور او کان ک پھیرے — مونڈ ٹنگ او کرین ک جورے

ماتھے کا زیور اور کان کی بندھی — سر کی مانگ اور ہاتھ کے جوڑے

ہاتھ ک کرپا سوون نا نتھی — انگوٹھی مانک گئی کا نتھی

ہاتھ کے کڑے سونے کی نتھ — انگوٹھی اور ہیرے کا ہار

۲۲۸۔ صرف مانچسٹر اور بیکانیر میں — ع۱۔ سِرانا = ٹھنڈا ہونا

ع۲۔ پوچا = پونچا (مرہٹی) پونہچا — ع۳۔ ترونی (مرہٹی) جوان عورت

انوٹ بچھوئی پایَر لور چاند گئی لینھ

چاندا کے انوٹ، بچھوے، پایل لورک نے سب لے لیے

اَرتھ دَرب او کھرگ کٹارا آن گنی کہنہ دینھ

مال دولت اور تلوار کٹار لاکر گنی کو پیش کر دیے

۲۲۹۔ آخر بسہر کھنڈ چند سخن فرمودن مولانا نتھن۔

داؤد[1] کب جو چاندا گائی — جین رے سنا سوگا مرجھائی

داود شاعر نے جب چاندا کی داستان گائی — جس نے بھی سنا وہ افسردہ ہوگیا

دھن تے بول دھن لیکھن ہارا — دھن تے اکھر دھن ارتھ بچارا

مبارک وہ کلام ہے، مبارک ہے لکھنے والا — مبارک حرف ہیں، مبارک ہے وہ جو بات سمجھ لے

ہردے نَ جات سو چاندا رانی — سانپ ڈسی کہوں سوئی کہانی

دل سے نہیں جاتی وہ چاندا رانی ہے — سانپ نے ڈسا، میں نے اُسی کا بیان کیا ہے

تور کہا مَیں یہ کھنڈ گاووں — کتھا کبت[2] گئی لوگ سناووں

تیرے کہنے سے میں نے یہ جزو گایا ہے — داستان کو شعر کر کے زمانے کو سنایا ہے

نتھن ملک دکھ بات اُبھاری — سنہہ کان دئی یہ گنہاری

اے نتھن ملک میں نے غم کی بات بیان کی ہے — صاحب ہنر اسے کان دیکر سنیں گے

اور کبت مَیں کروں بنتی سیس نائی کر جور

اور شعر میں عرض کرتا ہوں، سر جھکا کر، ہاتھ جوڑ کر

ایک ایک بول موتی جس پرو اکھوں[3] جو ہیرا تور[4]

ایک ایک سخن موتی کی طرح پرو کر کہا ہے جو ہیرا توڑ ہے

۲۲۹۔ مانچسٹر۔ لیکن جیر میں: داستانِ صفت مولانا داود و گفتارِ او۔ یہ بند بیکانیر میں بھی۔

ع۱۔ مانچسٹر: مولانا داؤد یہ گت گائی۔ لیکن خود اپنے لیے "مولانا" کہنا خلاف قیاس

ع۲۔ اکتیس حرفوں کی نظم — ع۳۔ آکھوں = میں نے بیان کیا۔

ع۴۔ اس کے بعد جیر میں ذیل کا بند ہے۔ (باقی صفحہ ۲۸۰ پر)

۲۳۰۔ روانہ شدنِ لورک و چاندا و رسیدنِ نزدیکِ ہردی۔

صفحہ ۲۳۹ سے مسلسل

وداع کردنِ لورک حکیم را۔

گارور نسمند چاند لئی چلا   اون ہیں بات کہسِ اتِ بھلا
بائیں دِسِ توں لور نہ جائسِ   داہنیں باٹ بہت پھر پائسِ
پرم بھلان وہ بول نہ مانی   باٹ چلت سہای نہ جانی
ڈانڈی گئی لورک چاند چلائی   داہنیں دِسِ دیں دِسٹ ملائی
سور آپن دنڈ جھاڑہ کہاں   جہاں بر جیہہ ٹھاڑھے تہاں
بار انتھوریں جائی تلانا لورک   سارنگپور
دِنکر مونڈ اُچاوا راتا   جَیس   سندور

اِس کے بعد پرمیشوری میں نسخۂ پنجاب سے چار ایسے بند نقل کیے گیے ہیں جن کی صحیح طور پر قرات نہیں کی جا سکی ہے۔ اُن کا ایک ایک مصرع اِس طرح ہے۔

ع بھائی جہایت اسپت دھاوا   ع لورک ہرک کھید گھرائی
ع راجا ہتا ایک متر کیتھاں   ع سُن کے مہور کوٹ اُچاوا

اِن کے بعد حسبِ ذیل کے بارہ بند بھی :

(الف) بیہوش شدنِ چاندا آنجا و لورک گفتن۔

اُٹھگی چاند تیں نیند بھل آئی   جس سپنیں ہوں ناگہنہ کھائی
کہسِ بچار پنتھ سر جاہیں   سپن دِ سوٹھک بوجھی ناہیں
سپنہِ چار مئیں سونکھ دیسی   کالھ رین جوبن منہہ پیٹھی
کرم ہمار سِدھ ایک آوا   جنہہ ہُت ہم تُہ پھیر مراوا
پاؤ سدھ گئی چھاڈیوں ناہیں   جب لگ جیوہنہ سیو کراہی
دیئی اُسیس سِدھ اُس بولا لورک توں مور بھائی
باٹ ماجھ ایک ٹونا جوگی، مت چاندہ لئی جائی

(ب) چوں لورک تزار در زیرِ افتد مارا یادکن۔

باقی صفحہ ۲۷۱ پر

جائی کوس دس اوپر بھئے   بہُل بھانت بر ہئیں ہُت دہے
دس کوس سے زیادہ چلکر وہ آگیے   بہت طرح کے غموں سے وہ پریشان تھے

صفحہ ۲۴۰ سے مسلسل

لورک جو تہہ پیرا پڑہی   چاند تور جو ٹونا ہرئی
دئی سنور مہنہ سنورسِ لورا   ٹھاؤں ٹھاؤں مئیں آوب تورا
اِتنا کہہ سِدھ چلا اُڑائی   چاند لور دوئی رہے لبھائی
گھر اِک سِدھوِیں بیٹھ نوائی   پُن اُٹھ چل گئی باٹ گھٹائی
دیوس چار جو چلتہہ بھئے   نگر ایک بیپار تہ گئے
لورک کہا چاند تم تہہ ہوں سونگر تہہ جاؤں   کنک اَن اُدلا دی، برجیوں کچھ کراؤں

(ج) درمیانِ بتخانۂ ہندواں چاندا را ماند۔

چاندِ مڑھی بئسار چھپائی   لور نگر مہنہ سودیں جائی
ڈِٹیں چھبو دیکھ توں پاوا   پھند لائی چاندا پہنہ آوا
آسن مار بیٹھ تنہہ آئی   اب موں پہنہ کیت چاندا جائی
سِنگی پور ناد تس کیا   بن بیسندر پراتہہ دِیا
سُنتہہ چاند بیدھ تس گئی   اُپجت مرن سنیہی بھئی
جٹس اہیریا پا بِردھ مرگ بیدھ لئی جائی
ٹونا بھیئو اہیریا چاندہ   گوہن   لائی

(د) پیترے افسونِ ایشاں کہ چاند را دیوانہ شد۔

سِنگی پور منتر سو لاوا   چاند سن کچھ چیت نہ آوا
چاندا گوہن لئی چلا بھلائی   گاوِ گیت اُو کچھ نہ کرائی
تیس سنگ بھئی چاند سبھاگی   گاؤں گاؤں پھر گوہن لاگی
دیکھ سِدھ اُو کنٹھ ادھاری   بھولی کچھ نہ سنبھاری باری
چاندہ بسرا سبھ سنسار   بسرا لور جین جیو ادھار

باقی صفحہ ۲۴۰ پر

سبھ نس آکھے پرم کہانی　　بات کہت اُٹھ رین بہانی

ساری رات محبّت کی کہانی کہتے رہے　　بات کرتے اُن کی رات گذر گئی

صفحہ ۲۴۱ سے مسلسل: سُنین ناد اَو رو رُئی　　پاچھیں ہیر نہ بار

لور آئی جو دیکھی مُرھی چاندا بِنُ اندھیار

(ک) چوں لورک آمد چہ بیند کہ چاندا در بتخانہ نیست۔

سون مُڑھی دیکھ لورک رووا　　کاہے کہنہ بدھ کینھ بچھووا

اُبہوں جور سرگ چڑھ دھاؤں　　تودَیہ کھوج چاند کر پاؤں

لورچہہ دِس بھم بھم آوا　　کھوج چاند کر رات نہ پاوا

رین گئی سپے چاند نہ پائی　　اُٹھا سُرج چلِ کھوج کرائی

آج رات جو چاند نہ پائی　　سارَس برو رَ مَرُوں اُدائی

ٹھاوں ٹھاوں جو لورک بوجھی وَ سُنا ایک بسدھ پائی

اُنتھیں سُرج چاند جس تریا ٹونٹا دیکھ لئی جائی

(ل) چون شنید لورک کہ دست پا بُریدہ بَر دَرَست۔

لورک جو ٹونٹا سُن پاوا　　کھوجتہ کھوج جائی نیرادا

نگر ایک بسَت سُدھ پائی　　ٹونٹا سنگ تریا ایک آئی

بیر نگر تو چاہن لاگا　　بھیک ہوت ٹونٹا کر راگا

سُنتہہ ناد لورگا آئی　　دیکھ چاند مَن رہی لُبھائی

دَورِ لور ٹونٹا کرَ گہا　　اَرِ بھکھارِ تہہ ماروں کاہا

دھری جٹالے چلا راو پہنہ تو پھراؤں سورِ

جھونٹہ جٹا گ بہراتیں اَوہٹ بھاچل دور

(م) چشم کشادہ کرد و دیدن ٹونٹا لورک را۔

آنکھ کاڑھ کے ٹونٹا دھاوا　　لور کہا ہُوں مین سپے کھاوا

باقی صفحہ ۲۴۲ پر

پہر رات اُٹھ چلے کہارا　　کوس چار پر بھا بھنسارا

ایک پہر رات کو کہار اُٹھکر چلدیے　　چار کوس پر سویرا ہوگیا

صفحہ ۲۴۲ سے مسلسل۔

لورک بھاگ چلا جو ڈرائی　　منت ٹونٹا مُہر بھسم کرائی

ٹونٹیں کہاں لور منگرادا　　بسدھ بچن ہیت مَن مہنہ آوا

بسدھ آئی لورک پنتھ ٹھاڑھا　　لورہ ٹونٹہہ بول جو باڑھا

دونوں کہنہ چاند مُر جوئی　　اَو تہہ ماجھ مُکلاوج ہوئی

چاندا ٹھاڑھی کوتک دیکھئی مُنہ مہنہ بکت نہ آوَ

یک کھیل اَو گیت بھلائیں راوُل سیس ڈولاؤ

(ح) درمیان جوگی و لورک گفتگو شدن۔

بسدھ کہنئیں تمھ کاہے جھو جھہہُ　　کرہُ گیان مَن منہہ بوجھہُ

سبھا کرہُ اَو کرہُ بچارا　　دُہنہ کو جیتی کو دُہنہ ہارا

جوجھئی چاہُ جو پوچھا بُھلا　　باہاں جورے لورک چلا

چاند ساتھ بھئی اَو بسدھ ہُوا　　بُھن نگر سبھا مہنہ گوا

نگر اُہاں پَے بَیٹھ جو دیٹھی　　اِندر سبھا برو سبھا بیٹھی

سبھا سنوار جو راوت بَیٹھ اُہاں پے جائی

چارِ کھنڈ کا نیاؤ نیارہِ ایکو پھرہ نہ جائی

(ط) بہر چہار کس سلام رسیدن۔

آئی چہنہ بِل کینھ جُہارو　　جوجھ مرت ہہنہ کرہُ بچارو

بولا سبھا کہہنہ دُہنہ آئی　　کہہ لاگ تمھ جوجھہُ بھائی

ایک ایک آپن بات چلادہُ　　جھوٹھ ساچ آپن تمھ پادہُ

اُٹھ لورک تو اُپنا کہا　　بَیٹھ ٹونٹیں یہ جیتک اُہا

باقی صفحہ ۲۴۴ پر

ہَر دین سیم ہُلائیں جائی   سَگُن بَھلی ایک پانڈُک کہائی

وہ ہلدی کی حد میں جاکر پہنچ گیے   ایک پانڈک اچھا شگون بتا رہی تھی

صفحہ ۲۴۴ سے مسلسل

سنگی پور چاند ہَر لینھا   سَگریں رَین کھوج میں کینھ

کھوجت پایوں ٹُونٹا' دَھریوں پھیرکے بار

جھونٹ جٹا لاگ پھرائیں جانان سَب سینسار

(ی) گفتنِ جوگی ایں زنِ من است۔

پوچھئی سَبھا کہَہہٗ دَنہہ لورا   کَون لوگ گھر کہواں لور

کہواں اُپَنسی تِری تَیئیں پائی   کاکَر دِھیَہ یہ کہواں جائی

کاہے نِسرہٗ دوئی جَن ہوئی   اِنَر ساتھ نہ اُہَہ کوئی

کَون پہنہ رہتٔ لورک آئیہَہ   کہواں جاہُ کہاں وہ جائیہہ

گھر ہُت کاہے نِسرے لورا   لوگ کُٹُنب کِچھُ کہی نہ تورا

کاہ لاگ تُھ نِسرے ساچ کہَہٗ تُھ بات

ہَم پُن دیکھ نِیاو نِیارہ بوجھ تُمھری بات

(ک) پرسیدنِ ذاتِ گوال اِسمِ لورک و زنِ چاندا۔

جات اُپو لورک ناؤں   گوور نگر ہَمار پور ٹھاؤں

سُہدیو ہَر کَنی چاندا دِھیا   ہَر بیاہ باوَن سیوں کِیا

باوَن کیرنارِ لئی آیوں   چاندا تِری ہَر دِھیَہ پایوں

ہُوں جو آہ چین بانٹھا حارا   اُیسوں راؤ روپچند ہارا

ہم پُن ہَردی پاٹن چالی   راجا ہَرُور کیں...کانی ؟

چاند سَنیہہ جو نِسریوں چھاڑِ کُٹُنب گھر بار

تُمھرے دیس یہ ٹُونٹا جوگی رَہا ہوئی بَٹ پار

باقی صفحہ ۲۴۵ پر

مِہرِ داہنیں بائیں کَر آوا   اَور داہنیں مِرگھ کَئی مارا

دائیں طرف عورت بائیں طرف کرال (چڑیا) تھی   اور داہنی طرف ہرن کی حالا (قطار) تھی

مِہرِ کہا ہُت داہنیں سَگُن ہوئی نہ پار

مہری (عورت) نے کہا دائیں بائیں اتنے شگون ہو رہے ہیں کہ شمار نہیں

تِنہہ اَرتھ تُمھ سِدّھ پاوہُ لورک جانئی سینسار

اِس کا مطلب ہے کہ تم کامیابی پاوگے' اے لورک یہ زمانہ جانتا ہے

۱۳۲۔ سلام کردنِ لورک راو را در شکار و پرسیدنِ راو جھیتم را۔

جھیتم راد اُہیرئیں چَڑھا   ہَردیں کہنہ ہنت دَئی جوگڑھا

راو جھیتم شکار کے لیے سوار تھا   ہلدی کے لیے وہ دیوتا کے درجے میں تھا

نِکَرت راد جو ہاریس سوئی   رائی بوجھ آہ آنہنہ کوئی

نکلتے ہی راجا کو اُس (لورک) نے سلام کیا   راجا سمجھ گیا' یہ کوئی اجنبی ہے

(حاشیہ صفحہ ۲۴۴ سے مسلسل)

(ل) گفتنِ جوگی کہ ایں زنِ من است۔

ٹُونٹا کہئی مور بار بیاہی   پَری راد تورئیں گواہی

سَبھا کہئی دُنہہٗ اَب کا کیجئی   اِنہہ رَ وہ کنہہ کَس اُتر دیجئی

دوؤ کہہ یہ موری جوئی   اِنہہ دُنہہٗ کہنہ ہَرساکھ نہ ہوئی

وہ ٹُونٹا یہ راوَن آہئی   دَھنِ پوچھہٗ دُنہہٗ وہ کا کہئی

چاندہ پُن کچھُ چیت نہ آوا   اُرئیس مَنتر پڑھ ٹُونئیں لادا

لور کہا یہ موری تِریا اَو مُہر گوہَن آئی

بھا بھکھار سہئے ٹُونٹا جوگی سَکَت چڑھئی لئی جائی

بندِ ی اور ل دونوں کا عنوان ایک ہے۔ آخری بند میں بھی "سَبھا" نے فیصلہ نہیں سنایا۔ اِن بارہ بندوں میں جو قصّہ نظم ہوا ہے ناقص ہے مثلاً بند ۶ میں ٹُونٹے کو دیکھ کر لورک دوڑتا ہے لیکن اگلے بند میں اُس کا خوفزدہ ہو جانا مذکور ہے۔ اُس کی قوّت اور بہادری گویا سلب ہو جاتی ہے۔

اُت گنوُنت آہ روپوُنتا   سَہس کَراں جَبَس مَیمنتا

نہایت صاحب فن اور وجیہہ شخص ہے   ہزار کمالوں والا، ہاتھی جیسا ہے

کو او نہ چینھ سَبھ کہِہنہ بٹاؤ   سَنگ سَنگ راجے پٹھُو ناؤ

کوئی نہیں پہچانتا، سب مسافر کہتے تھے   راجانے اُس کے ساتھ نائی بھیجا

جو تُھ چینھوں دیکھ لَئی آیسُ   جو پَردیسی اُتار دِوائسُ

اگر تم پہچان لو، تو دیکھکر لے آو   اگر پردیسی ہو تو ٹھہرنے کی جگہ دلادو

ہَردی پَئی ٹھے لورک کھور کھور پھِر آؤ

لورک ہلدی میں داخل ہوا، گلی گلی میں گھوم آیا

جانوُنت نگرِ تہِنہ چینھ نہ کوؤ، سَبھئی لوگ پَراؤ

جہاں تک شہر میں گیا کسی نے نہ پہچانا، سبھی لوگ پرائے تھے

۳۴۲۔ فرستادنِ راو حجام را بر لورک۔

راو دِینھ راوُل ایک آئے   اونچ مَندَر پٹار سوہائے

راجانے آکر ایک مکان دیدیا   مکان اونچا جس کی کرسی اچھی تھی

بَہُہ بِنان بَہُہ بھانت کَندار   گھرے اَنیک لائی سُت دھارا

بہت اچھا بنا تھا، بہت طرح کی نقاشی تھی   بہت سے معماروں نے لگ کر بنایا ہے

چُوترا اونچ نیک گھورسارا   لَئی لورک تہِنہ گھر بَیسارا

اونچا چبوترہ اچھی گھوڑسال تھی   لورک کو لیجا کر اُس گھر میں بٹھا دیا

اَرسی کاڑھ لور کر دینھیس   بات بوجھ کئے ناؤں لینھیس

آئینہ نکال کر لورک کے ہاتھ میں دیا   بات سمجھ کر اُس کا نام لیا

کَون دیس ہُت آئے گُسائیں   اِنہہ پاٹَن گونئیں کنہہ ٹھائیں

اے مالک آپ کس ملک سے آئے ہیں   اِس شہر میں کس جگہ جائینگے

ناؤں کہو تُھ آپَن او تِہنہ جیہہ لگ آئیہہ

آپ اپنا نام بتائیے اور آپ جس کے پاس آئے ہیں

نکرت راو دیکھ دَرسَن گُن   پوچھ پَٹھائیہہ

نکلتے وقت راجانے آپ کو دیکھا اِسی لئے معلوم کرنے کو بھیجا ہے

۳۴۳۔ جواب دادنِ لورک بر حجام را۔

سُن لورک اُس اوتر کہا   سَبھ پَروار کُنوَر[علے] مور آیا

یہ سُن کر لورک نے اِس طرح جواب دیا   میرا پورا خاندان شہزادہ ہے

گرہ سنتائے آن گھر آوِہنہ   کہا پنڈِت پَردیس دِکھاوِہنہ

ستاروں سے پریشان ہوکر غیر جگہ آئے ہیں   پنڈت نے کہا تھا پردیس دیکھ آو

بیری ہوئی گھر رَکت پیاسا   لَئی نہ دیہہ سُکھ نہہ سانسا

گھر دشمن ہوکر خون کا پیاسا ہو جاتا ہے   آرام سے سانس نہیں لینے دیتا ہے

لوگ چاہ اَہتائی کرہیں   مُکھ دیکھت ہُوں کان نہ دَھرہیں

لوگ علاحدگی اختیار کرنا چاہتے ہیں   مُنہ دیکھتے بھی کان نہیں دھرتے ہیں

جات گوورئی اہوں بڑوارو   لور گوور کر ناؤں ہمارو

ذات گوالہ ہے، میں بڑوں میں سے ہوں   گوور کا لور میرا نام ہے

گوور راجا سہدیو مہر، اُنہ کئی دھیہ دُلار

گوور کا راجا سہدیو مہر ہے، یہ اُس کی پیاری بیٹی ہے

جنہہ کارن لینھ دسنتر اوہئی سو چاندا نار

جس کے لیے ہم نے پردیس لیا، یہی وہ چاندا عورت ہے

۳۴۴۔ باز آمدنِ راو از شکار و معلوم کردنِ حجام کیفیتِ لورک۔

۳۴۲۔ مانچسٹر۔ لیکن بھوپال میں: پُرسیدنِ...... لورک را، و گفتنِ لورک

علے۔ پرمیشوری اور ماتا میں "گوور" لیکن سید حسن عسکری صاحب نے نسخۂ نیر میں "کنور" قرات کی ہے۔

اِس بند کے شعر ۲ میں بھی اُنھوں نے کنور ہی پڑھا ہے (معاصر حصہ ۱۲ ص۲۵)

۳۴۴۔ یہ بند صرف مانچسٹر میں نسخۂ شیرانی میں عنوان: باز آمدنِ راو جھیتم از شکار و پرسیدنِ حجام را۔ (مقالات ج ۲ ص۵۲)۔

ہوئی اُہیرسے راو گھر آوا　　ناؤ جائی کہئی کر پاوا

شکار کے بعد راجا گھر آیا　　نای نے جاکر ہاتھ پیر (کیفیت) بیان کیے

پوچھا رای کَوَن اِتھ آہا　　جس سُنال تس ناؤں کہا

راجا نے پوچھا یہ دونوں کون ہیں　　نای نے جیسا سُنا تھا ویسا بیان کیا

راو کہا کہنہ دیہنہ اُتارا　　اونچ مَندر نیک[1] گھورسارا

راجا نے کہا اُن کو کہاں اتارا ہے　　(نای بولا) اونچے مکان میں جس میں اچھا اصطبل ہے

ایہنہ نر نو کھنڈ پرتھمی جانئی　　جس دِنیر تس کرت[2] بکھانئی

اِس مرد کو نو اِقلیم کی زمین جانتی ہے　　جیسے سُورج ویسے ہی اُس کی شہرت ہے

سُن راجیئن اُس کرت کیہاں　　جو کچھ جگت مَندر اُنہ دیہاں

راجا نے سُنکر اِس طرح تعریف کی　　جو بھی دنیا میں ہے، اُن کے مقام پر پہنچا دیا

آہِ گوور کر لورک، ناؤن کہا جُہار

یہ گوور کا لورک ہے اے نای اُس کو سلام کہو

جنہہ کارن راؤ روپچند مارا اوہئ چاندا نار

جس کے لیے راجا روپچند کو مارا وہی چاندا عورت ہے

٣٣٥۔ آمدن لورک پیش راو جھیتم۔

کھیم کُسَر نِس کھول بِہانیں　　رنگ راتی نِس پریم کہانی

آرام، خوشی سے رات بسر ہوگئی　　محبت کی باتوں میں رات رنگین ہوگئی

دیئی پچھورا راو جو ہارا　　راؤ مَیا کئی لور ہنکارا

ایک پچھورا نذر کرکے راجا کو سلام کیا　　راجا نے مہربانی کرکے لورک سے خطاب کیا

راؤ پوچھہتہ تُمہنہ کیس آیہُہ　　باٹ گھاٹ کس آوَن پایہُہ

راجا نے پوچھا آپ کس لیے آئے ہیں　　راستے اور گھاٹ سے کس طرح آنے پائے

ع١۔ نیک = نیکھ (بیائے معروف) عمدہ، اصلاً یہ فارسی لفظ نیک معلوم ہوتا ہے۔ ع٢۔ کرت = عظمت، خوبی۔

٣٣٥۔ مانچسٹر۔ لیکن بھوپال میں: آمدنِ لورک بر راو جھیتم و سلام کردن۔

نگر موگیر جوہِ ہم آئے　　راو کرنگا بھوج ہنکرائے

جب ہم شہر مونگیر میں پہنچے　　راجا کرنگا نے بلا کر دعوت کی

دیکھن پائے رائی کے آیئوں　　دئی سنجوگیں آن مِرائیوں

راجا کے قدم دیکھنے ہم آئے　　خدا نے کرم کیا، لاکر مِلا دیا ہے

بھلیں لور تُم آیہُہ اِنہواں راکھہُ چِنت ہمار

اچھا ہوا اے لورک تم آگئے، ہماری طرف سے مطمئن رہو

جو کچھُ آہ ہمارین سو تُمہن جانُ تُمہار

جو کچھ ہمارے پاس ہے وہ تم سمجھو کہ تمہارا ہے

٣٣٦۔ اسباب دہانیدنِ راؤ بر لورک را و برگ سپردادن۔

سئیں ہاتھ رائے بان کر لیہاں　　بیر ہکار لور کہنہ دیہاں

راجا نے خود بانا ہاتھ میں لیا　　لورک کو قریب بلاکر اُس کو عطا کیا

سیس لائی کئی لورک لیتس　　رہنس کیکان رائی تُمہن دیتس

سر سے لگاکر لورک نے اُسے لیا　　پھر خوش ہوکر راجا نے اُسے گھوڑا دیا

تنہہ تُریا چڑھ لور بہراوا　　ہیَئیں تاجن گھور دَوراوا

اُس گھوڑے پر چڑھکر لورک نِکلا　　وہیں چابک مارکر گھوڑے کو دوڑایا

رہتا لور تُریہ جو پاوا　　بچن سُگن جو اِہواں آوا

یہ گھوڑا پایا تو لورک خوش ہوا　　یہ شگون کی بات تھی جو یہاں سامنے آئی

پُرکھ سوئی جو پر بھُئیں جائی　　جگت سُنئی جیہہ کرت بھلائی

مرد وہی ہے جو غیر جگہ میں جائے　　دنیا جس کی بھلائی کی باتیں سُنے

لور چاند گوور بسارا کیتیں ہردی پاس

لورک اور چاندا نے گوور کو بُھلا دیا ہلدی میں سکونت کرلی

برس دِوس اُد کیتک مانا کیہاں بھوگ بلاس

برس دن اور کئی مہینے تک عیش و عشرت کرتے رہے

۲۴۷۔ متاعِ خانہ و کنیزگان و غلامان و جامہا فرستادن راؤ لورک را۔

جناں سہس رچ راؤ دورائے   چینوَر کاپَر باگ پہرائے

راجا نے ہزار پسندیدہ غلام دوڑائے   جو وردی، کپڑے اور باگے پہنے تھے

ڈلائیں بہور بھر لینھیں   تے لئی چیر تہہ ماتھیں دیھیں

پھر بہت لحاف بھروا لیے   اُن کو لیکر باندیوں کے سر پر رکھدیا

چیر تہہ کانوَر کاندھیں کیا   ہردی، لون، تیل سب دیا

باندیوں کے کندھوں پر کانور (ٹوکریاں) رکھوادیں   ہلدی نمک تیل ہر چیز اُن کو دی

چیری دس چیر اَبھرن دیھیں   اُپَر سنجوگ جو کاؤ نہ دیھیں

دس باندیوں نے کپڑے اور زیور پہنچائے   اور بھی اسباب آرائش جو کسی کو نہ دیے تھے

اَن دَن بھانت کھٹیا اَہے   کھاٹ پالکی پالنگ لہے

طرح طرح کے کھاٹے کے سامان تھے   چارپائی، پالکی اور پلنگ بھی دیے

بہُل اَبھرن رائیہہ دیھیں چاندہہ جنہہ بروک

راجا نے بہت زیور دیے گویا وہ چاندا کی شادی میں دیے ہوں

لور چاند کَہہ نیا اَس کینھیں کو تنک بھیؤ سو لوک

لورک چاندا پر ایسی مہربانی کی جس سے زمانے میں بہت خوشی ہوی

۲۴۸۔ بخشش کردن لورک در شہر پاٹن را۔

ٹانکا سو ایک لورک لیھاں   بیڑیں گھال ناؤ کہہ دیھاں

سو ایک ٹکے لورک نے لے لیے   بیڑا ڈالکر (باقی) نای کو دیدیے

اَور ہہ دیھ جنہہ جس جاناں   سب ہی لوگ کہہ دیس باناں

اوروں کو دیا جیسا جسے سمجھا   سب ہی لوگوں کو خلعت عطا کیے

چیر بستر آگیں لئی آئے   جیہیٔ آئے سو سبھر چلائے

غلام کپڑے لیکر آگے آئے   جیسے آتے گئے بخشش میں دیتا گیا

۲۴۸۔ مانچسٹر۔ لیکن بھوپال میں: سخاوت کردن لورک برائے فقرا در شہر۔

کھول پٹارا کاپَر دیکھے   اَبھرن اَچھرن کینھ بسیکھے

صندوق کھولکر کپڑوں کو دیکھا   زیور پریوں کے لایق بنائے گیے تھے

چیر لوک بھرا کھر بارو   جس چاہت تس دیتہہ کرتارو

کپڑے کھرباروں میں بھرے چمکتے تھے   جیسا چاہتا ہے ویسا خدا عطا کرتا ہے

چاند سورج من رہنسے تل تل کرہہ بدھاؤ

چاند سورج دل میں بہت خوش تھے، خالق کی ستایش کرتے تھے

ایک سمو گووَر ہنت آئے ہردیں پاٹن رہاؤ

ایک وقت تھا جب گوور سے آئے تھے، اب ہلدی شہر میں رہتے تھے

۲۴۹۔ بیان کردن دشواری مَیناں۔

رَیں دکھ مَینہہ روئے بہائی   سبھ دن رہئی نین پنتھ لائی

رات کا دکھ مَیناں رو رو کر کاٹتی تھی   تمام دن آنکھوں کو رستے سے لگائے رہتی تھی

تک[1] لورک ایہنہ مارگ آوئی   کئی بہیا کے آپ جناوئی

شاید لورک اِسی راستے سے آتا ہو   یا کسی مسافر سے اپنی خیریت کہلوائے

رین دن جھروئی آس بیاسی   روَوئی کھن کھن ہوئے نراسی

رات دن وہ ناامید امیدوں میں سوکھتی تھی   ناامیدی سے وہ ذرا ذرا دیر میں روتی تھی

لور لور کہہ دن پُر آوئی   اَور بچن ہر نکھہہ نہ آوئی

لور لور کہکر وہ دن کو کاٹتی تھی   اور کوی لفظ منہ پر نہیں آتا تھا

تپتیں آچھئی رَین بہائی   جس مینھری بن نیر مرجھائی

جلتے جلتے رات گذر جاتی تھی   جیسے پانی کے بغیر مچھلی سوکھ جاتی ہے

برہ ستنائی مَیناں ایہنہ پَر دن اور رات

فراق کی ستای ہوی مَیناں اِسی طرح دن اور رات جلتی تھی

۲۴۹۔ صرف بھوپال میں

عا۔ تک (ہندی) چاہے، بلکہ۔ تنگ (مرہٹی) = پھر، آگے چلکر، تھوڑی دیر بعد۔

سَنہَہ لینھ دُکھ لوَرکہِنہ کیرا، برہا کینھ سنگھات

خود ہی لورک کا غم لے رکھا تھا، فراق کو رفیق بنا لیا تھا

۲۴۰۔ شنیدنِ میناں و کھولن کہ کسے بازرگان از طرفِ ہردی آمدہ۔

دَئی دَئی سُنوَن سُنی اِک باتا[ع۱]   آوا ٹانڈ[ع۲] کھاڑ سَئے ساتا

(میناں نے کہا) کان دے دیکر میں نے ایک بات سُنی ہے   کارواں آیا ہے جس میں سات سو تاجر ہیں

گئیں ڈیئں آئی سَنگت کئی میلا   پوچھِہہ آن کوَن جھئیں کھیلا

گاؤں کے تالاب پر اُس نے پڑاو کیا ہے   بُلا کر پوچھو وہ کس زمین سے آئے ہیں

کھولن نایک مَندَر بُلاوا   پوچھیس ٹانڈ کہواں ہُنت آوا

کھولن نے سپاہی کو گھر پر بُلایا   پوچھا یہ کارواں کہاں سے آیا ہے

کوَن بَنج لادِ چھیو پَردھاناں   کوَن راٹ تُہِنہ دیت بِیاناں

تُم اے پردھان کون سا سودا لادتے ہو   کن مُلکوں کا تم سفر کرتے ہو

کوَن لوگ، گھر کہاں تُمھارا   کوَن ناوں، کِنہہ کُٹنب ہنکارا

تم کون لوگ ہو، تمھارا گھر کہاں ہے   نام کیا ہے، کس خاندان کے کہلاتے ہو

آسا بُدھی پوچھوں جو پَردیسی آئی

جو بھی پردیسی آتا ہے میں اُمیدیں لیکر اُس سے یہی پوچھتی ہوں

مور بار پَردیس بِرودھا مکُ ہِنہ چاہ کو پائی

میرا بچہ پردیس چلا گیا ہے شاید کسی نے خبریت پائی ہو

۲۴۱۔ جوابِ دادن نایک کھولن را کیفیت بَنج۔

مَین، مَنجیٹھ، چِرَونج، سُپاری   نَرِیَر، گووا، لونگ، چھوہاری

موم، مجیٹھ، چرونجی اور چھالیا   ناریل، گووا، لونگ اور چھوہارا

۲۴۰۔ بھوپال۔ لیکن مانچسٹر میں: پرسیدنِ کھولن سرجن را پرسیدن اخبار لورک۔

ع۱ پریشوری میں "دیدی" لیکن شروع میں میناں نے ساس کو مائی کہا ہے۔

ع۲ ٹانڈا = سوداگری کے مال سے لدے ہوے بیل ع۳۔ کھاڑ = کارواں، تاجر۔

مودک، عَنہکوں، کُم کُم چلاوا   پَترَج، بَھبھی گِنَت نہ آوا

مودک، خوشبوئیں، کُم کُم لاتے ہیں   تیز پات، بھبھی بے شمار ہیں

پاٹ، پَٹور، چِینوَر بَہہُ بھانتی   ہیِنہ رِیہ سَہَس سَہَس کئی پانتی

ریشمی کپڑے اور لباس بہت قسم کے ہیں   جانور بھی ہزار ہزار کی قطاروں میں ہیں

ہَر پَنوار[ع۱] روپ بَہُہ تانبا   بُینا چِینا، اگرو بھر لانبا[ع۲]

ہر طرح کا مونگا چاندی اور بہت تانبا   خس کا قور اور اگر سے بھرے بورے

گووَر کا بانبھن سرجن ناؤں   ہَردی پاٹَن پَر جھئیں جاؤں

میں گووَر کا برہمن ہوں، سرجن نام ہے   میں پردیس کے شہر ہلدی کو جا رہا ہوں

بَرد سَہَس دَس آپَن اَور مِلیں بَہہ آئی

دس ہزار چوپاے اپنے ہیں اور بہت سے دوسروں کے بھی مل گیے ہیں

دَکھن ہتیں بھر لانبا پاٹن میلس جائی

دکھن سے اِس ٹانڈے کو بھر کر لاے ہیں پاٹن میں پہنچا ئینگے

۲۴۲۔ گریہ کردنِ کھولن و پاے سرجن افتادنِ میناں۔

سُن پاٹَن کھولن تَس روِوا   نَین نیر مُکھ بوڈ[ھ]کئین دھویا

شہر کا نام سُنکر کھولن ایسی روی   آنکھوں کے پانی سے بوڑھی نے منہ دھو ڈالا

مَیناں دَور پاین لئی پَری   سرجن بَئِس کہوں ایک گھری

میناں دوڑ کر قدموں میں آپڑی   میں کہتی ہوں سرجن ایک گھڑی بیٹھ جاو

ناہِہ مور ہَوں بارِ بیاہی   لئی گئی چاندا پاٹن تاہی

میرا شوہر جس کی بچپن کی بیاہی میں ہوں   چاندا اُسے پاٹن لے گئی ہے

لورک ناؤں سُرج کئی کَرا   سَولئی چاند ئین پاٹن دَھرا

لورک نام ہے وہ سورج کی طرح ہے   اُسے لیجا کر چاندا نے پاٹن میں رکھ لیا ہے

ع۱۔ پنوار = مونگا   ع۲۔ جو پھیل سکتا ہو، مجازاً بورا، تھیلا۔

۲۴۲۔ مانچسٹر۔ لیکن کلابھون میں: درپاے سرجن افتادن میناں را احوال گفتن او۔

موہِ تج سُورج چاند لئی بھاگا　　دوسر سمو آئی اب لاگا

مجھے چھوڑ کر وہ سورج چاند کو لے بھاگا ہے　　اب اُسے دوسرا سال آکر لگ گیا ہے

سبھ دِن نَین چوہِیہتہ، اَو سبھ رَیس جاگت جائی

سارے دن آنکھیں برستی ہیں اور ساری رات جاگتے جاتی ہے

مور سندیس لورَ کہتہ ایہہنہ پَر روئی بِہائی

میرا پیغام لورک سے کہتا، اِسی طرح رو رو کر گذارتی ہوں

۳۴۳۔ کیفیت ماہ ساون گفتنِ مَیناں بر سرجن آنچہ دشواری بود۔

ساوَن مانس نَین جھر لائے　　اگھرَ ہتہ ناہِہ دِن ایکو مائے

ساون کے مہینے میں آنکھوں سے جھڑی لگتی ہے　　وہ ایک دن کے لیے بھی رُکتی نہیں ہے

بَرَس بھرَئی بھُوئیں کھار کھنڈولا　　بھُوئیں تَس نو کیا چیر اُمولا

بارش سے زمین کے گڈھے، کنویں بھر گیے　　زمین نے نیا بیش قیمت لباس پہن لیا ہے

چَکھ کاجَر چَکھ رَہئی نہ پاوا　　کَھن کَھن مَیناں روئی بَہاوا

آنکھ کا کاجل آنکھ میں رہنے نہیں پاتا　　میناں گھڑی گھڑی رو کر اُسے بہا دیتی ہے

ساوَن چاند لور لئی بھاگی　　مَیناں نَین پور جھر لاگی

ساون میں چاند الورک کو لیکر بھاگ گیی　　میناں کی آنکھوں سے پوری جھڑی لگی ہے

اِہنہ پَر نَین چُوہِتہ اوکھانی　　سرگیی ہار ڈور تیہہ پانی

آنکھیں ایسے میں اولتی کی طرح برس رہی ہیں　　ہار کی ڈوری اِس پانی میں سڑ گیی ہے

جیہہتہ ساوَن تُمہ گنوَنے، سو مَیناں چکھ لاگ

جس ساون میں تم گیے ہو وہ ساون میناں کی آنکھ سے لگ گیا ہے

سرجن کہِس لورَ کہنہ ماںجَر کیر اَبھاگ

اے سرجن لورک سے کہدینا کہ یہ ماںجری (میناں) کی بد نصیبی ہے

۳۴۴۔ کیفیتِ ماہ بھادوں۔

۳۴۴۔ مانچسٹر، لیکن بھوپال میں: بستنِ ماہ بھادوں گفتن مَیناں پیشِ سرجن پیغام بجانب لورک۔

بھادَوں مانس رَیس بھئی اَندھیاری　　رَیَن ڈراوَن ہَوں دھن باری

بھادوں مہینے کی رات اندھیری ہو گیی　　یہ ڈراونی رات ہے اور میں کم سِن عورت ہوں

بیج چمک مور ہِیرا بھا گئی　　مَندرو ناتہہ بن دھئی دھئی لاگئی

بجلی کی چمک سے میرا دل ہل جاتا ہے　　شوہر کے بغیر مکان دھائیں دھائیں کرتا ہے

سَنگ، نہ ساتھی نہ سکھی سہیلی　　دیکھ پھاٹ ہیَہ مَندر اکیلی

ساتھ میں نہ ساتھی ہے نہ ہجولی نہ سہیلی　　گھر کو اکیلا دیکھکر دل پھٹا جاتا ہے

تیہہ دُکھ نَین پھوٹ رَیس بہے　　دھرتی بوڑ سایَر بھر رہے

اِس دُکھ سے آنکھیں پھوٹ کر بہہ نکلی ہیں　　زمین کو ڈبا کر اب وہ سمندر بھر رہی ہیں

نِکر چلوں، پَو چلی نہ جائی　　بھُمی بوڑ، رَہا جَل چھائی

میں نکل چلوں لیکن پیروں سے چلا نہیں جاتا　　زمین غرق ہو چکی، پانی اُس پر چھا رہا ہے

دُرجَن بچن سرَون کئی لور پُردیسہہ چھائیوں

درجن (خراب شخص) کی بات کان میں ڈالکر اے لورک تم پردیس چلے ہو

لاے نینَن دُہوں بَرکھا سرجن روئی بِہائیوں

دونوں آنکھوں سے بارش کی جھڑی لگا کر میں نے اے سرجن رو رو کر گذارا ہے۔

۳۴۵۔ کیفیت ماہ کنوار۔

چڑھا کُنوار اَگست جَناوا　　نیر گھٹئی پَئی کَنت نہ آوا

کنوار کا مہینہ آگیا، اگست ستارہ نظر آیا　　پانی کم ہونے لگا لیکن محبوب نہ آیا

پھول کانس ہانس سَر چھائے　　سارَس کلولہنہ کھنڈ رِچ آئے

کانس پھول گیی، تالاب میں ہنس بھر گیے　　سارس کلول کرتے ہیں، چڑیاں آگیی ہیں

چِروا بارہِنہ اَپُردب بارِیں　　اَت رَس کھیتی ناہہ پیارِیں

لڑکیاں تھالیوں میں چراغ جلا رہی ہیں　　پیاری اپنے شوہروں کے ساتھ عیش کر رہی ہیں

ع۱۔ بھاگڑیس (مرہٹی) = اکتا جانا، تھک جانا۔　　ع۲۔ سایَر = ساگر، سمندر۔

ع۳۔ کاس = کھیتی کی زمین، ایک لمبی گھانس۔ ع۴۔ سَر = تالاب۔

نوٗ رُت لاگ پتَر پکھ ہوئی   رائی رانک گھر سیج رسوئی

نو رُت لگ گیی، پتر پکھ منایا جارہا ہے   راجا رعایا سب کے گھر کھانے پک رہے ہیں

مونہہ پیو بِن نت پرئی اُپاسو   سنگ، نہ ساتھی بُھگت، نہ گراسو

محبوب کے بغیر میرے لیے ہمیشہ فاقہ ہے   کوی سنگ ساتھ نہیں ہے کھانا پینا بھی نہیں ہے

بارا آن[ع۱] ترُی پلان لور جانیوں   گھر آئیہہ

میں سمجھتی تھی کہ اِتنی مُدّت بعد لورک گھوڑے پر سوار گھر آئیگا

رہا چِنتہہ دھر مینچھ[ع۲] سرجن بھل دِن لائیہہ

وہ فکر کو دباکر بیٹھ رہا، اے سرجن تم بھلے دن لے آو

۳۴۶۔ کیفیتِ ماہِ کاتک۔

کاتک نِرمَل رَین سُہائی   جونہہ دادھ ہوں کھری سنتائی

کاتک کی رات ٹھنڈی اور سہانی تھی   میں فراق میں نہایت تکلیف میں رہی

تیہہ پر کامِن[ع۳] سیج بچھاوہِنہ   کنت اَمول بھینٹ گین لاوہِنہ

اِس وقت حسین عورتیں بستر بچھاتی ہیں   شوہر اچھّی ملاقات کرتے، گلے لگاتے ہیں

کہوں دِواری دیکھن آئی   اُتّم پرب رُت کھیلہنہ گائی

کہیں دیوالی دیکھنے آتے ہیں   عُمدہ موقع کی کیفیت کو گاکر مناتے ہیں

موہِنہ لیکھیں سب جگ اندھیارا   لئی گئی چاند مور اُجیارا

مجھے ساری دنیا اندھیری معلوم ہوتی ہے   چاندا میرے اجالے کو لیکر چلی گیی

ایہنہ بِروگ[ع۴] جو ناہہ نہ آوا   رہا چھاڑ پیو بھیئو پَراوا

یہی بروگ ہے کہ میرا شوہر نہیں آیا   محبوب مجھے چھوڑکر پرایا ہوگیا ہے

ع۱۔ بارا آڑیں (مرہٹی) = تین چوتھای۔   ع۲۔ مینچ = بند کرنا

۳۴۶۔ مانچسٹر ۔ بھوپال: سُرخیِ ماہِ کاتک گفتنِ میناں پیشِ سرجن پیغام بجانبِ لورک۔ کاشی: سُرخیِ ماہِ کاتک گفتنِ میناں پیشِ سرجن۔   ع۳ کامِن = حسین عورت۔

ع۴۔ بروگ = دشمنی، مرض، جنون۔

پایَن لاگ کئی سرجن موہیت جائی منائیہہ

سرجن تیرے قدموں میں پڑتی ہوں، میرے شوہر کو جاکر منا لینا

ہوواد یو اُٹھان بیر، پوجا مِنس گھر آئیہہ

اے بیر اب دیو اُٹھان ہوگیا ہے، پوجا کرنے کے لیے گھر آجاو

۳۴۷۔ کیفیتِ ماہِ اگہن۔

اگہن رَین باڑھ دِن کھیناں   دِن پر دِن جائی تَن چھیناں

اگھن میں رات بڑھ گیی، دن چھوٹا ہوگیا   روز بروز میرا جسم بھی چھوٹا ہورہا ہے

پَون جھَرک تَن سیو جناوا   سِیر گہت گھر کنت نہ آوا

ہَوا چلتی تھی جسم کو ٹھنڈی لگتی تھی   سردی پکڑکر بھی شوہر گھر نہیں آیا

برہا سترُ دیہہ دَوں[ع۱] لاوئی   بھسم کرئی مُکھ اَنگ چڑھاوئی

فراق کا دشمن جسم کو جلا رہا ہے   اُس کی خاک مُنہ اور جسم پر چڑھاتا ہے

کام دُگدھ را مان بیکرارو   اَس جیوَن جنِ ہوئی کرتارو

جذبات سے جلتی طبیعت بیقرار ہے   اے خالق ایسی زندگی کسی کی نہ ہو

چاند نِسوگی[ع۲] ہوں پیری بِگوتی[ع۳]   چھاڑ سوک[ع۴] رب کوں جھرسوتی

بے شرم چاندا کی وجہ سے میں غمگین ہوں   سوک (کانے یا دن) کو چھوڑکر سورج کو بھاتی ہے

ایہنہ پرہس[ع۵] رہ مَرہوں، چاند سُرج لئی بھاگ

اِس مصیبت سے میں رٹ لگاکر مرجاؤنگی چاند سورج کو لے بھاگی

آپن چھاڈ کر مُکھی سرجن پر گین لاگ

اے سرجن وہ کالے منہ والی اپنے کو چھوڑکر غیر کے گلے سے لگی ہے

۳۴۸۔ کیفیتِ ماہِ پوس۔

۳۴۷۔ مانچسٹر ۔ بھوپال: سُرخیِ ماہِ اگہن گفتنِ میناں پیشِ سرجن پیغام بہ جانبِ لورک۔

ع۱۔ دَوں = آگ۔   ع۲۔ نِسوگ = بے شرم۔

ع۳۔ بگوتی = کم نصیب، رنجیدہ۔   ع۴۔ سوک = توتا، منحوس۔   ع۵۔ پرہس = نقلی ہنسی۔

آئی پوس سائیں پنتھ جوؤں   کھن اک رات دِ وس نہ سوؤں

پوس آگیا، میں مالک کا راستہ دیکھ رہی ہوں   ایک پل کے لیے رات دن میں نہیں سوتی ہوں

سرجن کہنہ پر سیو سہارب   مرن نہ جائی جیئی کیئیں پارب[1]

اے سرجن میں سردی کس طرح برداشت کروں   مرا نہیں جا رہا تھا، جینا کیسے ممکن ہو

گھر گھر سور سپتیئیں ساجہنہ   گھرت مانس بہہ بھانتہنہ کھاجہنہ

گھر گھر میں گدّے لحاف تیار ہوتے ہیں   گھی گوشت بہت طرح سے کھاتے ہیں

ہئیں تن چولا چیر نہ سہائی   پیو بن روہتاس[2] جن لائی

میرے جسم پر چولی اور ساڑی بھلی نہیں لگتی   محبوب کے بغیر گویا جسم میں آگ لگی ہے

جانیوں سِر کنت سن آوت   رائی رانک گھر لئی دھن رانوت

میں جاڑے کو جانتی جب شوہر کا آنا سنتی   راجا پرجا گھر میں عورت کو لیکر عیش کرتے ہیں

سرجن لور بنج گا، ہوں نت ڈھاریوں آنس

اے سرجن لورک سودے کے لیے گیا، میں مسلسل آنسو گرا رہی ہوں

کون لابھ کہنہ بھولئی لورک، پونجی ہوئی بنانس

اے لورک تو کس نفع کے لیے بھولا ہے، سب پونجی برباد ہوجائیگی

۳۴۹۔ کیفیت ماہ مانس۔

ماہ مانس نس پرئی تسارو[3]   کنپہہ ہار ڈور تھنہارو

ماگھ کا مہینہ آیا جس میں پالا پڑتا ہے   پستانوں پر پڑی ہار کی ڈوری کانپتی ہے

کنپہنہ دسن[4]، نیر چکھ جھرا   برہ انگیٹھی ہینہ اُر دھرا

دانت کانپتے ہیں، آنکھ سے آنسو گرتے ہیں   سینے پر فراق نے انگیٹھی رکھدی ہے

ایک برہ ہیں، اَرو ڈہیوں تُسارا   بھاری پیرہ یہ جون[5] ہمارا

ایک تو فراق اور پھر پالا پڑتا ہے   ہمیں یہ زندگی بھاری پڑ گیی ہے

[1] پارب = طے کردنگی، گذاروںگی۔ [2] روہتاس = بیقراری، بیزاری۔ [3] تسار = تکھار = پانی کی پھوار، برف، اوس۔ [4] دسن = دانت۔ [5] جون = مسلمان عورت، وہ جس کے لیے دنیا قید خانہ ہوتی ہے۔

تمہنہ بن ناہہ اُہِس ہوں بھئی   پُرئن جئِس بھونج دہ گئی

اے شوہر تمھارے بغیر میں ایسی ہوگئی   جیسے کونپل جلکر جھن گئی ہو

بھر ہیونت بھور انک[1] لائیوں   لئی گئی چاند سرج کت پائیوں

سردیوں بھر صبح تکلیف دیتی رہی   چاندا لے گئی، میں سورج کو کہاں پاوں

ہیونت موہ بسار پیچھ[2] پر کامن رانوئی

سردیوں میں مجھے بھلاکر ملیچھ غیر عورت سے عیش کررہا ہے

سرجن میئوں تسار بیگ کہہ سورج آوئی

سرجن میں پالے سے مرگئی، جلدی کہو کہ سورج آجائے

۳۵۰۔ کیفیت ماہ پھاگن۔

پھاگن سیو[3] چوگن کہا   اَچھر پون ست گن ہوئی رہا

کہتے ہیں پھاگن میں سردی چارگنی ہوتی ہے   سنسناتی ہوا ساتگنی ہورہی ہے

کاگ سراہوں[4] لورچو آوئی   سیو مرت گین لائی جیاوئی

کوّے کی خوشامد کرتی ہوں، لورک آجائے   سردی سے مرتی کو گلے لگاکر جلالے

گھر گھر رچہنہ ڈنڈا ہرباریں   اَت سہاگ یہ راج دُلاریں

گھر گھر میں لڑکیاں علم تیار کرتی ہیں   یہ راج دلاری نہایت عیش کرتی ہیں

مکھ تنبول، چکھ کاجر پورہنہ   آنک[5] مانگ سر چیر سیندو رہنہ

منہ میں پان، آنکھ میں کاجل لگاتی ہیں   مانگ نکالتی، سر کو چیر کر سندور بھرتی ہیں

ناچہنہ پھاگ ہوئی جھنکارا   تیہنہ رس کھلئیں سبئی سنسارا

ناچتی ہیں پھاگ کا شور مچ رہا ہے   اِس کے عیش سے دنیا مست ہورہی ہے

رکت روئی نئیں تس، کئی چولِ چیر رتنار

میں اِس طرح خون روی، چولی ساڑی لال کرلی

[1] آنک = نشان، گودا، کلنک۔ [2] پیچھ = ملیچھ، قابلِ نفرت۔ [3] سیو = سردی۔
[4] سراہوں = تعریف کروں۔ [5] آنک = لکیر، سیدھی۔

کہہ سرجن تور نیناں، بھئی ہوری جر چھار

اے سرجن کہہ کہ تیری نیناں جلکر ہولی میں راکھ ہوگی

۳۵۱۔

چیت بنسپت کری نکارا   ہر پر برن سیت رتنارا

چیت میں پودوں نے کلیاں نکال لی ہیں   وہ ہرے لباس والے سرخ سفید ہوگئے ہیں

پھنیں کرو اچندن گندھاناں   کسم باس سہہ بھورو لبھاناں

کنول کھل گیے، چندن مہک اٹھی   کسم کی خوشبو پر بھنورے فریفتہ ہوگیے

سرجن آہی بسنت تلاتا   پیو پر بیلی دیکھ لبھاتا

اے سرجن بسنت رت آپہنچی   محبوب غیر کی بیلی (عورت) دیکھکر) عاشق ہوا ہے

کنت بسنت جو نہ گھر آوے   رت بسنت موہ دیکھ نہ بھاوے

شوہر بسنت میں اگر گھر نہ آے   بسنت رت کا دیکھنا مجھے اچھا نہیں لگتا

لورک آئے دیکھ پھلواری   تمھ بن سوکے نار گواری

اے لورک تو آکر اپنی پھلواری دیکھ   تیرے بغیر یہ گوالن عورت سوکھ گئی

یکسر نار مرے رنس، کانٹیں وہ سیج بچھاوے

یہ عورت اکیلی رات میں مرتی ہے، کانٹوں پر بستر بچھاتی ہے

کہہ سرجن دھن پاس تت رتل ایک نہ پاوے

اے سرجن کہتا کہ وہ عورت ایک لمحہ کے لیے تیرا قرب نہیں پاتی ہے

۳۵۲۔

بیساکھاہ جو تروَرو پھرا   ہیرے لائی لورک ہی دھرا

بیساکھ میں جب درختوں میں پھل آنے لگے   میں نے دل میں لورک ہی کو لگاکر رکھا ہے

ترو انبراؤں راکھ کیو پارا   برس آئی پیو آنب سہارا

تیرے آم کے باغ کی حفاظت کس طرح کی ہے   اے محبوب اب تم آکر آم کا مزا لے لو

۳۵۱۔ یہاں سے چار بند حرف بیکا نیر میں۔

نہ جانوں کرہ کون بن رہا   سرجن موکو سنوں تور کہا

نہ معلوم تم کس جنگل میں رہتے ہو   اے محبوب میں بھی کہیں تیری آواز سنوں

کرکراپ دن دکھ بھر کاڑھو   نین رکت رت مارگ[1] چڑھو

میں کراہتی ہوں اپنے دن کے درد کو نکالتی ہوں   آنکھوں کا خون بہت راستے پر چڑھاتا رہا ہے

آوہ سترہیں بیر گسائیں   کھر ہوئے بھان تپئے بن سائیں

اے بہادر مالک تم جلدی آجاو   مالک کے بغیر سورج ظاہر ہوکر تپتا ہے

گو بسنت رت آہ ہر سائیں سیج نہ آیوں

اسی طرح بسنت رت بھی چلی گئی، مالک بستر پر نہیں آیا

سرجن تاہ بھنور پر داکھ بیل پھر رایوں

اے سرجن تیرا شوہر بھنورا ہے، غیر کے انگور کی بیل اور پھل سے لطف لیتا ہے

۳۵۳۔

تس کے چاند سرج کن جپا   جیٹھ ماس مہہ اپر تپا

چاند نے اس طرح سورج سے عیش کیا ہے   جیٹھ کا مہینہ زمین پر تپنے لگا

تپتاہ جم، آہوں دہی   برہ کہانی موسو کہی

جب دنیا تپنے لگی، میں بھی جلنے لگی   اس نے فراق کی داستان مجھ سے کہی

ایس تپے کھڈ وانی نہ جانو   سیتر نیرو دگدھ پے مانی

ایسی گرمی میں میں نے شربت نہیں جانا   ٹھنڈے پانی سے دل میں آگ لگتی ہے

تہہ گن چندن انگ نہ چراوَوں   بینا پرمل اَرو نہ لاوَوں

اسی وجہ سے جسم پر چندن نہیں لگاتی ہوں   بینا، پرمل اور اگر بھی نہیں لگاتی

[1]۔ ہندوی کے قدیم شعرا مارگ (بہ سکونِ را) کو مارَگ (بہ فتحۂ را) نظم کرتے رہے ہیں چنانچہ شیخ عبدالقدوس گنگوہی کے درج ذیل ریختے میں بھی ہے ؎

صدق رہبر، صبر توشہ، دشت منزل، دل رفیق   ست نگری، دھرم راجا، جوگ مارگ نرملا

۳۵۲۔ حرف بیکانیر میں۔

رُچ رُچ مَڑھ چھاوَہِ اُدھیاری — پیو گھر رَوَن رَوَتہہ جَگ یاری

لوگ خوش ہو کر گھروں کو چھا رہے ہیں — دنیا کی لڑکیاں محبوب کے ساتھ گھر میں عیش کرتی ہیں

سرجن تپت جَنَم گا سُرج بار جَن یوہ

اے سرجن یہ زندگی جلتے گذری جیسے نہر کا (گرم) پانی

مور سَندیس لورک سو کہیہ جَر تاہ آئے بُجھائیہہ

تم لورک سے میرا پیغام کہنا کہ وہ آکر جلتی آگ کو بجھائے

۲۵۴-

آئے اُکھاڑھ[1]، میگھ گُرّانے — تر نَروے جَھمی انگراتے

اساڑھ آگیا، بادل غرّانے لگے — آدمی اور زمین کے سب بسنے والے انگڑائی لیتے ہیں

چھاوَہِ مَندَر جو گھر سارا[2] — دیپ گئے بَہرے بَنجارا

جو ٹپک رہے تھے سب اُن گھروں کو چھانے لگے — جزیروں کو گیے ہوے سوداگر واپس آگیے ہیں

سَب کو، چِنت کَرے گھر کیری — موہِ گھر چنت ناہ اُوسیری[3]

ہر آدمی اپنے گھر کی فکر کر رہا ہے — مجھے گھر کی پریشانی ہے کہ شوہر پردیس میں ہے

پیہ برہے تَن ماس گھٹاوا — گا اُکھاڑھ پے کَنت نہ آوا

محبوب کے فراق میں جسم کا گوشت کم ہوگیا — اساڑھ بھی چلا گیا محبوب نہیں آیا

جیرا مور ناک ہوئے رَہا — پیہ بن مَرن نتہہ کو سَہا

میرا دم ناک میں آکر رہ گیا ہے — محبوب کے بغیر مرنا ہے، تجھ کو کون گوارا کرے

سرجن ساوَن بہر یہہ لاگا کہہ مَیناں اَب نہ سنبھارے

اے سرجن ساون پھر آرہا ہے تو کہہ کر وہ اگر اب میناں کو سنبھالے

ہَر بھَنڈار، کَر ٹیکا، نَین لوہ، بھَر ٹھارے

وہ اپنے گھر، ہاتھ ٹیک کر، آنکھوں میں لہو بھر کر، کھڑی رہتی ہے

۲۵۴- صرف بیکانیر میں۔ — ع[1]۔ اُکھاڑھ = اَساڑھ، اِس کا تلفظ آشاڑھ بھی۔

ع[2]۔ سارنا = مکمل کرنا۔ — ع[3]۔ اُوسیری = فکر۔

۲۵۵- ہمہ حالِ خود گفتنِ میناں پیشِ سرجن پیغام بجانبِ لورک۔

مَیں سَبھ دُکھ تُمہنہ آگیں رووا — چاند ناہہ مَڑ دیہہ بِچھووا

میں نے اپنا پورا دُکھ تمھارے سامنے رو کر کہدیا — چاندا نے میرے شوہر کا فراق دیا ہے

توں ہَر پورنیوں چاند سپونی — گھٹ رُت[1] کینی سیج مور سونی

تو پوری طرح اے چاندا لوٹ کرلے گی — میری سیج، میری رُت تو نے سونی کردی

کہو سرجن اَس چاند نہ کیجئی — ناہہ مور موہِ دُکھنا[2] دیجئی

اے سرجن کہہ کر اے چاندا ایسا نہ کیجیے — میرا شوہر تم مجھے بخشش دو

ایک بَرَس مور گا بِن ناہاں — دَئی کا ڈر و کیجئی چِت ماہاں

میرا ایک سال بغیر شوہر کے چلا گیا — تو اپنے دل میں خدا کا خوف کر

تہوں آہ تِریا گئی جاتی — پیہ بن مَرس رَین ہیہ پھاٹی

تو بھی عورت کی ذات ہے — محبوب کے بغیر رات میں مرجائیگی، دل پھٹ جائیگا

توں رے نِسوگی[3] تار، سوگ نہنہ مَن ماہہ جانس

تو بے غیرت عورت ہے، اپنے دل میں دوسرے کا غم کرنا نہیں جانتی

لیغیں پھر ناہہ مور، کَس او ہوں نہہ آنس

میرے شوہر کو لے لیا ہے، اب بھی تو اُسے واپس کیوں نہیں کرتی

۲۵۶- واقع حالِ خود گفتنِ میناں پیشِ سرجن پیغام بجانبِ لورک۔

کاہے کَنہہ بِدھ ہوں اَوتاری — بَرد اَو تَرت نہہ مَر تیوں باری

خدا نے کس لیے مجھے پیدا کیا ہے — مجھے پیدا ہوتے ہی لڑکپن میں مار ڈالتے

چاند مَیا کَر، دَئی آہِ[4] باتو — موہنہ بار سَر[5] اُوپَر چھاتو

چاندا تو رحم کر تو میرا سہاگ دیدے — میرے سر پر اُس کا سایہ آنے دے

ع[1]۔ گھٹ رُت = شش رُت = چھ موسم۔ — ع[2]۔ دُکھنا = دَکھشنا = بخشش۔

ع[3]۔ نسوک = نسوگ (مرہٹی) بے شرم۔ — ۲۵۵- یہاں سے دو بند نسخۂ بھوپال میں بھی۔

ع[4]۔ آہِ وا (مرہٹی) خوش نصیب عورت، سہاگن۔ — ع[5]۔ بارھویں دن کی تقریب۔

یہ دُکھ بھارو تُہئی کوٗ پارئی   تیہہ نِس رُوئی دِوس موہ جارئی

اِس زبردست دکھ کو کون برداشت کریگا   یہی رات میں رُلاتا، دن میں مجھے جلاتا ہے

سُتہس کراں سُرگ پرگاسِ   بارہ مُندر سیج توں ڈاسِ

سولہ انداز سے تو آسمان کو روشن کرتی ہے   بارہ بُرجوں میں تو اپنا بستر سجاتی ہے

سُتہس کراں سورج اُجیارا   سائیں مور توہِ بھیؤ پیارا

میرا سورج ہزار طرح سے اجالا کرتا ہے   وہ میرا مالک ہی تجھے پیارا لگا ہے

پائین پروں جو اگونسِ[ع۱] اُو سرجن پوجا ساروں

